۱۲۰ سالہ قدیم فارسی سوانح مع اردو ترجمہ

معین الاولیاء

۱۳۱۳ھ

تالیف

حضرت دیوان سید امام الدین علیخاں چشتی

ڈپٹی کلکٹر اجمیر و سجادہ نشین حضور غریب نواز

مترجم: حضرت علامہ قاضی شاہ سید اعظم علی صوفی قادری حیدرآباد (دکن)

معاون مترجم: پیرزادہ مولانا سید سراج الدین معینی اجمیری

ناشر

سلطان الہند پبلی کیشنز حویلی دیوان صاحب درگاہ بازار اجمیر شریف

نام کتاب : معین الاولیاء (فارسی)

موضوع : سیرت (سوانح عمری)

مؤلف : حضرت دیوان سید امام الدین علیخاں چشتی
ڈپٹی کلکٹر اجمیر و سجادہ نشین حضور غریب نواز

حسبِ فرمائش : خواجہ سید غیاث الدین چشتی جانشین دیوان سید صولت حسین صاحبؒ

مترجم : علامہ قاضی سید شاہ اعظم علی صوفی قادری صدر جمعیۃ المشائخ

معاون مترجم : پیرزادہ سید سراج الدین معینی فاضل جامعہ نظامیہ

سن اشاعت : ۱۴۳۴ھ مطابق ۲۰۱۳ء

تعداد بارِ اول : ایک ہزار

قیمت : Rs 500 (پانچ سو) روپئے

ناشر : سلطان الہند پبلی کیشنز، حویلی دیوان صاحب، اجمیر شریف

ملنے کا پتہ : چشتیہ بکڈپو۔ نزد جنت ہوٹل، چشتیہ مارکیٹ، اجمیر

موبائل نمبر : 09461592786,09460933025,09829217860

Moinul Aulia

By: **Qazi Syed Imamuddin Alikhan Sb.**
Dy. Collector & Sajjada Nashin Dargah Khwaja Sb. Ajmer Sharif
Translated By: **Qazi Syed Shah Azam Ali Sahab Soofi**
President, Jamiatul Mashaikh Hydrabad
Published By: **Sultanul Hind Publications**
Haveli Diwan Sahab, Dargah Bazar, Ajmer
Available at: **Chishtiya Book Depo**
Near Jannat Hotel,Under Haveli Diwan Sahab,Ajmer

ھوالمعز

تہدیہ

میں اپنی اس علمی کاوش کو سلطان الہند حضور خواجہ غریب نواز قدس سرہ کی بارگاہ بیکس پناہ میں بطور خراج قلب ونظر پیش کرتا ہوں جن کی چشمِ فیضان کی بدولت اس مبارک کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کا مجھے حوصلہ نصیب ہوا۔

نیز

تقدس مآب حضرت دیوان سید صولت حسین علیخانؒ سابق سجادہ نشین آستانہ اجمیری کی روح پرفتوح کو اس کا ایصال ثواب کرتا ہوں کہ جن کا یہ دیرینہ خواب الحمدللہ آج شرمندۂ تعبیر ہوا۔

درویش خیراندیش

قاضی سید شاہ اعظم علی صوفی قادری

صدر کل ہند جمعیۃ المشائخ

(مترجم معین الاولیاء)

حمد و نعت شریف

دیوان سید امام الدین علیخاں

حمدِ خدا لکھے یہ بشر کی مجال کیا — یاں جائے دم زدن ہی نہیں قیل قال کیا

لا ریب لَاشَرِیْکَ لَہٗ ، اسکی ذات ہے — جو کچھ ہے غیر ذات وہ اسکی صفات ہے

معبودِ کل ہے مالکِ ارض و سما ہے وہ — المختصر یہ ہے کہ ہمارا خدا ہے وہ

محفل میں ذکر حضرتِ خیر الانام ہے — ہر شخص کی زباں پہ محمد کا نام ہے

ہر ایک دل میں بادۂ الفت کا جوش ہے — بے ہوش ہو رہا ہے وہی جس کو ہوش ہے

آغاز ذکر سیدِ خیرالوریٰ ہوا — خاموش اہلِ بزم ہیں کیوں آج کیا ہوا

ہے آج قدسیوں کا نزول اس مقام پر — بھیجو درود بھیجو محمد کے نام پر

چھوڑو یہ سرد مہری اگر کچھ شرم ہو — آہیں بھرو کہ محفلِ میلاد گرم ہو

افسوس تم سے ہو نہ سکے یہ بھی اہتمام — بھیجو درود لب پہ جب آجائے انکا نام

بیٹھو ذرا سنبھل کے ذرا دل کو تھام لو — لو میرے ساتھ تم بھی محمد کا نام لو

ہر سمت جلوہ ریز شعائیں ہیں نور کی — آتی ہے کوئی دم میں سواری حضور کی

آمد قریب تر ہے اب اس بزم گاہ میں — آنکھیں بچھاؤ چل کے محمد کی راہ میں

مشتاقِ دید دیدۂ دل وا کئے رہیں — بہرِ نثار نقدِ دل و جاں لئے رہیں

داماں و جیب بھر لو گہر رول رول کر — جو مانگنا ہے مانگ لو دل کھول کھول کر

مانگے گا جو مراد وہی آج پائے گا — یہ وقت جائے گا تو کبھی پھر نہ آئے گا

کافی ہے اسکا نام مہمات کے لئے
لو سب اٹھاؤ ہاتھ مناجات کے لئے

از: دیوان اثرؔ

مناجات

دیوان سید امام الدین علیخاں

مرحبا ختمِ رسل سیدِ والا نسبی — نہ تو ہوگا نہ ہوا اور کوئی تجھ سا نبی

نارِ دوزخ سے بچا اپنے گناہگاروں کو — آبِ رحمت سے بجھا آگ کے انگاروں کو

جس نے مانگا وہی پایا دمِ حاجت طلبی — تیری سرکار سخی ہے ترا دربار سخی

الغیاث اے شہِ لولاک رسولِ مدنی — الغیاث! اب تو مری جان ہی پر آن بنی

طاقتِ ضبط نہ یارائے شکیبائی ہے — ہم ہیں اور ہجر ہے اور گوشۂ تنہائی ہے

مالکِ کلک ولایت شہ والا کے لئے — سیدہ محترمہ فاطمہ زہرا کے لئے

کشتۂ خنجر و تسلیم و رضا کا صدقہ — صبر و مظلومی مسموم جفا کا صدقہ

ملک و جن و بشر ارض و سما کا صدقہ — کرسی و لوح و قلم عرشِ علا کا صدقہ

صدقہ اصحاب کا صدقہ ترے انصاروں کا — صدقہ قرآن کا قرآن کے سیپاروں کا

تھک کے میں بیٹھ گیا راہ میں تیری چل کر — آلِ اطہار کا صدقہ مری مشکل حل کر

یا نبی تیرے سوا کون سنے کس سے کہیں — کوئی ایسا نظر آتا ہی نہیں کس سے کہیں

طالبِ دید ہوں دیدار دکھا دے مجھ کو — ساغرِ بادۂ توحید پلادے مجھ کو

عاصیوں کے لئے بخشش کا سہارا تو ہے — زہد ہے حضرتِ زاہد کا ہمارا تو ہے

میرا مالک مرا مولا میرا آقا تو ہے — زہد ہے حضرتِ زاہد کا ہمارا تو ہے

ہند سے جلد مدینہ میں بلالو مجھ کو — روضۂ پاک ان آنکھوں سے دکھا دو مجھ کو

یا نبی کس کو میسر ہے غلامی تیری
بادشاہی سے تو بہتر ہے غلامی تیری

از: دیوان اثرؔ

سلام ونعت

دیوان سیدامام الدین علیخاں

یا رسول اللہ یا خیر الوریٰ   یا نبی اللہ یا نور الہدیٰ

السلام اے مہرِ تابانِ عرب   السلام اے جانِ جانانِ عرب

السلام اے مایۂ علم و عمل   السلام اے آیۂ ما قل و دل

السلام اے شافعِ روزِ جزا   السلام اے ہادیِ راہِ خدا

السلام اے شاہدِ امی لقب   السلام اے باعثِ فخرِ عرب

اے امیرِ عرشِ اعظم السلام   اے معظم از معظم السلام

آبروئے حشر تیرے ساتھ ہو   تیرا دامن ہو ہمارا ہاتھ ہو

نارِ دوزخ سے بچا لینا مجھے   اپنے دامن میں چھپا لینا مجھے

تیرا بازارِ شفاعت گرم ہے   ہم گنہگاروں کی تجھ کو شرم ہے

حشر میں تیرا ہی تیرا راج ہے   تیری امت کی تجھی کو لاج ہے

عمر گذری ساری بد افعال میں   نام نیکی کا نہیں اعمال میں

یوں تو آمرزش کے لائق ہم نہیں   اور جو تم چاہو تو کچھ بھی غم نہیں

چاہئے طاعت نہ تقویٰ چاہئے   مہرباں تو ہو تو پھر کیا چاہئے

دین پر دعویٰ نہ کچھ اسلام پر   مطمئن بیٹھے ہیں تیرے نام پر

لب پہ حرف آنے لگا فریاد کا   المدد یہ وقت ہے امداد کا

چاند سی صورت دکھا جانا مجھے   اپنا دیوانہ بنا جانا مجھے

لب پہ تیرا نام دل میں نور ہو   کنج مرقد نور سے معمور ہو

یوں ادا ہو کنجِ مرقد میں نماز   سر ترے قدموں پہ ہو بندہ نواز

تیرا ہی جلوہ رہے پیشِ نظر   کچھ نہ دیکھوں تیری صورت دیکھ کر

منہ سے کلمہ کے سوا نکلے نہ بات   گور کی پرسش سے ہو جائے نجات

منہ سے جب گھبرا کے تیرا نام لوں　　دونوں ہاتھوں سے کلیجہ تھام لوں
چین سے سوؤں لحد کے ڈھیر میں　　ہو مدینہ کا سماں اجمیر میں
ہو مئے الفت کا جس دم دل میں جوش　　یا محمد کہہ کے ہو جاؤں خموش
دفعتاً بگڑے ہوئے بن جائیں کام　　قبر میں مفتوح ہو باب السلام

عرض حالِ خویشتن کردم تمام
بر ادائے صد درود و صد سلام

از: دیوان اثرؔ

تضمین۔ حضرت جامی کی نعت شریف پر

دیوان سید امام الدین علیخاں

یہ تمنا ہے کہ محشر میں رسولِ عربی　　بیچ میں تم ہو اِدھر میں ہوں اُدھر خیلِ نبی
اور یوں عرض کروں میں دمِ حاجت طلبی　　مرحبا سیدی مکی مدنی العربی
دل و جاں باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

چشمِ بد دور مجھے اپنی ہی آنکھوں کی قسم　　نور ہی نور نظر آتا ہے سر تا بہ قدم
واہ رے حسن! خدا جانے یہ کیا ہے عالم　　منِ بیدل بجمالِ تو عجب حیرانم
اللہ اللہ چہ جمال است بدیں بوالعجبی

خوب کی سیرِ جہاں ، سارا زمانہ دیکھا　　ایسا بے مثل طرحدار تو دیکھا نہ سنا
یہ کچھ اور ہی انداز ہیں ، اے صلِّ علیٰ!　　نسبتے نیست بذاتِ تو بنی آدم را
بر تر از آدم و عالم تو چہ عالی نسبی

لب پہ دم آنے لگا منہ سے نکلتی نہیں بات　　عطشِ ہجر سے ہے جاں پہ عذابِ سکرات
ایک دو جام ادھر بھی ترے خم کی خیرات　　ما ہمہ تشنہ لبانیم توئی آبِ حیات
لطف فرما کہ ز حد می گذرد تشنہ لبی

آج تو اور ہی دربار کے کچھ ہیں انداز　　جمع ہے خلقِ خدا تا بہ سرا پردۂ ناز

دیر اب بندہ نوازی میں ہے کیا بندہ نواز بر درِ فیضِ تو استادہ بصد عجز و نیاز
رومی و طوسی و ہندی و یمنی و حلبی

سرگزشتِ منِ برگشتۂ پامال مپرس حالِ من حالِ سگانِ تو زِ من حال مپرس
سستیِ زہدِ مبیں ، زشتیِ احوال مپرس عاصیانیم زِ ما نیکیِ اعمال مپرس
سوئے ما روئے شفاعت بکن از بے سببی

گھر سے نکلا ہوں ترے دھیان میں جوگی منتظر دیر سے بیٹھا ہوں سرِ راہ گزر
بنکر

کب تلک دیر خدا کے لئے اب دیر نہ کر چشمِ رحمت بکشا سوئے من انداز نظر
اے قریشی لقبی ، ہاشمی و مطلبی

لوحِ محفوظ پہ ہیں تیرے محامد مسطور تیرے اوصاف سے ہیں جملہ صحائف معمور
تیری اللہ کو خاطر ہے یہاں تک منظور ذاتِ پاکِ تو دریں ملکِ عرب کردہ ظہور
زاں سبب آمدہ قرآں بزبانِ عربی

شہِ لولاک لما سیدِ والا نسبی یا رسولِ عربی ہاشمی و مطلبی
نظرِ سوئے اثر نیز دمِ جاں بلبی سیدی انت حبیبی وطبیبِ قلبی
آمدہ سوئے تو قدسی پئے درماں طلبی

از: دیوان اثرؔ

نظر نہ آیا کوئی آپ سا غریب نواز قدس سرہٗ

مولانا قاضی صوفی اعظم القادری (مترجم)

شفائے دردِ دلِ مبتلا غریب نواز　　ہیں چارہ سازِ غمِ لا دوا غریب نواز
دکھاؤ چہرۂ زیبا ذرا غریب نواز　　یہی غریب کی ہے التجا غریب نواز
تمہارے در کو میں اب چھوڑ کر کہاں جاؤں　　ہوں آستاں کا تمہارے گدا غریب نواز
غریب وبیکس و بے چارہ، بے نوا ہوں میں　　نہیں ہے کوئی مرا آسرا غریب نواز
ہزاروں دیکھے ہیں اہلِ کرم جہاں میں مگر　　نظر نہ آیا کوئی آپ سا غریب نواز
کروں میں سجدے لگاؤں میں اسکو آنکھوں سے　　جو پاؤں آپ کا میں نقشِ پا غریب نواز
پڑا ہے سابقہ مرقد میں اب فرشتوں سے　　مدد کو آیئے اس وقت یا غریب نواز
مرے خراجِ عقیدت کا ہے یہ نذرانہ　　تمہاری شان میں جو کچھ کہا غریب نواز

ذرا تو سن لو صدا اک غریب اعظمؔ کی
پکارتا ہے جو در پر کھڑا غریب نواز

فارسی قطعۂ تاریخِ اشاعت عیسوی

از مترجم علامہ قاضی سید شاہ اعظم علی صوفی اعظمؔ القادری

کرد تصنیف ایں "معین الاولیاء" چوں دلنشیں
حضرتِ سید امام الدین سجادہ نشیں
ترجمہ از فارسی در اردو کردہ کمتریں
منکشف شد حالِ نسلِ حضرتِ خواجہ معیں
کُن رقم سالِ اشاعت صوفی اعظمؔ قادری
ذکرِ اولادِ معین الدیں شدہ شائع مبیں

۹ ۰ ۰ ۲ ء

*****

معین الاولیا کے ترجمہ کی تکمیل پر

از خدا خاں صاحب مونسؔ ، سابق ناظم درگاہ خواجہ صاحب اجمیر

قبولِ بارگاہِ ایزدی ہوگا یہ نذرانہ
غیاث الدین صاحب رحمتِ باری مبارک ہو
ہزاروں تشنگانِ علم اس سے فیض پائیں گے
یہ محنت یہ لگن یہ جذبِ دیں داری مبارک ہو
یہ کارِ خیر ہے بیشک ، کہو تاریخ اے مونسؔ
معین الاولیا کی ترجمہ کاری مبارک ہو

۱۴۳۲ھ

دعا گو حاجی الحرمین خداداد مونس

۱۴۳۲ھ

اردو قطعۂ تاریخِ طباعت ہجری

ازفرزند مترجم قاضی سید شاہ مصطفی علی صوفی سعیدؔ قادری ایم۔اے (عثمانیہ)

معین الاولیاء کا ترجمہ فرمایا والد نے
بالآخر کام آئی نسبتِ روحانی خواجہ کی
اشاعت اور رسمِ رونمائی ہونے والی ہے
بفضلِ ربؔ نوازش ہے یہ سب اجمیری خواجہ کی
طباعت کا سنِ ہجری سعیدؔ قادری کہدو
"معین الاولیاء" ۔ کامل سوانح عمری خواجہ کی


۱ ۴ ھ ۳ ۰

اردو قطعۂ تاریخِ ترجمہ ہجری

ازفرزند مترجم ڈاکٹر حافظ سید شاہ مرتضیٰ علی صوفی حیدرؔ قادری مولوی کامل (نظامیہ) پی ایچ ڈی (عثمانیہ)

لکھا تھا فارسی میں تذکرہ اجمیری خواجہؒ کا   امام الدین صاحب نے جو تھے درگاہ کے دیواں
کیا ہے والدِ ماجد نے اردو ترجمہ کیا خوب   سلیس و عام فہم و دلنشین و عمدہ و شایاں
کہو بے ساختہ تاریخ حیدرؔ ترجمہ کی یوں
معین الاولیاء" کا ترجمہ ہے کس قدر آساں

۱ ۴ ھ ۲ ۹


سلطان الہند خواجہ معین الدین چشتی غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ
خواجہ فخر الدین چشتی سرواڑ شریف
سید حسام الدین (سانبھر شریف)
سید قیام الدین بابر بال
سید تاج الدین بایزید بزرگ
سید نور الدین طاہر
سید رفیع الدین بایزید خورد
سید معین الدین ثالث
سید خدمت علی
سید بندے علی
سید شمس الدین
سید محمد محسن
سید خضر محمد
سید نظام الدین
سید مبارک دیوان شاہ
سید معین الدین رابع
سید ابوالخیر
سید مزاج علی
سید طالب حسین
سید محمد حسین
سیدہ لطیفہ بیگم زوجہ دیوان سید عنایت حسین سجادہ نشین
شیخ المشائخ (حکیم) دیوان سید عنایت حسین علیخاں سجادہ نشین (وصال ۱۹۵۹ء)
شیخ المشائخ دیوان خواجہ سید صولت حسین علیخاں سجادہ نشین (وصال ۲۰۰۲ء)
سید عشرت حسین
سید ہدایت حسین
سید سعادت حسین
سید برکات حسین
سید طلعت حسین
سید حسنات
سید صباحت
سید صفات
سید ابوالکلام
سعید الدین
فرید الدین
سیدہ ناظمہ
سیدہ شمع (منّی)
حبیب الدین
حسیب الدین
سیدہ تسلیم
سیدہ یاسمین
سیدہ جبین
سید حیات حسین
سیدہ زیبا
سیدہ زوبی
سیدہ فرح
سیدہ نعیمہ زوجہ خواجہ غیاث الدین چشتی
سیدہ سیما (وفات ۲۰۱۱ء)
سیدہ روما
سید وجاہت حسین (طارق)
سیدہ عظمیٰ (وفات)
سید فراست حسین (شارق)
خواجہ سید غیاث الدین چشتی ناشر کتاب ہذا
سید امام الدین پولس انسپکٹر
سید نجم الدین خواجہ پریس
سیدہ صدیقہ زوجہ سید اقرار حسین
مولانا سید سراج الدین معاون مترجم کتاب ہذا
سید نظام الدین اسکرین پرنٹر
سید سلیم الدین ریلوے ملازم
سیدہ صبیحہ زوجہ محمد سلیم
سید جمال الدین کمپیوٹر ڈزائنر و پرنٹر
حافظ ڈاکٹر سید صلاح الدین
سید منیر الدین بی۔اے
سیدہ راضیہ زوجہ محمد حبیب منزلی
سیدہ غزالہ
سید سیف الدین
سید فیض الدین
سید منور
سید ساحل
سیدہ فاطمہ زہرہ
سیدہ مدیحہ
سیدہ کشف
فاطمہ
زینب
معین الحسن
سید ذکی الدین
سید مصباح الدین
سیدہ عالیہ
سیدہ ہانیہ
سید قطب الدین
سیدہ محسنہ
سیدہ ثمینہ
سید عظیم الدین
سیدہ سماء معینی
سید رضی الدین
سید صفی الدین
سید زین الدین
سیدہ شیرین
سید محمد حسین
سید احمد حسین
محمد امین
حمیرہ نور

پیش لفظ

نحمدہ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم۔ امابعد

اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر، آقائے دوجہاں حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کا فیضان و حضور سلطان الہند غریب نواز خواجۂ خواجگان خواجہ معین الدین حسن چشتی سنجری ثم اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کی نظرِ عنایت، والدی و مرشدی حضرت شیخ المشائخ دیوان سید صولت حسین علیخاں سجادہ نشین حضور غریب نواز کا روحانی تصرف کہ اس ناچیز کو غریب نواز کے حالات پر مبنی تاریخی و مستند کتاب معین الاولیا کا اردو ترجمہ مع فارسی متن شائع کرنے کی سعادت حاصل ہو رہی ہے۔

والدِ محترم کی دلی خواہش تھی کہ غریب نواز سے متعلق کتابیں شائع کرتے وقت اعلیٰ معیار کا خاص خیال رکھا جائے۔ الحمدللہ دیوان معین الدین چشتی موسوم بہ کلامِ عرفاں طراز کا دوسرا و تیسرا ایڈیشن شائع کرتے وقت والدِ محترم کی خواہش و ہدایت کے پیشِ نظر ہی اسے اعلیٰ معیار پر شائع کیا گیا۔

"معین الاولیاء" کی اہمیت کا اندازہ اسی سے لگایا جاسکتا ہے کہ غریب نواز رحمۃ اللہ کے مستند سوانح نگاروں نے اسکا حوالہ اپنی کتابوں میں دیا ہے۔ ساتھ ہی اس کتاب کی اشاعت کے لئے کلکٹر و اسسٹنٹ کمشنر اجمیر نے 6-11-1892 کو ایک حکم (Order) جاری کیا کہ

درگاہ کمیٹی 75 روپے	دیوان اسٹیٹ 75 روپے
کورٹ آف وارڈ 50 روپے	ڈسٹرکٹ فنڈ 50 روپے

منشی امام الدین صاحب کو دیں گے۔ اور شائع ہونے کے بعد علی الترتیب 15-10-2-2 عدد کتابیں انکو دی جائیں گی۔ گویا یہ ایک تاریخی دستاویز ہے۔

اس کتاب کا اردو ترجمہ کرنا آسان کام نہیں تھا فرامین کا ترجمہ کرنا اس سے بھی مشکل، حضرت صوفی صاحب جیسی قابل شخصیت دوسرے برادر عزیز سراج الدین کی جستجو اور تحقیق پھر مزید ان تین کتابوں نے یہ کام اور آسان کر دیا۔

(۱) فرامین سلاطین از: منشی بشیر الدین

(۲) مغل ڈاکیومنٹ حصہ اول و دوم از: ایس آئی اے ترمذی سابق ڈائرکٹر محکمہ آثار قدیمہ دہلی

(۳) اجمیر تھروانسکرپشن از: ایس آئی اے ترمذی سابق ڈائرکٹر محکمہ آثار قدیمہ دہلی

اولادِ غریب نوازؒ کا ذکر متعدد کتابوں میں پایا جاتا ہے جس میں سے قابل ذکر مندرجہ ذیل کتابیں ہیں جس میں اولادِ غریب نوازؒ کا مفصل ذکر ہے۔

(۱) مدائن المعین (فارسی) شیخ رحمت اللہ بن جمال الدین

(۲) مناقب الحبیب (فارسی، اردو) حاجی نجم الدین سلیمانیؒ

(۳) دی بایوگرافی آف خواجہ معین الدین چشتی (انگریزی) ڈبلیو۔ڈی۔بیگ

(۴) دی شرائن اینڈ کلٹ آف خواجہ معین الدین (انگریزی) پی۔ایم۔کیوری

(۵) عہدہ تولیت (اردو) مرزا عبدالقادر بیگ

(۶) گلدستہ چشتی چمن (اردو) محمد عبداللہ قادری

(۷) تاجدار اجمیر (اردو) ڈاکٹر سید محمد آفاق کاظمی

(۸) عطائے رسول (اردو) حضرت معین الدین خامس

اتنے دلائل اور تحقیق اور سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد بھی کوئی شخص اپنی اندرونی بغض کی وجہ سے اولادِ خواجہ غریب نوازؒ کا انکار کرے تو یہی کہا جائیگا

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم چشمۂ آفتاب راچہ گناہ

اگر دن کے اجالے میں چمگاڈر کی آنکھ سورج کو نہیں دیکھتی تو سورج کا کیا قصور

حضرت خواجہ حسین ناگوریؒ و حضرت خواجہ حسین اجمیریؒ دونوں الگ الگ بزرگ شخصیتیں ہیں۔ حضرت خواجہ حسین ناگوریؒ حضرت صوفی حمید الدین ناگوریؒ خلیفہ خواجہ غریب نوازؒ کی اولاد میں سے ہیں جو درگاہ خواجہ صاحب اجمیر میں برسوں معتکف رہے اور خواجہ صاحب کا گنبد اور بلند دروازہ آپ کے ذریعہ ہی تعمیر ہوا جس کا مفصل ذکر ''اخبار الاخیار'' میں موجود ہے دوسرے خواجہ حسین اجمیری اکبر بادشاہ کے زمانے میں سجادہ نشین تھے آپ غریب نوازؒ کی اولاد میں سے ہیں منتخب تواریخ میں (ملا عبدالقادر بدایونی) نے آپ کو نور کا تودہ لکھا ہے خواجہ خواجگان کے گنبد کی تزئین کا کام آپ کے زمانے میں ہوا ہے۔ مغرب سے پہلے گنبد شریف کے اندر پڑھی جانے والی ''روشنی'' آپ ہی کی تحریر کردہ ہے ۔آپ کا مزار سولہ کھمبے میں ہے جس پر شاندار گنبد جہانگیر بادشاہ کے زمانے میں تعمیر ہوا۔ آپ کے مقبرے میں خواجہ صاحب کے دیگر سجادگان کے

مزارات کے ساتھ دائیں طرف کونے میں اس فقیر کے دادا شیخ المشائخ دیوان سید عنایت حسین علیخان کا بھی مزار ہے

اس کتاب کی طباعت میں کافی وقت لگ گیا۔ ذہن میں ایک ہی بات تھی کہ چاہے تاخیر ہو جائے مگر کام اعلیٰ معیار کا ہونا چاہیئے۔

معین الاولیا کے نام سے کچھ حضرات نے کتابیں شائع کی ہیں۔ شاید یا تو انکو معلوم نہیں ہوگا کہ اس نام سے کتاب شائع ہو چکی ہے یا جان بوجھ کر بھی یہ نام رکھا ہو کہ عوام کو کہیں کہ دیکھئے یہ کتاب معین الاولیا ہے۔ لیکن اس میں حضور غریب نواز کی اولاد کا تذکرہ نہیں ہے۔ بہر حال جو بھی انکی نیت ہو۔ اللہ ان کو ہدایت دے۔ اصلی و مستند "معین الاولیاء" یہی کتاب ہے۔

میں حضرت سید شاہ اعظم علی صوفی قادری مدظلہ العالی کا جتنا شکریہ ادا کروں کم ہے کہ آپ نے اس ناچیز کی درخواست پر اپنی گوناگوں مصروفیات کے باوجود اعلیٰ و معیاری ترجمہ فرمایا۔ یقیناً اس کتاب کا ترجمہ وہی شخص کر سکتا تھا جو اعلیٰ علمی صلاحیت کا حامل، بزرگانِ دین کا عاشق اور صوفی مزاج رکھنے والا ہو۔ الحمد للہ یہ سب صلاحیتیں حضرت صوفی صاحب میں بدرجۂ اتم موجود ہیں۔ یہ حضرت صوفی صاحب کی حضور غریب نواز سے والہانہ محبت کا نتیجہ ہے کہ مصروفیت کے باوجود آپ نے اس کا ترجمہ فرمایا۔ جسکے لئے میں اور ہم سبھی اہلِ خاندان آپ کے بے حد ممنون ہیں۔ اللہ تعالیٰ بطفیل حضور غریب نواز آپکی عمر دراز فرمائے اور آپ سے ہمیں مزید استفادہ کا موقع عنایت فرمائے۔ آمین۔

برادرِ عزیز پیرزادہ مولانا سید سراج الدین معینی فاضل جامعہ نظامیہ و مدرس دارالعلوم معینیہ عثمانیہ درگاہ شریف اجمیر بھی اپنی اعلیٰ صلاحیتوں کو بروئے کار لائے۔ کتاب کے بابِ چہارم کا مکمل ترجمہ کیا۔ خواجہ صاحب کی نسبی اولاد سے متعلق بڑے حصہ کا ترجمہ کیا نیز کتاب کے فرامین کی تصحیح و ترجمہ میں حضرت صوفی صاحب کے بہترین معاون ثابت ہوئے۔ اور ساتھ ہی کمپیوٹر ٹائپنگ و پروف ریڈنگ کو بحسن و خوبی انجام دیا۔

کتاب کی افادیت کیلئے فرامین سلاطین دہلی کے حصہ میں مغلیہ دور میں رائج پیمائش کے ہندسوں کو اصل معین الاولیاء سے (عکس) کر کے چسپا کیا گیا ہے وہ ہندسہ اس دور میں رائج نہیں ہے ساتھ ہی جہاں جہاں بہت سی مہریں تھیں وہاں بھی اصل کتاب سے اسکیان (عکس)

کر کے داخل کیا گیا ہے۔ صفحہ ۲۹۸ ر سے ۳۰۵ رتک حکم عدالت اُردو میں تھے اسلئے اصل کتاب کا عکس اسکیان کر کے جوں کا توں ہی رکھ دیا ہے۔

ساتھ ہی سراج میاں نے فرامین کے ترجمہ کی تصحیح پروف ریڈنگ کے وقت جو اصطلاحات سمجھیں وہ قارئین کی سہولت کے پیش نظر الگ سے ان کی تفصیل لکھ دی ہے جو ایک قابل قدر کام ہے۔

میں مندرجہ ذیل ان سبھی حضرات کا بھی ممنون ہوں۔

جناب بشیر الدین صدیقی صاحب نے اصل فارسی کتاب سے لفظ بہ لفظ فارسی پروف ریڈنگ کی۔

جناب سید مصطفی علی صوفی سعید پاشاہ ابن حضرت صوفی صاحب نے کمپیوٹر ٹائپنگ اور تصحیح میں مدد کی۔ مولانا بشیر القادری صاحب صدر مدرس دار العلوم معینیہ عثمانیہ درگاہ شریف اجمیر، جناب سید سید ین صاحب یو۔کے۔ خداداد خاں مونس سابق ناظم درگاہ خواجہ صاحب اجمیر شریف، محمد شمشیر عالم کلکتہ، یعقوب منصوری کیکڑی، سید جاوید علی صاحب حیدر آباد، محمد معراج الدین کلکتہ، جیلانی خان صاحب حیدر آباد، عبد الرحیم حیدر آباد کا انکے تعاون کے لئے بے حد شکر گزار ہوں

اللہ رب العزت کی بارگاہ میں دعا گو ہوں کہ حضور غریب نواز کے طفیل ان سبھی حضرات کو دین و دنیا کی نعمتوں سے مالا مال فرمائے۔ آمین

اس کتاب کے ترجمہ، پرنٹنگ، یا ٹائپنگ میں کوئی غلطی نظر آئے تو اس فقیر کو مطلع فرمانے کی زحمت فرمائیں تا کہ آئندہ اشاعت میں اس کو صحیح کیا جا سکے۔

خواجہ سید غیاث الدین چشتی

عرض مترجم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَ کَفٰی وَ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ وَ حَبِیْبِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُصْطَفٰی وَ عَلٰی اٰلِہٖ سَفِیْنَۃِ النَّجَاۃِ وَ اَصْحَابِہٖ نُجُوْمِ الْھُدیٰ وَ عَلٰی اَوْلِیَائِ اُمَّتِہٖ مَصَابِیْحِ الصِّدْقِ وَ الصَّفَا۔ اَمَّا بَعْدُ۔

حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے ''ذِکْرُ الْاَنْبِیَائِ مِنَ الْعِبَادَۃِ وَ ذِکْرُ الصَّالِحِیْنَ کَفَّارَۃٌ'' یعنی انبیاء کرام کا ذکرِ اقدس عبادت میں شامل ہے اور اولیائے صالحین کا ذکرِ جمیل گناہوں کا کفارہ ہے۔ خواہ زبان اس سے رطب اللسان ہو یا قلم کو اس کا شرف محترم نصیب ہو۔ خواجۂ خواجگاں، قبلۂ چشتیاں، کعبۂ عارفاں، قطب المشائخ، سلطان الہند، غریب نواز حضرت خواجہ معین الدین حسن حسینی الحسنی چشتی سجزی اجمیری کی ذات قدسی صفات کہ جن کے قطب الاقطاب اور ولیِ برحق ہونے میں کوئی شک و شبہ ہی نہیں۔ آپ کا یہ تذکرۂ مبارک یقیناً ہمارے معاصی کے کفارہ کا اور ہماری خطاؤں کی بخشش کا عظیم وسیلہ ہے۔

تقدس مآب حضرت دیوان سید صولت حسین چشتی نور اللہ مرقدہ قدیم سجادہ نشین آستانہ خواجہ اجمیری کی بزرگ شخصیت اعلیٰ علمی ذوق کی حامل تھی۔ مشائخ چشتیہ خصوصاً غریب نواز کے نادر و نایاب ملفوظات، تصنیفات اور تالیفات بشکل مطبوعات و مخطوطات کی تلاش و جستجو اور انکے اردو تراجم کی اشاعت میں وہ زندگی بھر سرگرم و سرگرداں رہے۔ چنانچہ دنیائے فانی سے عالمِ بقا کی جانب سفر فرمانے سے عین قبل آپ کی حیدرآباد دکن میں تشریف آوری اسی سلسلہ کی آخری کڑی تھی۔ اس فقیر حقیر پر آپ کے بڑے مراحمِ مشفقانہ تھے۔ کبھی اطلاع کے بعد اور کبھی بلا اطلاع اچانک فقیر خانہ یعنی ''تصوف منزل'' تشریف لاتے اور اکثر و بیشتر کتب کی ترتیب و تدوین میں مشورت کا یا عربی و فارسی کتب کے تراجم کی سعادت کا مجھے موقع عنایت فرماتے اور میری علمی خدمات پر خوب دعاؤں سے نوازتے۔ آخری دورہ حیدرآباد کے دوران آپ نے ''معین الاولیاء'' نامی ایک ضخیم فارسی کتاب کا اردو ترجمہ کرنے کی مجھ سے خصوصی فرمائش کی تھی اور جلد از جلد اسکا ایک زیراکس ارسال کرنے کا وعدہ بھی فرمایا تھا۔ مگر آپ کی حیات وفا نہ کرسکی کیونکہ

اجمیر شریف واپس ہوتے ہی ار محرم ۱۴۲۲ھ مطابق ۱۶ / مارچ ۲۰۰۲ء کو حرکتِ قلب بند ہو جانے کے باعث آپ کے اچانک سانحۂ ارتحال کی اطلاع نے یہاں سب کو افسردہ کر دیا۔ حق تعالیٰ آپ کی لحد میں نور کے بقعے اور رحمت کے اطباق نازل فرمائے۔ آمین۔

''اگر پدر نہ تواند پسر تمام کند'' کے مصداق اس سے کچھ عرصہ بعد حضرت ہی کے فرزندِ اکبر و جانشین گرامی قدر الحاج خواجہ سید غیاث الدین صاحب چشتی حفظہ اللہ تصوف منزل تشریف لائے تو آپ نے فارسی ''معین الاولیا'' کا زیراکس اردو ترجمہ کرنے کے لئے میرے سامنے رکھ دیا۔ صاحبزادہ موصوف اپنے اوصافِ جمیلہ اور ذوقِ علمیہ میں بفحوائے ''اَلْوَلَدُ سِرٌّ لِاَبِیْہِ'' واقعی اپنے والدِ بزرگوار کے سچے جانشین واقع ہوئے ہیں۔ اگرچہ تصنیف و تالیف اور تراجم کے دیگر بہت سے کام میرے ہاتھ پر تھے اس کے باوجود اسے حضور غریب نواز قدس سرہٗ کی نوازش اور میرے لئے عین سعادت سمجھتے ہوئے میں نے ترجمہ کی ذمہ داری قبول کر لی۔ بڑی حد تک ترجمہ پایۂ تکمیل کے قریب تک پہنچ گیا تھا کہ میری اہلیہ شدید علیل ہو گئیں۔ جس کے باعث میری ساری علمی مصروفیات بری طرح متاثر ہو گئیں۔ لہٰذا باقی ماندہ چند صفحات مخلصی خواجہ سید غیاث الدین صاحب کی خدمت میں معذرت کے ساتھ میں واپس کر دیے تاکہ مزید تاخیر کے بغیر کسی اور صاحب سے ترجمہ کی تکمیل کرا لی جائے۔ کچھ عرصہ بعد حق تعالیٰ نے مجھے افکارِ خانگی سے راحت و نجات عطا فرمائی تو حج و زیارت حرمین شریفین کا پھر سے شرف نصیب ہوا۔ مقدس سفر سے واپسی پر پتہ چلا کہ معین الاولیا کے ترجمہ کا تتمہ جوں کا توں ہے۔ کیونکہ ایک صدی قدیم فارسی زبان نہایت ادق ہونے کے باعث دانشور صاحبان ترجمہ کرنے سے گریز کر رہے ہیں۔ غالباً حق تعالیٰ اور اسکے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی یہی منظور تھا نیز حضور غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ کی روحانی مرضی بھی یہی تھی کہ باقی ترجمہ کی سعادت بھی میرے نصیب میں آئے۔ چنانچہ اسکی اب الحمدللہ تکمیل ہو چکی ہے۔

معین الاولیاء دراصل آج سے ۱۱۹ سال قبل ۱۳۰۳ھ میں مطبع معین الہند اجمیر شریف میں زیورِ طبع سے آراستہ ہوئی۔ اسکا ایک نسخہ حیدر آباد دکن کے سالار جنگ میوزیم لائبریری میں محفوظ

ہے۔ جس کی فہرست میں فن سوانح عمری کے تحت اس کا سلسلہ نمبر (۳۴۷) درج ہے۔ اسکین شدہ کتاب کا نمبر U7396 ہے۔ اسی کی ایک زیراکس کاپی اردو ترجمہ کے لئے مجھے فراہم کی گئی ہے۔ ایک نسخہ حضرت دیوان سید صولت حسین قدیم سجادہ نشین اجمیر شریف کے کتب خانہ میں بھی موجود ہے۔ کتاب کے اندرونی ٹائٹل پر سالِ اشاعت سہواً سنہ ۱۲۱۳ طبع ہوا ہے۔ لیکن کتاب کے آخری صفحات پر طباعت واشاعت کے قطعات تاریخ سے صاف ظاہر ہے کہ سالِ طباعت سنہ ۱۲۱۳ھ نہیں بلکہ سنہ ۱۳۱۳ھ ہے۔

(۳۱۱) صفحات پر محیط اصل معین الاولیا کو فاضل مؤلف نے چار ابواب پر تقسیم کیا ہے۔ باب اول (۲۳ صفحات) میں خواجہ بزرگ غریب نواز کے حالات ومقالات ومراسم درگاہ شریف کا اجمالی خاکہ ہے۔

باب دوم (۱۴۷) صفحات پر مشتمل ہے جس میں حضور غریب نواز کی اولاد واحفاد میں کوئی (۱۳۵) حضرات کے تفصیلی حالات دئے گئے ہیں اور ہر دور کے سلاطین وحکمران اور وزراء و امرا کے فرامین، احکام اور اسناد کے حوالوں کے ساتھ انکی توثیق بھی کی گئی ہے۔

باب سوم (۱۰۲) صفحات پر محیط ہے جس میں حضور غریب نواز کی روحانی اولاد یعنی آپ سے فیض وتربیت یافتہ خلفا اور خلفا کے خلفا وغیرہ کی تفصیل دی گئی ہے۔

باب چہارم کے آخری (۳۶) صفحات پر اجمیر شریف اور اس کے اندر واقع قدیم مقدس اور مشہور مقامات کی تاریخ اور تعمیر وتوسیع کی تفصیلات کا احاطہ کیا گیا ہے۔

بالخصوص حضرت خواجہ اجمیری کی نسبی اولاد واحفاد اور روحانی اولاد کے تحت خلفاء در خلفاء میں جملہ زائد از تین سو (۳۰۰) حضرات کے فرداً فرداً حالات جمع کرنے میں مؤلف معین الاولیاء نے واقعی محنت شاقہ اور جانفشانی سے کام لیا ہے جس کو ایک تاریخی دستاویز کی حیثیت حاصل ہو گئی ہے۔

عجیب اتفاق ہے کہ سلسلہ عالیہ چشتیہ میں حضرت خواجہ ابو محمد چشتی قدس سرہ سے لے کر حضرت خواجہ نصیر الدین چراغ دہلوی تک یعنی مسلسل آٹھ واسطوں تک تقریباً ہر شیخِ طریقت نے اولاد

واحفاد موجود ہونے کے باوجود اپنے خلفا ہی میں سے کسی ایک کو اپنا جانشین مقرر فرماتے ہوئے یہ تاثر دیا ہے کہ اس منصبِ جلیلہ کے لئے جو بھی اہلیت، قابلیت اور لیاقت رکھتا ہو وہی جانشینی کا مستحق وحقدار قرار پائے گا۔ اس سے بعض لوگوں کے ذہن میں یہ غلط فہمی پیدا ہوگئی کہ ان شیوخ سلسلہ اور پیرانِ طریقت کی کوئی اولاد ہی نہیں تھی اس لئے خلفا کو اپنا جانشین مقرر کیا گیا۔ بالخصوص حضور غریب نواز قدس سرہ کے بارے میں یہ بات بڑے شدومد کے ساتھ مشہور کردی گئی ہے کہ آپ کی کوئی اولاد ہی نہیں تھی اس لئے آج اس زمانے میں بھی آپ کی نسلِ مبارک کے کسی بھی فرد کا وجود ہی نہیں ہے۔ معین الاولیا میں دیے گئے زائد از ایک صدی سے موجود مستند دستاویزات اور سلاطین وحکمرانِ زمانہ کے اسنادِ مصدقہ سے ثابت ہو جاتا ہے کہ حضرت غریب نواز کو لاولد بتانے اور آپ کی نسل کے باقی نہ رہنے کا الزام بے بنیاد، جھوٹا اور خود ساختہ ہے۔ درحقیقت حضور غریب نواز کی اولادِ امجاد اور سجادہ نشینی کا سلسلہ آج تک جاری و ساری ہے۔ چنانچہ سابق سجادہ نشین حضرت دیوان صولت حسین چشتی علیہ الرحمہ اور موجودہ دیوان سید زین العابدین چشتی حضرت غریب نواز ہی کی نسلِ مبارک سے ہیں۔

کسی ایک زبان کا دوسری زبان میں ترجمہ کرنا بجائے خود ایک فن ہے۔ ترجمہ اور ہے ترجمانی اور ہے۔ اس میں خوبی وعمدگی اسی وقت پیدا ہوتی ہے جبکہ بزرگوں کی تربیت اور تجربہ کے ساتھ دونوں زبانوں پر خاصا عبور حاصل ہو۔ معین الاولیا کے ترجمہ کو خوب سے خوب تر بنانے کی کوشش میں حسبِ ذیل امور کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔

(۱) مشکل بلکہ ادق فارسی الفاظ اور محاوروں کا سلیس، آسان اور عام فہم اردو ترجمہ کرنے کی مقدور بھر کوشش کی گئی ہے۔

(۲) بعض مقامات پر لغوی یا لفظی معنی لکھنے سے مفہوم غیر واضح معلوم ہوتا تھا اس لئے ایسی جگہ مرادی مفہوم درج کیا گیا ہے۔

(۳) زمانہ قدیم میں سلاطین اور حکمرانوں کی جانب سے صادر کردہ شاہی فرامین واحکام اور وزرا وامرا کی جانب سے جاری کردہ ہدایات، مراسلات اور اسناد کے متن وعبارت میں بعض

شخصیات کے اصل ناموں سے قبل عربی و فارسی بندشوں سے مرکب قصیدہ گوئی کے پیرایہ میں طول طویل تعریفی القاب اور توصیفی آداب تحریر کرنے کی روایت قائم تھی جس سے کسی کے تقدس واحترام کے اظہار کے ساتھ ساتھ پیشکار یا محرر کی اپنی فصاحت، بلاغت اور ادب دانی کا مظاہرہ بھی مقصود ہوتا تھا۔ مثلاً نام سے قبل طویل مترادف الفاظ اور ہم وزن و ہم قافیہ القاب پر مشتمل ایک عبارت بطور نمونہ ذیل میں ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

شرافت ونجابت مرتبت ،امارت و ایالت منزلت ،دانائے مدارج دین دولت ،شناسائے مراتب ملک وملت ،فرازندہ لوائے شوکت وحشمت ،طرازندہ بساط ابہت وعظمت ،اعتضاد خلافت وفرمانروائی، اعتماد سلطنت وکشورکشائی، ظفر پیرائے معارک جہانبانی، عیش آرائے محافل کامرانی، جوہر مرأت حقیقت ووفا، فروغ شمع یکرنگی وصفا، ہمدم دلکشائے مجلس خاص، محرم خلوت سرائے صدق و اخلاص، کارفرمائے سیف وقلم، مدبر امورِ عالم، قدوہ خوانین بلند، زبدہ امرائے عظیم الشان وزیر صائب تدبیر ممالک مدار، امیر روشن ضمیر عالی مقدار، لازم الاختصاص والاعزاز، واجب الاحترام والامتیاز، رکن السلطنت بادشاہ سلیمان اقتدار، وزیر الممالک ،جمدۃ الملک ، مدار المہام، یارِ وفادار، شجاع الدولہ برہان الملک، والاوقار، اعتماد الدولہ، آصف جاہ

تقریباً دس سطروں میں لکھے گئے ایسے القاب اور خطابات کا اردو ترجمہ کرنا بظاہر بے مقصد یا پھر ترجمہ میں ان ہی الفاظ کا بعینہ جوں کا توں نقل کر دینا بھی لاحاصل نظر آتا ہے۔ اس لئے ایسی عبارتوں کو بعض جگہ حذف کرتے ہوئے ترجمہ میں صرف نام اور نام کے ساتھ دو تین ضروری القاب لکھنے پر اکتفا کیا گیا ہے۔

(۴) زمین کے رقبہ جات، انعام و یومیہ کی رقوم اور اجناس غلہ کی مقدار کیلئے عربی آنکڑے اور ہندسے اصل فارسی متن میں جہاں کہیں لکھے ہوئے تھے۔ ترجمہ میں ان آنکڑوں کے ساتھ ساتھ اردو الفاظ اور اعداد بھی لکھ دئے گئے ہیں۔

بہرحال معین الاولیا کے ترجمہ کی تکمیل یقیناً خداوند کریم کے فضل وکرم، اسکے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی عنایت اور حضور غریب نواز قدس سرہ کی نوازش کا نتیجہ ہے جس کے لئے بارگاہِ

ایز دی میں جتنا بھی شکر کیا جائے کم ہے۔ گرامی قدر خواجہ سید غیاث الدین چشتی بھی اس کارِ خیر کی تکمیل میں اجرِ جزیل کے شریک وحصہ دار ہیں کہ آپ اس سلسلہ میں خصوصی طور پر اکثر اجمیر شریف سے حیدرآباد تشریف لانے کی زحمت فرماتے، ترجمہ کے کام میں پیش رفت کا جائزہ لیتے اور وقتاً فوقتاً مفید مشورے دیا کرتے۔ آپکے برادرِ خُرد مولانا سید سراج الدین معینی فاضل جامعہ نظامیہ و مدرس دارالعلوم معینیہ عثمانیہ درگاہ شریف اجمیر بھی شکریہ کے مستحق ہیں۔ برخوردار مصطفی علی صوفی قادری سعید پاشاہ بھی دعاؤں کے حقدار ہیں کہ دونوں نے کمپیوٹر کمپوزنگ اور پروف ریڈنگ کا کام بڑی دلچسپی اور ذمہ داری سے انجام دیا۔ خصوصاً سراج پاشاہ صاحب نے تو ترجمہ ہی نہیں بلکہ اس کی تسوید و تبییض میں میرا خوب ہاتھ بٹایا اور میرے بہترین معاون ثابت ہوئے پھر فارسی متن کی مکمل پروف ریڈنگ اپنے ذمہ لی اور اسکی پذیرائی میں کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھا اور میرا کام بڑا آسان کر دیا۔ خاص طور پر کمپیوٹر کمپوزنگ کا زیادہ تر کام پھر اس میں بھی دائیں صفحہ پر فارسی متن اور اسکے مقابل کے صفحہ پر اسی کے ترجمہ کی ترتیب میں موصوف نے بڑی عرق ریزی سے کام لیا۔ سراج میاں نے ناظرہ قرآن مجید اور اردو کی تعلیم دارالعلوم معینیہ عثمانیہ میں حاصل کی۔ اسکے بعد بیکانیر میں مولانا فخر الدین صاحب سے فارسی اور عربی کی ابتدائی تعلیم حاصل کی۔ بعد ازاں دارالعلوم اسحاقیہ جودھپور میں اولیٰ تا درجہ ثالثہ تک تعلیم حاصل کی اور وہاں امتیازی نمبرات سے کامیاب ہوتے رہے۔ عربی میں بہتری کے لئے دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ میں ثانویہ رابعہ تا درجہ عالم تک چھ سال تعلیم حاصل کی۔ بعدہٗ والد محترم کی شدید خواہش کے باعث جامعہ نظامیہ حیدرآباد میں فاضل اور کامل اول تک تین سال تعلیم حاصل کی۔ اب دارالعلوم معینیہ عثمانیہ میں تدریسی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ میں بہ صمیمِ قلب دعا گو ہوں کہ رب العزت ان سب کو عزت، صحت اور سلامتی کے ساتھ مدارجِ دارین میں ترقی عطا فرمائے اور میری اس حقیر علمی کوشش کو میرے لئے مغفرت کا ذریعہ اور میرے والدین مرحومین کے درجات عقبیٰ میں بلندی کا ذریعہ بنادے۔ آمِیْنَ۔ بِجَاہِ طٰهٰ وَ یٰسٓ۔ اَشْرَفِ الْاَنْبِیَاءِ

وَالْمُرْسَلِیْنَ۔ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الرَّؤُوْفِ الْاَمِیْنِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَعَلٰی اٰلِہٖ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ۔ وَاَصْحَابِہٖ الرَّاشِدِیْنَ اَجْمَعِیْنَ۔ وَاَوْلِیَاءِ اُمَّتِہٖ الصَّالِحِیْنَ۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔

مرقوم ۳۰ رمئی ۲۰۰۸ء بروز جمعہ مطابق ۲۴ رجمادی الاولیٰ ۱۴۲۹ھ

تصوف منزل
قریب ہائیکورٹ، حیدرآباد
آندھراپردیش۔ انڈیا

خادم العلم والعلماء
جانشین حضرت سید الصوفیہ
قاضی سید شاہ اعظم علی صوفی قادری
صدر کل ہند جمعیۃ المشائخ
وچیف ایڈیٹر ماہنامہ رسالہ 'صوفیِ اعظم'

معین الاولیا کے مؤلف

دیوان سید امام الدین علیخان چشتی علیہ الرحمہ

نام ''سید امام الدین'' ''علیخان'' خطاب، تخلص ''اثر'' حسینی الحسنی سادات سے تھے۔ چشتیہ مسلک رکھتے تھے۔ آپ کا سلسلہ نسب بیسویں (۲۰) پشت میں حضرت خواجہ خواجگاں سید معین الدین حسن سنجری چشتی اجمیری غریب نواز قدس سرہ العزیز کے فرزند خواجہ سید فخر الدین قدس سرہٗ سے جاملتا ہے۔ آپ کا شجرہ نسب درجِ ذیل ہے۔

دیوان سید امام الدین علیخاں بن سید منیر الدین بن سید امام علی بن دیوان سید محتشم علی احمد بن دیوان سید اصغر علی احمد بن دیوان سید امام الدین احمد بن دیوان سید منیر الدین احمد بن دیوان سید سراج الدین احمد بن دیوان شیخ ابوالفتح احمد بن دیوان سید علم الدین احمد بن دیوان خواجہ ابوالخیر بن شیخ المشائخ معین الدین احمد ثالث بن شیخ المشائخ سید رفیع الدین احمد بایزید خورد بن شیخ المشائخ سید نور الدین احمد طاہر بن شیخ المشائخ تاج الدین احمد بایزید بزرگ بن خواجہ قیام الدین بابر بال ہٹیلہ باگھ بن خواجہ سید حسام الدین سوختہ بن خواجہ سید فخر الدین بن قطب الاقطاب خواجہ معین الدین حسن چشتی سجزی غریب نواز قدس اسرارھم۔

دیوان سید امام الدین خلف سید منیر الدین چشتی کی ولادت باسعادت بتاریخ ۱۴/شوال ۱۲۶۳ھ مطابق ۲۵/ستمبر ۱۸۴۷ء (یعنی غدر سے دس سال قبل) اجمیر شریف میں ہوئی۔

مولوی سید مظفر حسین صاحب شوقؔ سے اجمیر ہی میں تعلیم حاصل کی۔ متبحر عالم مولوی حکیم محمد حسن صاحب امروہی سے بھی آپ نے علمی استفادہ کیا آپ پیرزادگانِ اجمیر شریف میں علامۂ دہر شمار کئے گئے۔ عربی میں متوسط لیکن فارسی میں اعلیٰ درجہ کی استعداد رکھتے تھے۔ جس کا اندازہ آپ کی تالیف کردہ فارسی کتاب ''معین الاولیاء'' سے بخوبی ہوسکتا ہے۔ اسی کے دیباچہ میں آپ نے حضرت خواجہ الہ بخش چشتی تونسوی کو اپنا پیرومرشد قرار دیا ہے۔ معین الاولیاء کے ٹائٹل پر آپ کے اسم گرامی کے ساتھ قاضی کا لفظ بھی ہے مگر اسکی مزید تفصیل معلوم نہ ہوسکی۔

پندرہ سال کی عمر ہی میں آپ نے ملازمت اختیار کی اور سب سے پہلے نائب تحصیلدار اجمیر

کے عہدہ پر بمشاہرہ پچاس روپے (Rs.50) مامور ہوئے۔اس کے بعد ایک زمانہ تک اضلاع اجمیر میں تحصیلدار کے معزز عہدہ پر ممتاز رہے۔بعد میں محکمہ بندوبست کے سپرنٹنڈنٹ کی حیثیت سے نہایت ہی خوش اسلوبی سے کام انجام دیا اور اجمیر شریف میں ترقی پاتے پاتے چارسو روپیہ (Rs.400) کے مشاہرہ پر ریونیو اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر درجہ اول کے عہدہ پر فائز ہوئے۔بڑی نیکنامی اور دیانت داری کے ساتھ اپنے فرائض ملازمت کو ادا کیا جس کے صلہ میں برطانوی گورنمنٹ کی طرف سے ۱۹۰۸ء میں آپ کے لئے دوسو روپے (Rs.200) پنشن مقرر کی گئی۔

صوفی منش طبیعت پائی تھی۔اپنے برادرِ عمزاد حضرت خواجہ غیاث الدین علیخاں سجادہ نشین درگاہ شریف حضرت خواجہ غریب نواز قدس سرہ کی رحلت پر انکی جگہ سید امام الدین علیخاں (نوٹ :علیخاں یہ سجادہ نشین کے لئے خطاب ہے جو انگریزوں نے دیا تھا) بتاریخ ۲۰ر جمادی الاولیٰ ۱۳۲۷ھ مطابق ۱۰ر جون ۱۹۰۹ء مسند سجادہ نشینی درگاہ شریف حضرت خواجہ غریب نواز قدس سرہٗ پر جلوہ فرما ہوئے۔اور دیوان کہلائے۔

دیوان سید امام الدین علیخاں اردو زبان کے بلند پایہ ادیب وشاعر بھی تھے۔چودہ برس کی عمر سے شاعری کا شوق تھا۔اثرؔ تخلص رکھتے تھے کچھ عرصہ تک مولوی مظفر حسین شوقیؔ سے اپنے کلام میں اصلاح لیا کرتے تھے۔جو مرزا غالبؔ کے ارشد تلامذہ سے تھے۔بعد میں اپنی اکثر غزلیات خود مرزا غالبؔ کی خدمت میں اصلاح کے لئے بھیجا کرتے تھے۔جون ۱۹۲۰ء میں ''دیوانِ اثرؔ'' کے نام سے آپ کا شعری مجموعہ نواب پالن پور نے ۱۳۳۹ھ مطابق ۱۹۲۰ء میں شائع کیا۔جس کے دیباچہ ہی سے آپ کے یہ حالات زندگی ماخوذ ہیں۔

دیوان سید امام الدین چشتی صاحب کا ایک تذکرہ مصورِ فطرت خواجہ حسن نظامیؒ کے ''سفر مصر وحجاز'' کتاب میں بھی اولین صفحات پر ملتا ہے جب آپ دہلی سے اجمیر شریف ہوتے ہوئے بمبئی تشریف لے گئے تھے۔۲۰ر مئی ۱۹۱۱ء مطابق ۲۱ر جمادی الاولیٰ ۱۳۲۹ھ درگاہ شریف کی حاضری کے بعد شیخ المشائخ دیوان سید امام الدین صاحب سے ملنے حویلی تشریف لے گئے۔ حضرت حسن نظامی صاحب اس طرح رقمطراز ہیں۔

''قریب مغرب دیوان صاحب یعنی شیخ المشائخ دیوان سید امام الدین صاحب چشتی سجادہ

نشین اجمیر شریف سے نیاز حاصل کیا۔ ابتدا میں دیوان صاحب کی اس فقیر پر اور حلقہ پر خاص نظرِ عنایت تھی۔ لیکن بعد میں دراندازوں نے اس میں رخنے ڈال دئے تھے۔ اندیشہ ہوا کہ اس کا اثر موجود ملے گا۔ مگر نہیں۔ وہی قدیمی نوازشیں اور عنایات۔ فرمانے لگے حج کا بھی ارادہ ہے یا صرف مدینہ منورہ کی حاضری ہوگی۔ عرض کیا۔ اس سفر میں تو شاید حج کا موقعہ نہ ملے۔ آئندہ ارادہ کیا جائے گا۔ بالفعل دربارِ رسول کے سلام کا قصد ہے۔ ارشاد ہوا یہ خاص صوفیوں کا مسلک ہے۔ حضرت خواجگان رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ فقیر کو پہلے مدینہ شریف حاضر ہونا چاہئے۔ منزل درجہ بدرجہ طے ہوتی ہے۔ اسکے بعد فرمایا۔ تم جاتے ہو۔ حلقہ کا کام کس کے سپرد کیا۔ کہا گیا۔ عزیزم واحدی کے یہ امانت سپرد کی ہے۔ انشاء اللہ وہ سرگرمی سے اس خدمت کو انجام دیں گے۔ پھر مدرسہ معینیہ کا ذکر نکل آیا۔ اسکی جدید شاخ معینیہ ہائی اسکول کو درگاہ شریف کا خزانہ تین سو ساٹھ روپیہ ماہوار دیتا ہے۔ اس اسکول میں اکثر بلکہ سب مسلمان بچے پڑھتے ہیں۔ دیوان صاحب نے ایک صوفی عالم کو تعلیم کے علاوہ تربیت کے لئے مقرر فرمایا ہے۔ چند روزہ تربیت کا یہ اثر ہے کہ جو بچہ نماز نہیں پڑھتا اسکو دوسرے بچے اپنے ساتھ کھیلنے نہیں دیتے۔ اور کہتے ہیں کہ بے نمازی کا ہمارے ساتھ کام نہیں۔ اسی پر دوسری خوبیوں کا اندازہ کرنا چاہئے۔

میں نے عرض کی کہ مدرسہ قدیم یعنی عربی مدرسہ کا کیا حال ہے؟ فرمایا اسکو سو روپیہ ماہوار دیا جاتا ہے۔ اس میں بھی بتدریج ترقی دی جارہی ہے۔ اس وقت میں نے درس گاہ تصوف کا پرانا خیال پیش کیا۔ ارشاد ہوا کہ وقت کم ہے اور میں تم سے اس معاملہ میں مفصل گفتگو و مشاورت چاہتا ہوں۔ ایک زمانہ ہوا مولانا محمد حسین صاحب الہ آبادی نے اس کی تحریک کی تھی۔ مگر وہ تحریک جس شرط پر مبنی تھی وہ مجھے پسند نہ آئی۔ وہ کہتے تھے کہ آئندہ کوئی شخص سجادہ نشین نہ ہو سکے جب تک کہ درسگاہ تصوف سے سند حاصل نہ کرے۔ یہ ایک طرح کا ہتھیار تھا جو مدرسین ممتحنین کے ہاتھ میں فقرا و سجادہ نشینوں کے خلاف دیا جاتا تھا۔ اس لئے یہ تحریک نامکمل رہ گئی۔ مدرسۂ تصوف کی بے شک ضرورت ہے۔ لیکن پہلے تم کو اس کے اصول پر غور کرنا چاہئے۔ تعلیم تصوف کے دو طریقے ہیں۔ ایک حال اور دوسرا قال۔ حال نام ہے شیخ کی حرکات وسکنات کی پیروی کا۔ صحبتِ شیخ میں رہنے سے یہ تعلیم صرف آنکھ کے دیکھنے اور عمل کرنے سے حاصل ہوتی ہے۔ اسکے لئے

درسگاہ کی ضرورت نہیں۔ رہا قال، وہ اخلاقی کتب کا پڑھنا اور احوال بزرگان کا معلوم کرنا، نکاتِ تصوف پر عبور ہونا ہے۔ اس کے واسطے بیشک درس کی ضرورت ہے۔ تم سفر سے واپس آجاؤ تو اس کام کے اٹھانے کا تدارک کریں گے۔ اس کے بعد یونیورسٹی پر گفتگو ہونے لگی۔

چلتے وقت وہ نوازش فرمائی جس کو اس سفر کی نیک فال کہنا چاہئے۔ یعنی **دربارِ خواجہ کا خاص خلعت** عطا فرمایا۔ یہ وہ ملبوس ہے جس کو دیوان صاحب حاضری آستانہ کے وقت استعمال فرماتے ہیں۔ خلعت دیتے وقت جو الفاظ ارشاد ہوئے وہ بڑے مؤثر تھے۔ فرمایا۔ جہاں جاتے ہو وہاں فقیری کی اصل شان موجود ہے۔ اس ملک میں اب کیا باقی رہا ہے۔ اپنا کام جرات و مستعدی سے کرو۔ رسوائی ومخالفت سے نہ ڈرو۔ سب کام کرنے والے اسکا شکار ہوتے آئے ہیں۔ میں تمہاری کامیابی کی ہر وقت دعا کرتا رہوں گا۔''

دیوان کی حیثیت سے سید امام الدین علیخاں صرف تین برس مسندِ سجادگی پر جلوہ افروز رہے۔ جس کے بعد بتاریخ ۱۱ر جمادی الاخریٰ ۱۳۳۰؁ھ ہجری مطابق ۲۹ر مئی ۱۹۱۲؁ء اس جہانِ فانی سے عالمِ بقا کو کوچ فرمایا۔ آپ نے اپنی یادگار میں کوئی اولاد نہیں چھوڑی لیکن آپ کی تالیف کردہ فارسی میں معین الاولیاء مطبوعہ کتاب ایک ایسی یادگار ہے جو خواجہ غریب نواز قدس سرہٗ کے احوال اور سلسلۂ انساب اولاد امجاد کے لئے ایک تاریخی دستاویز کی حیثیت رکھتی ہے۔ آپ کی رحلت کے بعد آپکے ہم جدی برادرِ پھوپھی زاد شیخ المشائخ سید شرف الدین علیخاں سجادہ نشین ہوئے۔

نوٹ: لفظ دیوان کے متعدد معنی ومفہوم ادب میں ہیں۔ اسکی تفصیل کے لئے قدیم دیوان صاحب کی جانب سے شائع کردہ ''دیوان غریب نواز'' موسومہ ''کلامِ عرفاں طراز'' ملاحظہ ہو۔ جس میں ''دیوان'' کے زیرِ عنوان راقم السطور کا ایک مضمون شامل ہے

☆☆☆☆☆

مترجم معین الاولیاء

حضرت مولانا قاضی سید شاہ اعظم علی صوفی حسنی حسینی قادری

حضرت مولانا قاضی سید شاہ اعظم علی صوفی قادری دکن کے ایک نہایت معروف و نامور سادات مشائخ، علمی گھرانے کے چشم و چراغ ہیں۔آپ کے والد یعنی حضرت مفتی و محدث دکن سید الصوفیہ سید شاہ احمد علی صوفی علیہ الرحمہ اپنے زمانہ کے متبحر عالم و مفتی ہونے کے ساتھ ساتھ عربی و فارسی اور اردو کے ایک قادر الکلام شاعر بھی تھے جنکے آپ جانشین ہیں۔آپ کے دادا حضرت صوفی اعظم قطب دکن علیہ الرحمہ کی دینی و علمی خدمات کا شہرہ چہار دانگ عالم میں تھا نثر ہو یا نظم ہر میدان میں اللہ تعالیٰ نے بڑا کمال بخشا تھا۔

عرف عام میں ''قاضی صاحب'' اور علمی حلقوں میں ''مصباح المفسرین اور صوفی اعظم ثانی'' جیسے مقبول القاب کے ساتھ جانے پہچانے جاتے ہیں۔چنانچہ اپنے جد امجد حضرت صوفی اعظم قطب دکن علیہ الرحمہ کے وصال سے صرف سات ماہ بعد یعنی بتاریخ ۱۶/ربیع الاول ۱۳۵۰ھ ہجری بروز یکشنبہ بمقام تصوف کدہ واقع کبوتر خانہ قدیم بلدہ حیدرآباد فرخندہ بنیاد (حالیہ مستقر ریاست آندھرا پردیش) قاضی صاحب تولد ہوئے تو عالم رویا میں والد ماجد کی حسب ہدایت و بشارت انھیں دادا کا نام یعنی سید اعظم علی صوفی دیا گیا۔

جامعہ نظامیہ اور جامعہ عثمانیہ دونوں کے علوم سے آراستہ و پیراستہ قاضی صاحب اپنے میں قدامت اور جدیدیت کا ایک حسین امتزاج رکھتے ہیں۔جہاں تک مشرقی علوم کی تحصیل کا تعلق ہے موصوف نے صرف سات برس کی عمر ہی میں ناظرہ قرآن مکمل کرلیا۔اور بہت جلد قاری عشرہ حضرت قاری شیخ سالم عمودی صوفیانیؒ کو مکمل قرآن مع تجوید سنانے کے بعد کم عمری ہی میں جامعہ نظامیہ کے امتحانات تجوید، امامت و خطابت وقضاءت میں امتیازی درجہ سے کامیابی حاصل کی۔عربی ادب اور صرف ونحو کی تعلیم مولانا محفوظ شریفؒ اور جامعہ

ازہر مصر کے فارغ مولانا صالح ازہریؒ سے حاصل کی منشی فاضل اور درس نظامی کی تکمیل کے سلسلہ میں اپنے والد ماجد ہی سے تفسیر' حدیث واصول حدیث' فقہ واصول فقہ میں استفادہ کیا' تصوف' کلام' منطق' ادب' معانی اور فلسفہ وغیرہ جملہ علوم عربیہ کی تحصیل کی۔ حدیث کا دوبارہ دور کیا' تفسیر میں خصوصی درک اور فتویٰ نویسی میں تربیت حاصل کی۔ سلوک تصوف اور مراقبات ومجاہدات طریقت کے جملہ مراحل طے کر لینے کے بعد اپنے والد ماجد ہی سے قادریہ مخرمیہ' قادریہ نسبیہ' چشتیہ' سہروردیہ' نقشبندیہ اور اویسیہ وغیرہ جملہ سلسلوں میں مع اذکار و اشغال بمقام تصوف منزل نزد ہائی کورٹ' مجمع خاص و عام میں سند و دستار فضیلت اور خرقۂ خلافت سے سرفراز ہوئے۔

والد محترم کے سایہ سے محرومی کے باعث گریجویشن کے بعد حالات' کسب معاش کے متقاضی ہوگئے تو ریلوے سرویس کمیشن امتحان میں امتیازی کامیابی حاصل کرنے کے بعد مرکزی حکومت کے محکمہ ریلوے شعبہ آپریٹنگ سے وابستگی اختیار کرلی۔ اپنی بہترین کارکردگی کے ذریعہ متعدد اعزازات' توصیفی صداقت نامے' تمغے حاصل کرنے کے بعد ۱۹۹۰؁ء وظیفہ' حسن خدمت پر سبکدوش ہوے اس کے بعد سے مسلسل دینی' علمی و تحقیقی سرگرمیوں کے ذریعہ گذشتہ زائد از نصف صدی سے اپنی زبان اور قلم کے ذریعہ دین ومسلک کی ٹھوس' بے لوث اور خاموش خدمات انجام دیتے ہوے قاضی صاحب نے صف اول کے ممتاز علمائے دین ومشائخ کرام میں آج اپنا ایک خاص مقام بنالیا ہے۔ آپ قاضی شریعت بھی ہیں ہادی طریقت بھی' مقرر بھی ہیں مفسر بھی' ادیب بھی ہیں خطیب بھی' عربی فارسی انگریزی اردو زبان وادب کے مترجم و ماہر بھی ہیں تو سخنور وشاعر بھی' مصنف بھی ہیں مؤلف بھی۔ چنانچہ اب تک آپ کی کوئی چالیس (۴۰) کتابیں شائع ہو چکی ہیں جن میں مجموعہ کلام اعظمیات کے علاوہ تصانیف وتالیفات میں تجلیات بغداد' عمرہ وحج اور زیارت مدینہ' مقدس ٹکسال ' زین حفاظ قرآن' عظمت والدین' عظمت اولیاء کرام' فضائل درود شریف' زیارت قبور' فاتحہ اموات' اور تراجم میں نورالانوار' شاہد الوجود' شاہد اذکار' زاد الموحدین دو حصے' اوراد قادریہ تین حصے دلائل الخیرات وبشائر الخیرات' اعظم البرکات' اور گنجینۂ درود شریف مع تراجم وغیرہ کو بے حد مقبولیت


حاصل ہوئی اور ان کے متعدد ایڈیشن بھی شائع ہو چکے ہیں۔ (۸۷) سالہ قدیم ماہنامہ ''صوفی اعظم'' جس کے آپ چیف ایڈیٹر بھی ہیں آپ کی صحافتی خدمات پر دال ہے۔ جو ۲۰۰۱ء میں اپنی تجدید کے بعد سے مسلسل اور پابندی کے ساتھ شائع ہو رہا ہے۔

حضرت قاضی صوفی صاحب نہ صرف ترجمہ کے فن سے بخوبی واقف ہیں بلکہ وہ اردو' عربی' فارسی اور انگریزی پر خوب دسترس رکھتے ہیں انہوں نے بہت ساری کتابوں کا عربی سے اردو میں' فارسی سے اردو میں' اردو سے انگریزی اور انگریزی سے اردو میں ترجمہ کیا ہے اور ان کی ترجمہ کی ہوئی کتابیں برصغیر ہند و پاک میں مشہور و معروف بھی ہیں اور مقبول بھی۔ حضرت صوفی صاحب کے ترجمہ کی خاص بات یہ ہوتی ہے کہ وہ سلیس عام فہم اور بامحاورہ ہوتا ہے جس سے قاری کو یہ محسوس ہوتا ہے کہ یہ ترجمہ نہیں بلکہ اسی زبان میں لکھی ہوئی کوئی کتاب ہے۔

حضرت صوفی صاحب کی اس مہارت کا پتہ حضرت دیوان سید صولت حسین علیہ الرحمہ سابق سجادہ نشین بارگاہ اجمیر شریف کو خوب تھا یہی وجہ تھی کہ حضرت علیہ الرحمہ نے زیر نظر کتاب ''معین الاولیاء'' کے ترجمہ کی ذمہ داری بھی حضرت صوفی صاحب کو ہی دی تھی کیونکہ اس سے قبل بھی ''دیوان معین الدین'' موسومہ ''کلام عرفان طراز'' کے اشاعت کے موقع پر حضرت دیوان صاحب علیہ الرحمہ نے حضرت صوفی صاحب سے تقریظ لکھوائی تھی جو کافی پسند کی گئی' لیکن افسوس کہ یہ ترجمہ جو آپ کے ہاتھوں میں ہے حضرت دیوان صاحبؒ کی حیات میں شائع نہ ہو سکا۔

حضرت قاضی صوفی صاحب مجمع السلاسل پیر طریقت ہیں جن کے بے شمار مریدین' طالبین اور متوسلین و تلامذہ ہندوستان' پاکستان کے علاوہ برطانیہ' امریکہ' کینڈا' آسٹریلیا' سعودی عرب اور عرب امارات وغیرہ کئی ممالک میں موجود ہیں۔

آج کل مختلف دینی' علمی و ادبی تنظیموں مثلاً سید الصوفیہ اکیڈمی' صفہ صوفیہ' مکتبہ صوفیہ کے سرپرست' نیز صفۃ المصنفین اور کل ہند جمعیۃ المشائخ کے صدر نشین اور میکال درگاہ سوسائٹی کے نائب صدر بھی ہیں۔ دینی علمی و اصلاحی ماہنامہ رسالہ صوفی اعظم کے چیف ایڈیٹر ہیں نیز ملک کے اردو و انگریزی جرائد' اخبارات و رسائل میں مولانا قاضی صاحب



بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد بیحد و ثنائے لاتعد مر خدائے را کہ شاید نوع انسان را بزیور علم و بینش بیاراست و درود نا محدود و ثنا بر ختم المرسلین
و علی آلہ و اصحابہ اجمعین کہ تخلیق ہژدہ ہزار عالم و تفصیل بنی آدم از وجود با جودش بوجود آمد۔ و از پرتو
جمال عالم افروزش ظلمت کفر از میان زمان و زمانیان برخاست۔ اما بعد فقیر حقیر درویش سید
قاضی سید امام الدین بن سید منیر الدین کہ از کمترین گدایان خدمت مرشدی و مولائی سراج بزم حقیقت
نور العین عرفان و معرفت شمع شبستان محامد و وحدت حضرت خواجہ الہ بخش چشتی تونسوی است بہ حصول
طالع بیدار و مساعدت روزگار بموجب مطالعہ کتب سیر و سلوک و تواریخ و ملافیظ بعمر رسانید در حالات و
مقامات اولیاء کاملین و بزرگان دین کماہی عز آگہی یافتہ بمقتضائے یاران طریقت شعار و دوستان حقیقت
نظر بہ سعد اور جہاد تعیین گماشت کہ برخے از حالات و مقالات مرشد سالکین تاج المقربین و المتقین
مہر سپہر عرفان و ایقان حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء معین الحق والملۃ والدین حسنی الحسینی چشتی سنجری
اجمیری قدس اللہ سرہ العزیز در ضبط تحریر و ربط تسطیر آوردن موجب سعادت دارین و مفاخرت
تشنگان خواہد بود۔ لاجرم کمر ہمت درست کردہ بہ ترتیب این رسالہ کہ مشتمل بر چہار باب است مسمی بہ

قدیم معین الاولیاء کے پہلے صفحہ کا عکس

فہرست مضامین اردو

ذکر اولاد سید معین الدین رابع بن ابوالخیر

تیسرا باب

حضرت خواجہ صاحب کی روحانی اولاد کا تذکرہ

تیسرے باب کی دوسری شاخ

تیسرا باب دوسری اصل

باب چہارم

بیرونِ شہر شمالی جانب کی عمارتیں

بیرون شہر مشرقی جانب کی عمارتیں

بیرون شہر جنوبی سمت کی عمارتیں

کے علمی مضامین اور تحقیقی مقالات اور علمی حلقوں میں بے حد پسند کیا جاتا ہے۔

مولانا کے ماہانہ اور ہفتہ واری درس تفسیر قرآن اور مواعظ حسنہ کو بڑی مقبولیت حاصل ہے جو شہر کے مختلف مساجد و مراکز میں پابندی کے ساتھ منعقد ہوا کرتے ہیں جن میں خطیب جامع مسجد (بی۔ایچ۔ای۔ایل) کی حیثیت سے ہر جمعہ کو آپ کی خطابت و امامت سے قبل پچھلے بیس سال سے آپ کی مخاطبت اور جامع مسجد صحیفہ اعظم پورہ حیدر آباد میں ہر اتوار کو بعد ظہر گذشتہ گیارہ (۱۱) سال سے سلسلہ وار درس تفسیر قرآن خاص طور پر قابل ذکر ہیں جن میں دور دور سے کثیر تعداد میں اہل ذوق اصحاب شریک ہو کر استفادہ کرتے ہیں اور جن میں زیادہ تر اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوان، ڈاکٹرز، انجینیر ز اور دانشور شامل ہوا کرتے ہیں۔آپ شعر و سخن کا ستھرا مذاق رکھتے ہیں۔ تخلص اعظمؔ ہے۔دکن کے بزرگ اور کہنہ مشق شعراء میں آپ کا شمار ہوتا ہے۔آپ کا مجموعہ کلام موسوم بہ ''اعظمیات'' حال ہی میں منظر عام پر آچکا ہے۔موصوف کی نگرانی و صدارت میں اکثر نعتیہ مشاعرے منعقد ہوا کرتے ہیں۔ بزرگان دین کے اعراس کے موقعوں پر منعقدہ منقبتی مشاعروں میں آپ کا کلام شوق سے پڑھا اور سنا جاتا ہے۔فن تاریخ گوئی میں مولانا کو خداداد کمال حاصل ہے جو موصوف کو گویا اپنے اسلاف سے وراثتاً ملا ہے۔فی زمانہ شہر میں موجود اس فن کے چند گنے چنے تاریخ گو شعراء میں ایک مولانا بھی ہیں۔فن خطاطی میں بھی آپ کو خاصا دخل ہے۔ویسے آپ کی عام تحریر خود اس قدر خوبصورت اور دیدہ زیب ہوتی ہے جیسے کہ الفاظ کی شکل میں گویا موتیوں کی لڑی ہے۔اس فن میں ہمہ خاندان آفتاب ہے۔ حال ہی میں عثمانیہ یونیورسٹی سے یم۔اے کی تکمیل کے بعد ایک ریسرچ اسکالر طالبہ نے مولانا قاضی صاحب کی حیات اور علمی کارنامے کے زیر عنوان اپنا تحقیقی مقالہ پیش کر کے ایم۔فل کی ڈگری حاصل کی۔

یہ بات لائق تحسین ہی نہیں بلکہ قابل تقلید بھی ہے کہ قاضی صاحب نے اپنے بچوں کو عصری تقاضوں کے عین مطابق دینی تعلیم کے ساتھ ساتھ اعلیٰ عصری تعلیم کے زیور سے آراستہ کیا۔آپ کو بفضلہٖ تعالیٰ ایک صاحبزادی اور پانچ صاحبزادے ہیں جو سب کے سب گریجویٹ، پوسٹ گریجویٹ اور انجینیر ز گولڈ میڈلسٹ، ریسرچ اسکالر ہونے کے علاوہ مشرقی

علوم میں جامعہ نظامیہ کے امتحانات میں فارغ بھی ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد بے حد وثنائے لاتعد مر خدائے را کہ شاید نوعِ انسان را بزیورِ علم و دانش بیاراست و درود نا محدود شار ختم المرسلین وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین کہ تخلیق ہیجدہ ہزار عالم وتفصیل بنی آدم از وجود باجودش بوجود آمد۔ واز پرتوِ جمال عالم افروزش ظلمت کفر از میان زماں وزمانیاں برخاست۔ اَمَّا بَعْدُ

فقیر حقیر درویش سینہء ریش قاضی سید امام الدین بن سید منیر الدین کہ از کم ترک زلہ ربایان خدمت مرشدی ومولائی، سراجِ بزمِ حقیقت، نور العین عرفان ومعرفت شمع شبستان محامد ووحدت حضرت خواجہ اللہ بخش چشتی تونسوی است۔ برہنمونی طالع بیدار ومساعدت روزگار جمعیت مطالعہ کتب سیر وسلوک وتواریخ وملافیظ بہم رسانید وبر حالات ومقدمات اولیاءِ کاملین وبزرگانِ دین کماہی عز آگہی یافتہ بتقاضائے یارانِ طریقت شعار وندیمانِ ندرت آثار نظر بہ استعداد واجتہاد ایں معنی گماشت کہ برخے از حالات ومقالات مرشد السالکین، تاج المقربین والمحققین، مہرِ سپہرِ ایمان وایقان، حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء، معین الحق والملۃ والدین حسنی الحسینی چشتی سجزی اجمیری قدس اللہ سرہ العزیز العزیز درضبط تحریر وربط تسطیر آوردن موجبِ سعادتِ دارین ومفاخرتِ نشاتین خواہد بود۔ لاجرم کمرِ ہمت درست کردہ بہ ترتیبِ ایں رسالہ کہ مشتمل بر چہار باب است سعی موفور بجائے خود رسانید۔

15-1-2013

باب اول مشتمل بر حالات ومقالات حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء۔

باب دوم تذکرہ اولادِ جسمانی۔

بابِ سوم در ذکر اولادِ روحانی مشتمل بر دو فصل ودو فرع۔

باب چہارم مشتمل بر تذکرہ بنائے اجمیر وآستانہ عالی ومقامات بزرگ وقدیم۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد بے حدو بے کنار صرف خدائے کردگار کو سزاوار ہے جس نے بنی نوع انسان کو علم و عقل کے زیور سے آراستہ فرمایا اور درود بے شمار حضور ختم المرسلین اور آپ کی آل پاک اور آپ کے جمیع اصحاب پر نثار کہ آپ ہی کی جلوہ گری کی بدولت اٹھارہ ہزار عالم اور جملہ بنی آدم وجود میں آئے۔ اور سارے جہان کو روشنی بخشنے والے آپ کے جمال پاک کے پرتو نے کئی زمانوں سے چھائی ہوئی ظلمت کو برخاست کر دیا۔ اَمَّابَعْدُ

یہ حقیر، فقیر و درویش قاضی سید امام الدین ولد سید منیر الدین جو مرشدی و مولائی، بزمِ حقیقت کے چراغ، عرفان و معرفت کے نورِ نظر، شبستانِ محامد، شمعِ وحدت، حضرت خواجہ اللہ بخش چشتی تونسوی کا کمترین پروردہ ہے۔ قسمت اور زمانے نے یاوری کی تو سیرت، سلوک، تاریخ اور ملفوظات کی جملہ کتب کے مطالعہ کی سعادت ملی اور اولیائے کاملین و بزرگانِ دین کے حالات و مقدمات سے کماحقہٗ آگاہی حاصل ہوئی۔ برادرانِ طریقت اور یارانِ صحبت کے اصرار نے مجھے اس کاوش پر آمادہ کیا کہ مرشدِ سالکین، سرتاجِ مقربین و محققین، آفتابِ فلکِ ایمان و یقین حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء، معین الحق والملۃ والدین حسنی حسینی چشتی سجزی اجمیری قدس سرہٗ العزیز کے حالات اور ارشادات تحریر و قلم بند کروں جو دارین میں سعادت اور دنیا و آخرت میں فخر و ناز کا باعث ہے۔ بہر حال ہمت کر کے اس رسالہ کو ترتیب دینے کے لئے کمر باندھی اور اس کو چار باب پر تقسیم کرنے کی کوشش کی ہے۔

پہلا باب: حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء کے حالات و ارشادات پر مشتمل ہے۔

دوسرا باب: جسمانی اولاد کے تذکرہ پر مشتمل ہے۔

تیسرا باب: روحانی اولاد کے ذکر پر مشتمل ہے۔ جس کی دو فصلیں اور دو ذیلی شاخیں ہیں۔

چوتھا باب: اجمیر کے آستانۂ عالی اور دیگر بزرگ و قدیم مقامات کی عمارتوں کے تذکرہ پر مشتمل ہے۔

باب اول

مشتمل بر حالات ومقالات حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء

مخفی مباد کہ حضرت خواجہ را اصل از سجز نواح خراسان است ۔ وقتیکہ پدرِ بزرگوارش داعی اجل را لبیک گفتہ خواجہ را عنفوانِ شباب بود۔ روزے در خانہ باغے کہ ازاں خواجہ بود لمعہ ذات بصورت مجذوب پدیدار آمد و پارۂ نان طلب کرد۔ حضرت خواجہ بمصداق وَ اَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ۔ چند دانۂ خرما ارزانی فرمود۔ صفتِ مجذوب راطریق بذل واحسان مرغوب آمد و چند ثمر بہ لعابِ دہن آلودہ بحضرت خواجہ مسترد کردہ بخوردنش استبداد فرمود۔ ازانجا کہ مشیتِ قضا وقدر ہمبریں بود۔ خواجہ را از انکار باز داشتند ۔ وتسلیم مجذوب تسلیم نمودند۔

منقول است کہ ازاں زماں غلبۂ عشق و محبت بر حضرت خواجہ استیلا یافت تا آنکہ حرفِ حب الوطن را از صفحہ خاطر بہ کذلکِ حسن طلب محکوک کردہ خرقہ ترک علائق در برراست کردند۔ واز ہجوم وکثرت دیار و دیار روئے تافتہ باستحصال سلوک معنی کہ درصورت مجذوب مشاہدہ فرمودہ بودند۔ پائے شوق دروادیِ طلب و بیابانِ تعب نہادند۔ دریں صعوبت وسفر پیش از ہمہ ہا کہ حضرت خواجہ رابرصورتِ جذب و معنی سلوک متنظر فرمودہ ملہم غیب بود۔

امّا بہ اسبابِ ظاہر علومِ دینیہ را در سمرقند و بخارا اکتساب فرمودہ مقامِ یقین را بہ عین الیقین افزودند۔ تا آنکہ کمال جذبہ شوق عنان گسستہ وآستین کشاں بہ وسعت آباد بغداد رسانید۔ زیرا کہ بہ منشاءِ ازلی انکشاف رموز خفی وجلی ہمدریں مقامِ موعود و معہود بود۔ چنانچہ بخدمت قطب الکونین شیخ المغربین والمشرقین حضرت خواجہ عثمانِ ہارونی قدس اللہ سرہ العزیز فایز شدہ بخشش کمال ازاں سرمایۂ بخشش ودریا نوال اخذ فرمودند۔ می گویند

پہلا باب

حالات وارشاداتِ حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء کے بیان میں

واضح ہو کہ حضرت خواجہ کا وطن خراسان کے قرب وجوار میں واقع سجز ہے۔ جس وقت آپ کے والد ماجد نے داعیِ اجل کو لبیک کہا تو حضرت خواجہ کی جوانی کا آغاز تھا۔ ایک روز جبکہ خواجہ اپنے باغ میں تھے ایک مجذوب کی صورت میں نورِ ذات نظر آیا۔ اور روٹی کا ٹکڑا طلب کیا۔ حضرت خواجہ نے وَاَمَّا السَّائِلَ فَلَاتَنۡهَرۡ (ضحی۔ ۱۰) (ترجمہ: اور سائل کو مت جھڑکو) کے مصداق چند کھجور پیش کئے۔ مجذوب کو بخشش واحسان کا یہ طریقہ پسند آیا تو انہوں نے چند دانے اپنے لعابِ دہن سے تر کر کے خواجہ کو دئے اور اُسے کھانے پر اصرار کیا۔ قضا وقدر کو یہی مطلوب تھا۔ حضرت خواجہؒ انکار نہ کرسکے۔ اور مجذوب کی خواہش کو تسلیم کرلیا۔

منقول ہے کہ اس وقت سے حضرت خواجہ پر عشق ومحبت کا غلبہ کارفرما ہوگیا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ حسنِ طلب کی خاطر آپ نے دل سے وطن کی محبت کو محو کردیا۔ دنیاوی رشتوں سے قطع تعلق کرلیا۔ بشکل مجذوب جو مشاہدہ ہوا تھا۔ اس کے معنی وسلوک کے حصول میں ہجوم وآبادی چھوڑ کر ملک بہ ملک اور شہر بہ شہر سرگرداں پھرتے رہے۔ طلب کی وادی اور رنج ومصیبت کے بیابان میں شوق کا قدم رکھا۔ اس دشواری اور سفر کے دوران جذب ومعنٰی اور سلوک کی صورت میں خواجہ کو پہلے جو چیز متوجہ کررہی تھی وہ الہامِ غیبی تھا۔

یہاں تک کہ سمرقند وبخارا میں اسبابِ ظاہر دینی علوم کا اکتساب فرمایا۔ مقامِ یقین سے عین الیقین تک ترقی فرمائی۔ حتی کہ جذبہ شوق کمال کو پہنچا تو کھنچے ہوئے بغداد کی وسیع آبادی میں جا پہنچے ۔منشاءِ ازلی سے اسی مقام پر رموزِ خفی وجلی کا انکشاف ہونا مقرر ومقدر تھا۔ چنانچہ قطبِ کونین شیخِ

کہ حضرت خواجہ رامدت بست سال در سفر و حضر بخدمت حضرت مرشد برحق سپری شد و انجام کار خلعت خلافت واختصاص رخصت دریافتہ خیر باد گفتند۔ در آنجا بہ ہمدان و تبریز نزولِ مکرمت فرمودہ با عیان واشراف دین نعم البدل فرمودند۔

صادر فرمایا جائے کہ فصل ربیع مذکورہ کا محصول قابض و متصرف سے لے کر شیخ سراج الدین کے حوالے کیا جائے۔ تاکہ وہ اطمینانِ دلی کے ساتھ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے اپنا کام عرصہ تک جاری رکھ سکیں۔

ان مہروں پر ناموں کی تفصیل جو ثبت کی گئیں۔

غلام حسین ابن سید ابوالوالی	مہر شکستہ	غلام علی
مہر عطاء اللہ خادم درگاہ	شریف اللہ غلام خواجہ معین الدین	سید قاسم ابن نور الدین
محمد باقر ابن سید مرتضی بندۂ درگاہ۔	محمد طاہر خادم درگاہ	مہر فقیر اللہ خادم
غلام محمد بن جان محمد بندۂ درگاہ	عاشق طالب وصل محمد	محمد مراد بن سید ابوالمعالی
سید اللہ بخش	عبدہ مسیح اللہ	اشرف احمد
امجد محمد فاخر	سید دوست محمد	سید جعفر
محمد فاروق	حیات اللہ	محمد معصوم
دلیپ رائے غلام خواجہ معین الدین	اشرف احمد	
محمد علی فدوی فرخ سیر بادشاہ	سید لعل محمد خادم خواجہ معین الدین چشتی	
عبدالوہاب ابن شہاب		

دوسری مہریں کہ جن کے اندراجات پڑھے نہ جا سکے اسی حالت میں چھوڑتا ہوں۔ اصل تذکرہ دیوان اوقاف کے دفتر میں موجود ہے۔

خبر گران بودہ ہر وقت معاونت می کردہ باشند۔ و بعد فراغ انتظام کامل حسب رضائے صاحبِ سجادہ صاحب ممدوح بحضور پرنور اطلاع دہد۔ تساہل دریں باب نبرد۔

روبکار

کچہری صاحب سپرنٹنڈنٹ ضلع اجمیر

بہ جلوس ہنری میڈلٹن صاحب بہادر واقع یکم جون ۱۸۲۷ء

امروز شقہ خاص کرامت اختصاص حضور معلّی محمد اکبر شاہ بادشاہ دام اقبالہ بنام ایں جانب ملفوف خط انگریزی صاحب جج دہلی ورود یافت۔ و بوضوح انجامید کہ حضور معلّی میر عزیز علی را کہ بر عہدہ تولیت درگاہ شریف مقرر بودہ از عہدہ مذکور معزول کردہ و بہ بعضے وجہ مامور داشتن مومی الیہ بریں عہدہ اکنون منظور مزاج معلّی نیست و دیگر کس از پیش گاہ حضور معلّی برائے ایں عہدہ تجویز شدہ خواہد آمد۔ از انجا کہ در ہیچو امر متعلقہ درگاہ مداخلت بہ اہالیان سرکار منظور و متعلق نیست و ظاہرا عزل و نصب ایں عہدہ کہ ہمیشہ از حکم حضور معلّی شدہ آمدہ است نظر بریں اندریں باب امتثال امر فیض اثر حضور معلّی ضرور و از واجبات ست۔ لہٰذا

حکم شد

کہ از تاریخ ہذا میر عزیز علی متولی از عہدہ تولیت درگاہ دست بردار شود۔ و در امرے از حد متعلقہ درگاہ مداخلت نہ سازد و نقل روبکار ہذا جہت اطلاع نزد دیوان مہدی 15-1-2013 علیخان و میر عزیز علی امین درگاہ تحصیلدار درگاہ فرستادہ شود نقل شقہ لف خط دیوان جی فرستادہ آید و درج خط دیوان جی گردد کہ اگر بعد ایں حکم در احد درگاہ چیزے مداخلت نماید بایں جانب اطلاع دہند کہ تجویز بصیغہ فوجداری عنوان عدول حکمی بعمل خواہد آمد۔ و عرضداشت بجواب شقہ حضور منشی ایجنٹی نوشتہ سازد۔

تذکرہ

تذکرہ

صدر الصدور سید امجد خاں کی صدارت میں شیخ فخر الدین کی معزولی اور مذکورہ منصب پر شیخ سراج الدین چشتی کے تقرر کے سلسلہ میں

شیخ سراج الدین مرحوم کی وفات کے بعد شیخ منیر الدین مدظلہٗ العالی کے تقرر کے باب میں

ہم سب پیر زادگان اور ملازمین، اکابرین، خادمین، فقرا و صلحا زبدۃ الواصلین قدوۃ العارفین کے روضہ منورہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ جب حضرت والا فتح و کامرانی کے بعد اجمیر تشریف لائے اور قطب الاقطاب کی زیارت کے لئے گنبد مبارک کے اندر تشریف فرما ہوئے تو اس وقت سید فخر الدین سجادہ نشین تھے جنکی زبان سے ناشائستہ الفاظ نکلے نعوذ باللہ منہا (جن سے ہم اللہ کی پناہ مانگتے ہیں) انکی ہو بہو آواز حضرت کے کان تک پہنچی۔ جب اوراد و وظائف سے فارغ ہوکر گنبد مبارک کے باہر تشریف فرما ہوئے تو صدر الصدور سید امجد خاں کو حکم دیا کہ فخر الدین اس مبارک مقام کی سجادگی کے لائق نہیں ہیں۔ انھیں تبدیل کر دیا جائے۔ حضرت کی اولاد میں سے ایک شخص کہ سجادہ نشینی کی لیاقت و قابلیت رکھتا تھا پیشی اقدس میں انھیں گذرانا گیا۔ صدر الصدور نے شہر کے اکابر اور بزرگوں سے تحقیق کی اور فخر الدین معزول کے چچا سید سراج الدین ولد سید ابوالفتح ابن سید علم الدین کو جو کہ نیکی و تقویٰ سے آراستہ، رات دن عبادت و ریاضت اور تلاوتِ قرآن پاک میں مشغول رہا کرتے تھے ملاحظہ عالی میں پیش کیا۔ چنانچہ حضرت ظلِ سبحانی نے از راہِ کرم سید سراج الدین کو منصبِ سجادہ نشینی پر فائز فرمایا اور اپنی عنایت سے خلعتِ خاصہ اور زنجیرِ فیل اور ایک ہزار روپیہ (۱۰۰۰) عطا فرمائے۔ سید سراج الدین مرحوم کی وفات کے بعد سید منیر الدین خلف سید سراج الدین مرحوم کو جو سجادگی کے لائق اور قابل تھے، اپنے عہد مبارک میں انکے والد کے انتقال پر سرفراز فرمایا۔ چنانچہ سید منیر الدین پہلے کے سجادوں کے دستور کے مطابق سجادہ نشینی کو سرانجام دے رہے ہیں اور دن رات عبادت و ریاضت میں مشغول رہتے ہیں اور رات کی تین گھڑی باقی رہتی ہے تو گنبد مبارک میں حاضر ہو جاتے ہیں اور خلیفۂ وقت کی دولت میں اضافہ اور دنیا بھر میں آرام و سکون کیلئے دعا و فاتحہ گذرانا کرتے ہیں اور فقیروں، غریبوں، صالحوں اور آنے جانے والوں کی حتی المقدور

در باب تقرر منصب سجادگی بہ شیخ مصلح الدین وباز استقرار از منصب مذکور بہ شیخ سراج الدین از انتقال شیخ مصلح الدین

ذکریست در بیان آنکہ چوں غفران پناہ حضرت ظل سبحانی از راہِ قدردانی خدمت سجادہ نشینی زبدۃ الواصلین قدوۃ العارفین مقرب بارگاہِ جبروتی، قطب الاقطاب بحقائق و معارف آگاہ شیخ سراج الدین از تغیر سید فخر الدین عطا فرمودہ بعد رحلت حضرت از تغیر حقائق و معارف آگاہ مرحوم خدمت مسطورہ بہ سید مصلح الدین مقرر گردید محصول فصل ربیع ۱۱۱۹ سنہ فصلی موضع گیلوتہ تنخواہ مقرری سجادہ نشین کہ حق سراج الدین بود باوجودیکہ جنس نخود بتصرف خود آوردہ سید مصلح الدین محصولِ آں از شیخ سراج الدین استرداد کرد و جنس گندم و جو وغیر ذالک کہ در خرمن بود تمامی را متصرف شد۔ درینولا بندگان حضرت قدرقدرت سلیمان مرتبت حضرت از راہِ کرم و فضل من ابتدائے تاریخ چہاردہم ربیع الاول ۲ سنہ خدمت مرقومہ بشیخ سراج الدین مرحمت فرمود۔ سید نجم الدین کہ از انتقال سید مصلح الدین بر خدمت مسطورہ در ایام جہالت قیام داشت بمجرد استماعِ ایں خبر تمام محصول فصل ربیع ۱۱۲۰ سنہ فصلی موضع مرقوم کہ حاصلِ آں مبلغ یک صد و یک روپیہ دوازدہ آنہ نقد و موازی یک ہزار و دوصد و یازدہ من و بست ہشت (۲۸) آثار غلہ بوزن اکبری پیدا شدہ بود بتصرف خود آورد۔ ہر چند وزارت پناہ خواجہ محمد مقیم دیوان میر عباد اللہ نائب تولیت پناہ خواص خوانی متولی بموجب نالش کسان شیخ سراج الدین پیادہا تعین کردند کہ محصو[illegible] ثر نہ کرد و تمام محصول را نجم الدین گرفتہ گریختہ رفت چنانچہ تصرف طومار او بدستخط قانونگو وغیرہ عملہ و فعلہ موضع مرقوم موجود است اگر اندریں باب حسب الحکم بنام ناظم صادر شود محصول فصل ربیع مسطورہ از متصرف استرداد نمودہ بہ شیخ سراج الدین رساند تا بہ جمعیت خاطر بدعائے دوام ابد مدت اشتغال نماید۔

خدمت بجالاتے ہیں۔تمام لوگوں کے ساتھ ساتھ اکابرین، خدام اور بزرگ حضرات موصوفِ مذکور کے حسنِ سلوک کے سبب شکرگزار اور راضی ہیں۔

وہ مہریں جو تذکرہ کی پیشانی، حاشیہ اور نیچے ہیں اور جو پڑھی جاسکیں۔
ورنہ مہروں کی تعداد بہت ہے۔

(۱) مہر قمرالدین بن شمس الدین
(۲) محسن خان خانہ زادمحمد شاہ بادشاہ
(۳) مہر سید محمد خیراللہ محتسب خادم شرع شریف
(۴) قاضی ظہوراللہ
(۵) سید جعفر
(۶) شیخ محمد ولد عبدالرشید خادم درگاہ
(۷) سعداللہ بن شیخ فیض محمد خادم درگاہ
(۸) وارث محمد خطیب
(۹) محمد بڈھن فاروقی
(۱۰) محمد عاشق

دیگر مواہر کہ اندراج آنہا خواندن نمی توانستم بحال خود بگذاشتم اصل تذکرہ بدفتر دیوان اوقاف موجود است۔

15-1-2013

تذکرہ

اجمیر کے محلات میں سے اندر کوٹ میں واقع باغیچہ کے بارے میں

عرش آشیانی نے دیوان خواجہ حسین مرحوم کو سجادہ نشینی قطب الاقطاب کی خدمت پر قائم رکھا تھا۔ اندر کوٹ کے اندر واقع ایک باغیچہ جو دیوان مغفور کے قبضہ وتصرف میں تھا بعد ازاں جو سجادگان یکے بعد دیگر مسند پر بیٹھے وہ بھی باغیچہ مذکور پر قابض ومتصرف رہے اور حضرت خلد منزل کے عہد میں سجادہ نشینی کی خدمت حقائق ومعارف آگاہ شیخ سراج الدین کو حاصل ہوئی تو شیخ موصوف بھی پہلے کے سجادہ نشینوں کی طرح باغیچہ مذکور پر قابض ومتصرف تھے اور موجودہ صاحب سجادہ بھی باغیچہ مذکورہ پر قابض ومتصرف ہیں۔ اس میں کوئی بھی دوسرا شخص ان کا سہیم وشریک نہیں ہے جو کوئی سجادہ ہوتا ہے تو وہ باغیچہ مذکور کو اپنے قبضہ وتصرف میں لے لیتا ہے۔ ہر کوئی جو اس قال وحال سے آگاہی رکھتا ہے، اللہ اسکا بھلا کرے اپنی گواہی ثبت کرتا ہے یا اجازت دیتا ہے تاکہ اللہ کے پاس اجر پائے اور لوگوں میں مشکور ہو۔

مہریں

(۱) شیخ احمد فدوی فرخ سیر بادشاہ
(۲) قاضی عبداللطیف
(۳) عطاء اللہ
(۴) محمد علی فدوی فرخ سیر بادشاہ
(۵) مہر خادم درگاہ
(۶) سید قاسم بن نورالدین
(۷) محمد عزیز نبیرہ سلطان التارکین
(۸) باقر ابن سید مرتضی بندۂ درگاہ
(۹) محمد فاروق بندۂ درگاہ
(۱۰) عبد مسیح الدین
(۱۱) غلام علی
(۱۲) اسداللہ
(۱۳) محمد افضل
(۱۴) محمد مراد
(۱۵) عاقل
(۱۶) سید الٰہ بخش
(۱۷) دولت محمد
(۱۸) سید محمود
(۱۹) حیات اللہ

قانون گو کے ہندی دستخط

تذکرہ

در باب عزل شیخ فخر الدین ونصب شیخ سراج الدین چشتی بمنصب سجادگی بصدارت سید امجد خان صدر الصدور واستقرار منصبِ مذکور بہ شیخ منیر الدین صاحب مدظلہ العالی بعد وفات شیخ سراج الدین مرحوم ومغفور

ما یانکہ جمیع پیرزادہا وارباب وظائف واکابران وخادمان وفقرا وصلحا متعلقان روضۂ منورہ زبدۃ الواصلین قدوۃ العارفین ایم۔ ہرگاہ حضرت بعد فتح کام بخش باجمیر تشریف آوردند و برائے زیارت قطب الاقطاب اندرون گنبد مبارک تشریف فرمودند۔ درآنوقت سید فخر الدین سجادہ نشین بود۔ از زبانِ او بجناب کرامت مآب الفاظِ ناشائستہ برآمد۔ نعوذ باللہ منھا۔ ہو بہو آوازِ او بگوش حضرت رسید۔ چوں از اوراد و وظائف مفروغ شدہ بیرونِ گنبد مبارک تشریف فرمودند۔ بصدر الصدور سید امجد خان حکم شد کہ فخر الدین لائقِ سجادگی ایں مکانِ متبرکہ نیست، تغیر فرمودیم۔ شخصے کہ از اولادِ حضرت لیاقت وقابلیت سجادہ نشینی داشتہ باشد بنظرِ انور بگذارند۔ صدر الصدور حکم از اکابران و بزرگانِ شہر تحقیق نمودہ سید سراج الدین ولد سید ابوالفتح ابن سید علم الدین عمِ فخر الدین معزول بود بصلاح وتقویٰ آراستہ شب وروز بعبادت وریاضت وتلاوت قرآن مشغول بودند بنظر مبارک گزرانید۔ چنانچہ حضرت ظل سبحانی از راہِ تفضّل سید سراج الدین را منصبِ سجادہ نشینی مفوض فرمود بعنایت خلعت خاصہ وزنجیر فیل و یک ہزار روپیہ سرفراز فرمودند۔ بعد وفات سید سراج الدین مرحوم سید منیر الدین خلف سید سراج الدین مرحوم کہ قابل ولائق سجادگی بود در عہد مبارک از انتقال پدرِ خود سرفراز شدند چنانچہ سید منیر الدین مذکور سجادہ نشینی رابدستور سجادہائے پیشین سرانجام می دہد۔ ولیل ونہار بعبادت و ریاضت حق اشتغال دارد۔ ومدام بوقت سہ گھڑی شب باقیماندہ درگنبد مبارک حاضر می شود و برائے ازدیادِ دولت ابدمدت خلیفۂ زمین وزمان باعثِ آرام عالم وعالمیان فاتحہ

15-1-2013

جمیع پیرزادگان ملازمین، خدام ووابستگان درگاہ شریف وغیرہ کی شہادت سے سید امام الدین صاحب سجادہ کی سجادہ نشینی کے وقت

محضر (درخواست) کی نقل

قطب الاقطاب قدس سرہ العزیز

ہم سب پیرزادگان، ملازمین، خدام وغیرہ حضرت سلطان العارفین مقرب بارگاہ جبروتی کاشف اسرارِ لاہوتی حضرت (غریب نواز) کی درگاہ سے وابستہ اور سب کے سب شہر اجمیر میں سکونت پذیر ہیں۔ کسی شک یا ریا سے بالاتر ہم سب یہ معتبر اقرار کرتے ہیں کہ جس روز سید سراج الدین پیرزادہ سجادہ نشین کا انتقال ہوا تو وراثتاً روضہ متبرکہ کے منصبِ سجادگی پر حقائق و معارف آگاہ سید منیر الدین مقرر و فائز کئے گئے وہ ہم لوگوں کے رجوع کردہ ہر امر کی جانب غور وخوض کرتے اور خوب توجہ وعنایت فرمایا کرتے تھے اور ہمارے حق میں رعایت بھی فرماتے تھے۔ چنانچہ ہم سب خدام اس پُرامن دور سے گذرے اور ہم حقائق آگاہ سے راضی وشاکر رہے۔ بلدہ اجمیر میں تشریف آوری کے موقع پر سید سراج الدین خلد مکان کے روضہ مقدسہ کو آپ نے خود اپنے ہاتھوں سے آراستہ فرمایا لیکن معارف آگاہ مذکور نے بھی قضائے الٰہی سے اپنی زندگی کی امانت خدا کے سپرد فرمادی۔ جس کے بعد آپ کے ورثاء میں سید امام الدین اور سید فیض الدین باقی رہے۔ لیکن سجادہ نشین مرحوم کے فرزند اکبر سید امام الدین جو فضیلت اور تقویٰ کے زیور سے آراستہ ہیں۔ آپ اپنے والد بزرگوار کے حکم پر چھ ماہ قبل ہی اجمیر شریف پہنچے اور دنیاوی معاملات کو ترک کر کے گوشۂ قناعت اختیار کیا۔ رات دن اپنے والد کی خدمت میں حاضر رہے۔ حالات کا علم ہونے کے بعد ہم لوگ انھیں یگانۂ روزگار تصور کرتے ہیں اور موصوف مذکور سے بہت راضی بھی ہیں۔ چونکہ آپ اپنے وابستگان کی کثیر جماعت اپنے ہمراہ رکھتے ہیں اور ذریعہ معاش کچھ بھی نہیں ہے لہٰذا منصب سجادگی کی خدمت پر حقوق وراثت کے طور پر اگر سید امام الدین مقرر ہو جائیں تو درگاہ کی رونق بڑھ جائے

می خواند۔ وخدمت فقرا وغربا وصلحا ومردمانِ صادر ووارد حتی المقدور بجا می آرد۔ با مردم جمیع اکابران وخادمان وبزرگان وغیرہ از حسنِ سلوکِ مومی الیہ راضی وشاکر ایم۔

15-1-2013

گی۔ اور ہم لوگ بھی آرام سے رہیں گے۔ اس بنا پر یہ چند کلمات راضی نامہ کے طور پر تحریر کردیئے گئے۔ ۱۴ رربیع الآخر سنہ ۲۳

گلے بشکفت قمر الدین ز گلزارِ معین الدین

معین الدین کے گلزار سے ایک پھول قمر الدین کھل اٹھا

خاکپائے تو شد عطاء اللہ خواجہ معین الدین

تمہارے پاؤں کی خاک ہوگیا عطاء اللہ خواجہ معین الدین

ز اولادِ علی ، آل پیمبر، نسل معین الدین

معین الدین کی نسل پیغمبر کی آل اور علی کی اولاد سے ہے

جمال الدین از نسلِ خواجہ معین الدین

خواجہ معین الدین کی نسل سے جمال الدین ہے

مہریں

(۱) غیاث الدین

(۲) "دلے بود کہ برہان حق رضا جوید"

(ایک دل تھا کہ حق کی برہان کی تلاش کرتا ہے۔)

(۳) مہر کمال دین محمد ضیاء الدین سے

(۴) (مہر چھوٹی) جو پڑھی نہیں جاتی

(۵) (مہر چھوٹی) جو پڑھی نہیں جاتی

(۶) (مہر مربع) جو پڑھی نہیں جاتی

(۷) جنید موسوی

(۸) محمد فاخر

(۹) جواج الدین بن نظر محمد

(۱۰) (مہر ہلالی) محمد سادات

(۱۱) مہر جو پڑھی نہیں جاتی

(۱۲) غلام محی الدین خادم

(۱۳) علاء الدین احمد

(۱۴) غلام عنایت فیاض

(۱۵) مہر نور علی ادہمی

(۱۶) مہر جو نہیں پڑھی جاتی

(۱۷) عبدہ محمد حسن

(۱۸) بڑی گول مہر پیشانی پر جو پڑھی نہیں جاتی

تذکرہ

در باب باغیچہ واقع اندر کوٹ من محلات دارالخیر اجمیر

عرش آشیانی بر خدمت سجادہ نشینی قطب الاقطاب دیوان خواجہ حسین مرحوم قیام داشت یک باغیچہ واقع اندرون اندرکوٹ کہ بہ قبض وتصرف دیوان مغفور بود بعد ازان سجادہا کرسی بہ کرسی شدند و بر باغیچہ مُذکور قابض ومتصرف می بودند۔ و در عہد حضرت خلد منزل خدمت سجادہ نشینی بہ حقایق و معارف آگاہ شیخ سراج الدین گشت۔ شیخ مومی الیہ نیز بر باغیچہ سجادہائے پیشین بر باغیچہ مذکور قابض ومتصرف بود۔ وحالا ہم صاحبِ سجادہ بر باغچہ مسطورہ قابض ومتصرف اند۔ ہیچ کس سہیم و شریک دران نیست ہر کہ سجادہ می شود باغچہ مرقومہ را بہ قبض وتصرفِ خود می آرد وہر کہ بر مصداقِ ایں مقال وایں حال آگاہی داشتہ باشد وحسبۃً للہ گواہی خود ثبت نماید یا اجازت دہد کہ عند اللہ ماجور وعند الناس مشکور گردد۔

15-1-2013

دستخط قانون گو بخط ہندی

نقل محضر

بہ شہادت جمیع پیرزادہا وارباب وظایف وخدما وغیرہ وابستگانِ درگاہ شریف بوقت سجادہ نشینی سید امام الدین صاحب سجادہ

قطب الاقطاب قدس سرہ العزیز

ما یانکہ جمیع پیرزادہ ہا و اربابِ وظایف و خدما وغیرہ وابستگانِ درگاہ حضرت سلطان العارفین، زبدۃ الواصلین، مقرب بارگاہِ جبروتی، کاشفِ اسرار لاہوتی، حضرت وجمہور سکنہ بلدہ دارالخیر اجمیر ایم۔ اقرار معتبر لاریب فیہ والریا می نمائیم بدیں وجہ کہ چوں ازاں روز یکہ از انتقال سید سراج الدین پیرزادہ سجادہ نشین از روے ارث خدمت منصبِ سجادگی روضہ متبرکہ بر حقایق و معارف آگاہ سید منیر الدین مقرر ومفوض گشتہ در ہر امور مرجوعہ ما مردم سعی غور و پرداخت و بذل وتوجہات فرواں می کردند۔ و در حق ما مردم بر طبق استعداد مراعات نیز می فرمودند چنانچہ ما بندہا در مہد امن بودہ از حقایق آگاہ راضی و شاکر ماندیم۔ وبہنگام تشریف آوردن خلد مکان در بلدہ اجمیر۔ کاکل حضرت خدیو گیہان گیتی خدا سید سراج الدین والا حقایق آگاہ در روضۂ مقدسہ از دست خود تراشیدہ بودند۔ درینولا۔ معارف آگاہ مذکور بہ قضائے الٰہی ودیعت حیات سپردہ۔ وسید امام الدین وسید فیض الدین ورثہ ماندند۔ سیما سید امام الدین خلف کلاں سجادہ نشین مرحوم 15-1-2013 بزیورِ فضیلت وتقویٰ آراستہ وپیش از شش ماہ مشاراً الیہ بموجب ایمائے والد بزرگوار خود در اجمیر رسیدہ وترکِ معاملات دنیا کردہ وزاویہ قناعت گزیدہ شب و روز در خدمت والد حاضر می ماند۔ ودر خبر گرفتگی احوال ما مردم یگانۂ روزگار تصور می تواں نمود واز مشاراً الیہ بسیار راضی ایم۔ چوں جماعت کثیر وابستہ ہمراہ دارد ومعیشت ہیچ نیست۔ اگر خدمت منصبِ سجادگی بر سبیل حقوق وراثت بہ سید امام الدین مقرر شود۔

مقدمہ درگاہ رونق خواہد یافت و ما مردم بہ آرام خواہیم بود۔ بنا براں ایں چند کلمہ بہ طریق راضی نامہ نوشتہ دادیم۔ ۱۴؍ربیع الآخر سنہ ۲۳

گلے بشکفت قمر الدین ز گلزارِ معین الدین

خاکپائے تو شد عطاء اللہ خواجہ معین الدین

ز اولادِ علی ، آل پیمبر، نسل معین الدین

جمال الدین از نسلِ خواجہ معین الدین

15-1-2013

15-1-2013

15-1-2013

حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیا معین الحق والدین قدس سرہٗ کی
نسبی اولاد کا ذکر

خواجہ بزرگ کے تین صاحبزادے خواجہ سید فخر الدین، خواجہ سید ضیاء الدین ابوسعید، خواجہ سید حسام الدین اور ایک صاحبزادی حافظ بی بی جمال تھیں۔

خواجہ سید حسام الدین: ابدالوں کی صحبت میں رہے اور لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ ہو گئے۔

خواجہ سید ضیاء الدین ابوسعید: کے دو بیٹے تھے۔ خواجہ احمد اور خواجہ وحید۔ ان کا ذکر فوائد الفؤاد میں مذکور ہے۔ لیکن اس سے زیادہ معلومات نہیں ہیں۔

خواجہ سید فخر الدین: خواجہ بزرگ کے زمانے میں مقام ناندن (مانڈل) میں سکونت پذیر تھے۔ کھیتی باڑی کی زمین کی پریشانی کی وجہ سے خواجہ بزرگ کو بادشاہ دہلی کے پاس جا کر آپ کے لئے فرمان لانا پڑا تھا۔ آپ نے وہیں زندگی گذاری۔ اس کے بعد قصبہٗ سرواڑ جو اجمیر شریف سے ۱۶ر فرسنگ (۶۵ کلومیٹر) پر ہے سکونت اختیار کر لی۔ اور اسی جگہ واصل بحق ہوئے۔ آپؒ کا مزار پاک قصبہ کی آبادی میں ایک بڑے تالاب کے کنارے واقع ہے۔

خواجہ فخر الدین رحمۃ اللہ علیہ کے صاحبزادوں میں بڑے بیٹے سید حسام الدین ہیں۔ ان کا حال اکثر کتابوں میں مذکور ہے۔ باقی دوسروں کا حال معلوم نہ ہو سکا۔ خواجہ فخر الدین چشتی کا سالِ وفات سنہ ۶۵۳ھ ہے۔

بی بی حافظہ جمال بنت خواجہ بزرگ: آپکے دو فرزند پیدا ہوئے اور خدا سے جا ملے۔ بی بی حافظہ جمال اور انکے صاحبزادوں کے مزار خواجہٗ بزرگ کے روضہ کے پائتیں میں ہیں۔ بی بی جمال کے شوہر شیخ رضی الدین تھے جو قصبہٗ ناگور میں مندولا تالاب کے کنارے آسودہ ہیں۔

خواجہ حسام الدین سوختہ بن خواجہ سید فخر الدین: زمانے بھر میں برگزیدہ اور سلطان المشائخ خواجہ نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ کے ہم صحبت تھے۔ سوز و گداز اور عشقِ الٰہی رکھنے کے باعث اقصائے عالم میں سوختہ کے لقب سے مشہور ہوئے۔ آپ کا مزار شریف اجمیر شریف کے راستہ میں قصبہٗ سانبھر میں موجود ہے اور یہ بات تحقیق شدہ ہے کہ آپ کے دو صاحبزدے

15-1-2013

پیدا ہوئے۔خواجہ معین الدین خُرد اور خواجہ قیام الدین ببر بال۔خواجہ سوختہ موصوف سات سو اکتالیس ۷۴۱ھ میں واصل بحق ہو گئے۔

خواجہ معین الدین خُرد بن خواجہ حسام الدین سوختہ: نصیر الدین محمود نصیر الاولیاء کے خلیفۂ اعظم تھے۔آپ کا مزار پاک خواجہ بزرگ کے مزار کے پائتیں سنگ مرمر کی جالی میں ہے خواجہ معین الدین خُرد سے ایک فرزند سید نظام الدین اور ان سے سید فرید الدین اور ان سے سید قطب الدین ہوئے جن کا لقب چشت خان تھا۔اور یہ چشت خاں مالوہ فوج کے سپہ سالار تھے۔خواجہ معین الدین خُرد کی اولاد میں سے ایک سید بدھ تھے۔جنھوں نے سلطان محمود سے سید الملک کا خطاب پایا۔خواجہ معین الدین خُرد کی دوسری اولاد کا مفصل حال معلوم نہیں ہے۔سوائے اس کے کہ ان کی اولاد و احفاد میں سے چند لوگ ابھی بھی دکن اور مالوہ کے نواح میں سکونت رکھتے ہیں۔حضرت خواجہ خُرد نے ۷۶۱ھ میں رحلت پائی۔

خواجہ قیام الدین ببر بال بن خواجہ حسام الدین سوختہ: مردِ دلیر تھے اور بت پرستوں کے مقابلہ میں بہادرانہ زندگی بسر کی۔اسی وجہ سے ان کو ''ہٹیلا باگھ'' کہتے تھے۔ان سے ایک فرزند ہوئے۔خواجہ قیام الدین کا مزار خواجۂ بزرگ کے پائتیں سنگِ مرمر کی سفید جالی میں اپنے بھائی خواجہ معین الدین خُرد کے برابر ہے۔خواجہ ببر بال نے اس دنیائے فانی سے ۷۶۷ھ میں انتقال کیا۔

خواجہ نجم الدین خالد بن خواجہ قیام الدین: ان سے دو صاحبزادے پیدا ہوئے۔

سید ابو زید بن خواجہ نجم الدین خالد کے دو فرزند ہوئے۔خواجہ احمد اور خواجہ وحید۔ان دونوں کا اس سے زیادہ حال معلوم نہ ہو سکا۔خواجہ خالد نے ۷۶۷ھ میں وفات پائی۔

سید کمال الدین حسن احمد: خواجہ نجم الدین خالد کے دوسرے صاحبزادے ہیں۔(انکو بعض نے خواجہ سید نجم الدین خالد کا چھوٹا بھائی کہا ہے۔جنکو خواجہ سید نجم الدین نے اپنی فرزندی میں قبول کر لیا تھا۔)ان کا سالِ وفات ۷۸۶ ہجری قدسی ہے۔

شہاب الدین: خواجہ سید کمال الدین کے فرزند ہیں۔انتہائی پرہیز گار تھے۔آپ نے بت پرستوں سے بڑی تکلیفیں برداشت کیں۔۸۱۱ھ میں فوت ہوئے۔ان کے صاحبزادے

سید تاج الدین بایزید بزرگ: بڑے دانشمند اور متبحر عالم تھے۔دینی علوم حاصل کئے

15-1-2013

۔اورجس زمانے میں کہ بت پرستوں کی چیرہ دستیوں سے اسلام کی بنیاد دارالخیر اجمیر میں منقطع ہوگئی تھی بالآخر جب سلطان خلجی نے اسلام کی رونق بحال کی۔تو سید تاج الدین کو مسلمانوں کے درس وتلقین کے لئے مامور کیا۔جیسا کہ ''گلزارِابرار'' اور ''اخبارالاخیار'' وغیرہ میں تفصیل سے تحریر ہے۔ ۸۸۰ھ میں آپ نے اس دنیا سے رحلت فرمائی۔انکی بیوی مفتی محمود دہلوی شیخ الہند کی بیٹی تھیں۔

سید نورالدین طاہر: شیخ تاج الدین کے لائق فرزند ہیں۔انکی بیوی حضرت خواجہ مخدوم حسین ناگوری کی صاحبزادی تھیں۔جیسا کہ اخبارالاخیار اور مونس الارواح سے ظاہر ہے۔مدتِ دراز تک جادۂ مشیخت وارشاد پر فائز رہے ۹۰۵ھ میں جاں بحق ہوئے۔

سید رفیع الدین بایزید خُرد: نورالدین طاہر کے فرزندِ دلبند ہیں۔صاحبِ علم وعمل، صاحبِ کرامت وخوارق تھے۔عرصۂ دراز تک اپنے جدّ بزرگوار کے روضۂ مبارک میں درس دیا۔اور بے شمار بادیۂ ضلالت کے گمراہوں کو سیدھا راستہ دکھایا۔اِنکی زوجہ خواجہ حمیدالدین صوفی سوالی کے خاندان سے تھیں۔ان کے احوال میں ''گلزارِابرار'' کتاب شاہد ہے۔ان کا سالِ وفات ۹۲۲ھ ہے۔

سید معین الدین ثالث: سید رفیع الدین بایزید خُرد کے فرزندِ جگر پیوند ہیں۔جس وقت اجمیر میں ہندوراجاؤں کا ظلم وستم حد سے گذرا۔یہ کم عمر تھے۔ان کے جاں نثار خادموں نے انھیں یہاں سے ناگور پہنچایا۔جو انکی والدہ محترمہ کا وطن تھا۔یہیں پر اقامت اختیار کی۔اور خواجہ حمید الدین صوفی سوالی کے خاندان کی ایک پاکدامن خاتون سے شادی کی۔اور یہیں پر ۹۴۰ھ میں رخت سفر باندھا۔اور حضرت خواجہ حمیدالدین صوفی سوالی کے جوار میں مدفون ہوئے۔انکے تین بیٹے خواجہ حسن، خواجہ حسین اور خواجہ ابوالخیر تھے۔

خواجہ حسن: یہ مجذوب تھے۔انکی دو بیٹیاں ہوئیں۔ایک بی بی سلطان خاتون، جنکا نکاح سید ولی محمد بن خواجہ ابوالخیر سے ہوا۔دوسری ملکہ جہاں کہ جن کا نکاح سید شاہ محمد بن خواجہ ابوالخیر سے ہوا۔

دیوان خواجہ حسین: نے شادی نہیں کی۔

تذکرہ انساب اولاد

حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیا معین الحق والدین قدس سرہٗ

خواجہ بزرگ یک دختر و سہ پسر داشت۔ خواجہ سید فخر الدین۔ خواجہ سید ضیاء الدین ابوسعید۔ خواجہ سید حسام الدین۔ وحافظہ بی بی جمال۔

خواجہ سید حسام الدین: بہ صحبت ابدال پیوست واز چشم مردم پنہاں شد۔

خواجہ سید ضیاء الدین ابوسعید: دو پسر داشت۔ خواجہ احمد وخواجہ وحید کہ ذکرِ ایشاں درنسخہ فوائد الفؤاد مذکور است۔ اما بیش ازیں معلوم نیست۔

خواجہ فخر الدین: در زمانِ حضرت خواجہ بزرگ در موضع ناندن سکونت داشت و بہ تردد کاشتکارے اراضی کہ حضرت خواجہ بزرگ بجہت آں پیش بادشاہ دہلی رفتہ فرمان آوردہ بود۔ زندگی می کرد۔ وبعدہٗ در قصبہ سرواڑ کہ از اجمیر شانزدہ فرسنگ است سکونت اختیار کرد۔ وہموں جا بوصال حق پیوست۔ مرقدِ پاکش در آبادیئے قصبہ برلبِ حوضِ بزرگ واقع است۔ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

واز جملہ پسرانِ او سید حسام الدین پسر بزرگ کہ احوالِ او در اکثر کتب مذکور است۔ باقی حال دیگراں معلوم نشد۔ سالِ وفاتش سنہ ۶۵۳ ہجری است۔

بی بی جمال حافظہ دختر خواجہ بزرگ: از وے دو پسران بوجود آمدند۔ و برحمت حق پیوست۔ قبر بی بی جمال وفرزندانش پائیں روضۂ شریف خواجہ بزرگ است وجفتِ شرعی بی بی جمال شیخ رضی الدین بود کہ در قصبہ ناگور بر کنار تالاب مندولا آسودہ است۔

خواجہ حسام الدین سوختہ بن خواجہ سید فخر الدین: برگزیدۂ آفاق وہم صحبتِ سلطان المشائخ خواجہ نظام الدین اولیا بود۔ وبجہت سوز وگداز وعشق کہ داشت در اقصائے عالم بہ لقب سوختہ مشہور گشت۔ مرقدِ پاکش در قصبہ سانبھر باختر سوئے بر سر راہ اجمیر نمودار است ومحقق است کہ از وے دو پسران بوجود آمدند۔ خواجہ معین الدین

خواجہ ابوالخیر: کے بارہ بیٹے تھے۔ پانچ والد کی زندگی میں ہی ایامِ طفولیت میں فوت ہو گئے۔ سات باقی رہے۔۔ سید ولی محمد، سید علم الدین، سید شاہ محمد، سید معین الدین، سید شہاب الدین، سید محمود، سید مودود۔ خواجہ ابوالخیر کا سالِ وفات ۹۲۰ھ ہے۔

سید ولی محمد بن خواجہ ابوالخیر: انھیں اپنی زوجہ سلطان خاتون سے ایک بیٹا اور ایک بیٹی ہوئی۔

سید عبدالستار بن دیوان ولی محمد: یہ مجذوب تھے۔ انکے فضائل کا تذکرہ ''مدائنِ معین'' میں مذکور ہے۔ ''سوندھا شاہی'' گروہ انھیں سے منسوب ہے۔ سید ولی محمد کی دو دوسری بیویاں بھی تھیں۔ جن سے دولڑکے ہوئے اور بچپن میں ہی فوت ہو گئے۔

بی بی جھنی بنت سید ولی محمد بن ابوالخیر: یہ سید بایزید بن سید شاہ محمد بن خواجہ ابوالخیر کی منکوحہ ہوئیں۔

سید شاہ محمد بن سید خواجہ ابوالخیر بن معین الدین ثالث: انکی بیوی ملکہ جہاں بنت خواجہ حسن تھیں۔ انکے تین لڑکے ہوئے۔ اول سید ابراہیم۔ دوم سید عبدالصمد۔ سوم سید بایزید۔ سید عبدالصمد سے اولاد ہوئی لیکن زندہ نہ رہی۔ سید ابراہیم کے دولڑکے ہوئے۔ اول سید غیاث الدین جو لاولد فوت ہوئے۔ دوم سید محمد طاہر جو آرکاٹ جاکر سکونت پذیر ہوئے۔ انکی اولاد واحفاد ابھی تک وہاں باقی ہے۔ اور سید طاہر چشتی کی اولاد کے نام سے مشہور ہے۔ سید بایزید کی دو بیویاں تھیں۔ ایک بی بی جھنی بنت سید ولی محمد۔ دوسری بیوی غیر کفو تھی۔ بی بی جھنی کی ایک بیٹی مسماۃ بی بی راستی تھیں جنکو راج بی بھی کہتے تھے۔ یہ سید فخر الدین عرف سید ہزاری کی زوجہ تھیں۔ سید بایزید کی زوجہ جو نارنول کے سادات خاندان سے تھی ان سے دو بیٹیاں ہوئیں۔ اول بی بی نصرت جو خواجہ نعمت اللہ متولی سے منسوب ہوئیں۔ دوسری عزت بی بی جو بوڑھی ہو کر فوت ہوئیں۔

سید محمود و سید مودود: یہ دونوں خواجہ ابوالخیر کے بیٹے ہیں۔ مجرد زندگی گزاری اور لاولد فوت ہوئے۔

شہاب الدین بن سید خواجہ ابوالخیر: انکے دولڑکے ہوئے۔ ایک سید محی الدین دوسرے عاشق محمد عرف سید اچھا۔ سید محی الدین کے ایک لڑکا سید فخر الدین عرف سید ہزاری ہوا۔ اور دو لڑکیاں ہوئیں۔ اول جان بی بی جو سید شمس الدین کی منکوحہ ہوئیں۔ دوسری فاطمہ جو سید عبدالنبی

خُرد و خواجہ قیام الدین ببر بال۔ و خواجہ سوختہ موصوف در سال هفت صد و چهل و یک برحمتِ حق پیوست۔

خواجہ معین الدین خُرد بن خواجہ حسام الدین سوختہ: خلیفۂ اعظم نصیر الدین محمود نصیر الاولیا بود۔ مرقدِ پاکش پائیں مزار حضرت خواجہ بزرگ است۔ در مجر سنگِ سفید۔ از وے یک پسر بود۔ سید نظام الدین واز و سید فرید الدین واز و سید قطب الدین است کہ بہ چشت خان ملقب بود۔ و سپہ سالاری افواج مالوہ داشت۔ و یکے از نبائر خواجہ معین الدین خُرد سید بدھ بود کہ از سلطان محمود خلج خطاب سید الملک یافت۔ دیگر حال مفصل اولاد خواجہ معین الدین خُرد معلوم نیست۔ جز آنکہ از اولاد و احفادِ او کسانے چند در نواحِ دکن و مالوہ ہنوز سکونت دارند و حضرت خواجہ خُرد در ۶۱؁ھ رحلت فرمود۔

خواجہ قیام الدین بابربال بن خواجہ حسام الدین: مرد دلیر بود و با پیکر پرستاں شیرانہ بسرمی برد ازیں جہت اورا ہٹیلا باگھ می گفتند۔ از وے یک پسر بود۔ قبر خواجہ قیام الدین پائیں روضۂ خواجہ بزرگ، برابر مرقد برادرِ او خواجہ معین الدین خُرد واقع است۔ در مجر سنگِ سفید۔ خواجہ بابربال در ۶۷؁ھ ازیں دارِ ناپائیدار انتقال کرد۔

خواجہ نجم الدین خالد بن خواجہ قیام الدین: از وے دو پسران بوجود آمدند۔

سید ابو یزید بن خواجہ نجم الدین خالد: دو پسر داشت۔ خواجہ احمد و خواجہ وحید۔ بیش ازیں حالِ ایشاں معلوم نشد۔ خواجہ خالد در ۷۶؁ ہجری وفات یافت۔

سید کمال الدین حسن احمد فرزندِ دوم خواجہ نجم الدین خالد است۔ (و اورا بقول بعضے برادر خُرد خواجہ نجم الدین خواندہ اند کہ خواجہ سید نجم الدین اورا بہ فرزندی هم قبول کردہ بود) سالِ وفاتش ۸۶؁ ہجری قدسی است۔

شہاب الدین فرزند خواجہ سید کمال الدین است۔ از بس متورع بود و از دست پیکر پرستاں اذیت ہا برداشت و در ۸۱۱؁ھ فوت شد۔ و اورا پسرے بود

سید تاج الدین بایزید بزرگ: دانشمند بزرگ و عالمِ متبحر بود۔ اکتسابِ علومِ دینیہ

بن سید ابوالبرکات سے منسوب ہوئیں۔

سید فخر الدین عرف سید ہزاری کی دو لڑکیاں ہوئیں۔ اول بزرگ نساء جو مفرح الدین بن دیوان فخر الدین کی منکوحہ ہوئیں۔ دوم بی بی فرزانہ جو سید مصلح الدین بن دیوان فخر الدین سے منسوب ہوئیں۔ اور شہاب الدین کے دوسرے بیٹے سید عاشق محمد کے ایک لڑکا سید نتھو اور چھ لڑکیاں ہوئیں۔ اول بی بی حفیظہ تھیں جو سید شرف الدین بن سید نظام کے عقد میں آئیں۔ دوسری لڑکیوں کا حال معلوم نہ ہوسکا۔ سید نتھو بن سید عاشق محمد عرف سید اچھا کے ایک لڑکا سید غلام حسین ہوا جو شادی سے پہلے سفر پر گیا اور واپس نہ آیا۔

سید خواجہ علم الدین بن سید خواجہ ابوالخیر: انکی زوجۂ عفیفہ کا اسمِ گرامی زحیب النساء ہے۔ جو سلطان التارکین خواجہ حمید الدین ناگوری کی صحیح اولاد میں سے تھیں۔ ان سے تین لڑکے وجود میں آئے۔ اول سید علاء الدین۔ دوم سید حسام الدین۔ سوم سید ابوالفتح۔

معلوم ہو کہ سید علاء الدین بن سید علم الدین: کے تین لڑکے اور تین لڑکیاں ہوئیں۔ سید محمد جو پہلے لڑکے تھے سجادہ نشین ہوئے۔ انکی دو اہلیہ تھیں۔ ان میں سے ایک بیوی سلطان التارکین کے خاندان سے تھیں۔ جنکے بطن سے ایک لڑکی ہوئی جسکا نام فخر النساء تھا جو شیخ عبدالرزاق نبیرہ سلطان التارکین سے منسوب ہوئیں۔ سید محمد کی دوسری بیوی مسماۃ ملیح النساء غیر کفو تھیں۔ یعنی شیخ بھنیا جو قصبہ کرانہ کے رہنے والے تھے انکی بیٹی تھیں۔ ان کے بطن سے چار لڑکے ہوئے۔ اول فخر الدین جو سید محمد کی وفات کے بعد سجادہ نشین ہوئے۔ لیکن چونکہ شاہ عالم بہادر شاہ بن اورنگ زیب کو ان سے ملال تھا۔ اس وجہ سے منصبِ سجادگی سے معزول ہوئے۔ اور سید سراج الدین بن ابوالفتح انکی جگہ فائز ہوئے۔ اب تک منصبِ سجادگی انہی کی اولاد میں برقرار ہے۔

سید فخر الدین بن سید محمد: کی تین بیویاں تھیں۔ اول بی بی جینی بنت نواب فیض اللہ خان جو مخدوم سید جلال بخاری کی اولاد میں سے تھیں۔ لیکن ان سے اولاد نہیں ہوئی۔ دوسری بیوی بی بی عزیز بانو تھیں۔ ان کے بطن سے دو لڑکے ہوئے۔ اول سید مفرح الدین۔ دوم سید مصلح الدین۔ تیسری بیوی غیر کفو تھیں۔ ان کے بطن سے ایک لڑکا سید نجم الدین ہوا۔

سید سیف اللہ: سید محمد کے دوسرے بیٹے ہیں بعض لوگوں نے ان کا نام شریعت اللہ بھی لکھا

کرد۔ دراں زمانے کہ از چیرہ دستی پیکر پرستاں بنائے اسلام در دارالخیر اجمیر قطع گردیدہ بود بالآخر وقتے کہ سلطان خلج رونق اسلام تازہ کرد سید تاج الدین را بہ درس و تلقین جماعہ اسلام در اجمیر مامور فرمود چنانکہ در گلزارِ ابرار و اخبار الاخیار وغیرہ بشرح و بسط مندرج است۔ در سنہ ۸۸۰ھ ازیں سرائے پنج روزہ رحلت فرمود۔ وزوجۂ او دختر مفتی محمود دہلوی شیخ الہند بود۔

سید نور الدین طاہر: پسر ارجمند شیخ تاج الدین است۔ زوجۂ او دختر پاک حضرت خواجہ مخدوم حسین ناگوری بود۔ چنانکہ از اخبار الاخیار، مونس الارواح مبرہن است۔ او تا مدتِ دراز بر جادۂ مشیخت وارشاد تمکین داشت۔ ودر سنہ ۹۰۵ ہجری جان بحق تسلیم کرد۔

سید رفیع الدین بایزید خُرد: پور دلبند نور الدین طاہر است۔ صاحبِ علم و عمل و خوارقِ کرامات بود۔ سالہا در روضہ حضرت خواجہ معین الاولیا جد بزرگوارِ خویش درس گفت۔ و بیشتر گمراہانِ بادیۂ ضلالت را راہِ راست نمود۔ زوجۂ او از خاندانِ خواجہ حمید الدین صوفی السوالی است۔ در باب احوال آں برگزیدہ آفاق نسخۂ ''گلزار ابرار'' شاہد است۔ سال وفات نہ صد و بست و دو سنہ ۹۲۲ نبوی قدسی۔

سید معین الدین ثالث: فرزند جگر پیوند سید رفیع الدین بایزید خُرد وقتیکہ در اجمیر ظلم و تعدی راجگانِ ہندو نژاد از حد گزشت۔ او خُرد سال بود۔ خادمانِ جاں نثار اورا ازیں جا در ناگور رسانیدند کہ وطنِ مادر بزرگش بود۔ ہمونجا اقامت ورزیدہ واز خانوادہ بزرگ خواجہ حمید الدین صوفی سوالی 15-1-2018 [illegible]۔ وہمونجا در سال نہ صد و چہل رختِ رحلت بر بست۔ و در جوار مرقد حضرت خواجہ حمید الدین صوفی سوالی مدفن یافت۔ واو را سہ پسران خواجہ حسن وخواجہ حسین وخواجہ ابوالخیر بود۔

خواجہ حسن: مجذوب بود۔ ودو دختر داشت۔ یکے بی بی سلطان خاتون کہ بہ سید ولی محمد بن خواجہ ابوالخیر منکوحہ شد۔ ودوم ملکہ جہاں کہ بہ عقد نکاح سید شاہ محمد بن خواجہ ابوالخیر در آمد۔

دیوان خواجہ حسین: متاہل نہ گشت۔

ہے۔ انکی بیوی صالح بنت مقرب خاں تھیں۔ ان سے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔ آخر کار سیف اللہ نے دوسری بیوی کی۔ یہ غیر کفو تھیں۔ ان سے ایک لڑکا سید حبیب اللہ ہوا۔ سید حبیب اللہ کی دو بیویاں تھیں۔ ایک بیوی جو غیر کفو تھی۔ اس کے بطن سے دو لڑکیاں پیدا ہوئیں۔ ایک زمانہ آگاہی سے قبل ہی انتقال کر گئی۔ دوسری سید حمزہ بن عظیم الدین بن عظمت اللہ بن حسام الدین بن علم الدین کے عقد نکاح میں آئی۔ سید حبیب اللہ کی دوسری بیوی بی بی رمضانی نام کی تھی۔ انکے بطن سے ایک لڑکا سید فیض اللہ ہوا جس کی شرعی بیوی کا نام بدیع النساء تھا۔

سید عماد الدین: سید محمد کے تیسرے لڑکے ہیں۔ انکی زوجہ کا نام وجیہ النساء بنت شیخ نظام ناگوری تھا۔ جو سلطان التارکین کی نبیرہ تھیں۔ انکے بطن سے بہت سی اولاد ہوئیں۔ لیکن ابتدائی زندگی میں ہی فوت ہوگئیں۔ آخر کار غیر کفو عورت سے ایک لڑکا ہوا۔ جس کا نام غلام چشتی تھا۔ اور اس کی سید نجم الدین بن سید فخر الدین بن سید محمد علاء الدین بن علم الدین کی بیٹی سے شادی ہوئی۔ اس سے زیادہ حال معلوم نہیں ہے۔

سید امام الدین: سید محمد کے چوتھے بیٹے ہیں۔ کرانہ کے شیخ زادوں کی ایک عورت سے شادی کی۔ لاولد فوت ہوئے۔

مفرح الدین بن سید فخر الدین بن سید محمد: انکی بیوی بی بی بزرگ النساء بنت فخر الدین عرف سید ہزاری تھیں۔ ان سے دو لڑکے حمید الدین اور مجید الدین ہوئے۔ اور دوسری بیوی بی بی عائشہ بھی تھیں۔ لیکن ان سے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔

سید حمید الدین: ان کو بی بی صاحبِ جمال بنت سید مصلح الدین بن سید فخر الدین سے ایک لڑکا ہوا۔ جس کا نام سید نتھن تھا۔ اور سید نتھن کی زوجہ بی بی زینا قاضی حمید الدین ناگوری کی اولاد میں سے تھیں۔

سید مجید الدین بن مفرح الدین: ان کے مسماۃ سعادت بانو بنت قاضی ابوالفتح ساکن سانبھر سے ایک لڑکا ہوا۔ جس کا نام غلام محی الدین تھا۔ اور سید غلام محی الدین کی سات لڑکیاں ہوئیں۔ اول کفایت النساء جو سید نجیب اللہ نبیرہ سید حسام الدین بن علم الدین کی منکوحہ ہوئیں۔ لیکن ان کے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔ دوم نور النساء جو سید وارث علی بن سید صدر الدین

خواجہ ابوالخیر: دوازدہ پسر داشت۔ پنج پیش از زمانِ آگہی در حیات پدر فوت شدند و ہفت باقی ماندند۔ سید ولی محمد، سید علم الدین، سید شاہ محمد، سید معین الدین، سید شہاب الدین، سید محمود، سید مودود۔ سالِ وفاتش ۱۰۲۹ ہجری است۔

سید ولی محمد بن خواجہ ابوالخیر: از بطن زوجہ خود سلطان خاتون یک پسر داشت۔ و یک دختر

سید عبدالستار بن دیوان ولی محمد: مجذوب بود۔ وذکر فضائل او در مدائن معین مذکور است۔ گروہِ سوندھا شاہی باو منسوب بود۔ و سید ولی محمد را دو زن دیگر بودند کہ از بطن او دو پسر شدند و بہ طفلی وفات یافتند۔

بی بی جھنی دختر سید ولی محمد بن ابوالخیر: با سید بایزید بن سید شاہ محمد بن خواجہ ابوالخیر منکوحہ شد۔

سید شاہ محمد پسر سید خواجہ ابوالخیر بن معین الدین ثالث: زوجہ شرعیہ او ملکہ جہاں بنت خواجہ حسن بود۔ از وے سہ پسران بوجود آمدند۔ اول سید ابراہیم، دوم عبدالصمد، سوم سید بایزید۔ از سید عبدالصمد اولاد شد۔ اما زندہ نماند۔ از سید ابراہیم دو پسر بوجود آمدند۔ اول سید غیاث الدین کہ لا ولد رفت۔ دوم سید محمد طاہر کہ بسمت آرکاٹ رفتہ سکونت اختیار کرد۔ اولاد و احفاد او تا الآن ہمانجا باقی است۔ و بہ اولاد سید محمد طاہر چشتی مشہور است۔ و سید بایزید را دو زوجۂ شرعیہ بود یکے بی بی جھنی بنت سید ولی محمد۔ زنِ دیگر غیر کفو بود۔ اما از بطن بی بی جھنی یک دختر مسمات بی بی راستی بود کہ او را راج بی ہم می گفتند۔ واو زوجہ شرعیہ سید فخر الدین عرف سید ہزاری بود۔ و دختران سید بایزید کہ از زنِ خاندانِ سیدان نارنول بودند۔ اول بی بی نصرت کہ از خواجہ نعمت اللہ متولی منسوب گردید۔ دوم عزت بی بی کہ عجوزہ فوت شد۔

سید محمود و سید مودود: پسرانِ خواجہ ابوالخیر مجردانہ زندگی کردند و لا ولد رفتند۔

شہاب الدین پسر سید خواجہ ابوالخیر: دو پسر داشت۔ اول سید محی الدین دوم عاشق محمد عرف سید اچھا۔ از محی الدین یک پسر شد۔ سید فخر الدین عرف سید ہزاری و دو

بن سید زین العابدین بن دیوان سید علاء الدین کے نکاح میں آئیں۔ سوم رشیدہ بانو جو امین الدین نبیرہ سید حسام الدین بن علم الدین کے نکاح میں آئیں۔ چوتھی صاحب دولت جو سید بولن بن سید وارث محمد بن شرف محمد کے عقد نکاح میں آئیں۔ پانچویں عزت بی جو شیخ غلام محمد بن عزیز محمد نبیرہ سلطان التارکین کے نکاح میں آئیں۔ چھٹی زیب النسا جو شیخ رضا محمد بن محمد تقی نبیرہ سلطان التارکین کی منکوحہ ہوئیں اور انکی ایک لڑکی تھی جس کا نام بی بی الفت تھا جو سید تاج الدین بن وارث علی کے عقد نکاح میں آئیں۔ لیکن ان سے اولاد نہیں ہوئی۔ سید محی الدین کی ساتویں لڑکی کا نام ''مدائن معین'' میں نہیں لکھا ہے۔ شاید کم سنی میں فوت ہوگئی ہونگی۔

سید مصلح الدین بن سید فخر الدین: انکی بیوی بی بی فرزانہ بنت سید فخر الدین عرف سید ہزاری تھیں۔ اِن سے ایک لڑکا اور ایک لڑکی ہوئی۔ لڑکا جس کا نام سید خرم تھا۔ لاولد فوت ہوا۔ اور لڑکی بی بی صاحب جمال جو سید حمید الدین بن سید مفرح الدین کے نکاح میں آئیں۔

سید نجم الدین بن سید فخر الدین بن سید محمد: یہ اپنی بیوی کو دہلی سے لائے تھے۔ جن سے ایک لڑکا ہوا۔ اور ایک لڑکی کمال دولت۔ لڑکے کا نام غلام محی الدین تھا۔ لیکن اس کی اولاد اور شادی سے متعلق معلوم نہ ہوسکا۔ مسماۃ کمال دولت سید غلام چشتی بن سید عماد الدین بن دیوان سید محمد کے نکاح میں آئیں۔

سید زین العابدین فرزندِ دوم دیوان علاء الدین: انکی زوجہ بی بی رحمت بنت سید حسام الدین بن دیوان علم الدین تھیں۔ ان سے ایک لڑکا سید صدر الدین ہوا۔ اور ایک لڑکی سعادت بانو جو شیخ عبد القوی نبیرہ سلطان التارکین کے نکاح میں آئیں۔ سید صدر الدین کی زوجہ بی بی ماہ بانو بنت دیوان سید سراج الدین تھیں۔ اِن سے ایک لڑکی رخیۃ النساء ہوئی جو شیر خوارگی میں ہی فوت ہوگئی۔ سید صدر الدین کی دوسری زوجہ مسماۃ گلاب بی بی بنت شیخ جمال الدین بن شیخ کمال الدین نبیرہ سلطان التارکین تھیں۔ ان سے تین لڑکے ہوئے۔ اول سید عبد العلی۔ دوم سید ہمت علی۔ سوم سید وارث علی۔

یہ بات پوشیدہ نہ رہے کہ سید صدر الدین آخر عمر میں اپنے فرزند مسمی عبد العلی کے ساتھ دیارِ شرعی چلے گئے تھے۔ اور وہیں وفات پائی۔ اور انکے لڑکے سید عبد العلی دہلی آئے۔ اور ایک

دختر بودند۔ اول جان بی بی کہ از سید شمس الدین منکوحہ شد۔ دوم فاطمہ کہ از سید عبد النبی بن سید ابوالبرکات منسوب بود۔

واز سید فخر الدین عرف سید ہزاری دو دختر شدند۔ اول بزرگ نساء کہ از مفرح الدین بن دیوان فخر الدین منکوحہ شد۔ دوم بی بی فرزانہ کہ از سید مصلح الدین بن دیوان فخر الدین منسوب گشت۔ واز سید عاشق محمد پسر دوم سید شہاب الدین یک پسر شد۔ سید نتھو و شش دختران شدند۔ یکے بی بی حفیظہ بود کہ در عقد نکاح سید شرف الدین بن سید نظام در آمد و حال دیگر دختران ظاہر نہ شد۔ واز سید نتھو بن سید عاشق محمد عرف سید اچھا یک پسر شد سید غلام حسین کہ پیش از تاہل بہ سفر رفت و باز نہ آمد۔

سید خواجہ علم الدین پسر سید خواجہ ابوالخیر: اسم گرامی زوجہ عفیفہ او زحیب النساء از اولاد صحیح خواجہ حمید الدین سلطان التارکین ناگوری بود۔ واز وے سہ پسر بوجود آمدند۔ اول سید علاء الدین و دوم سید حسام الدین سوم سید ابوالفتح۔

بدانکہ از سید علاء الدین سہ پسران و سہ دختران اولاد شد۔ پسر اول سید محمد۔ سجادہ نشین بود۔ و اورا دو اہلیہ بودند۔ یکے از خاندان پاک سلطان التارکین واز بطنِ او یک دختر متولد شد۔ فخر النساء نام کہ با شیخ عبدالرزاق نبیرہ سلطان التارکین منکوحہ شد۔ زنِ دوم مسماۃ ملیح النساء از کفو غیر بود۔ یعنی بنت شیخ بھنیا ساکن قصبہ کرانہ۔ از بطن او چہار پسران شدند۔ اول فخر الدین کہ بعد وفات سید محمد سجادہ نشین بود۔ اما بجہت ملال کہ شاہ عالم بہادر شاہ بن اورنگ زیب را با و بود از منصب سجادگی معزول شد۔ و سید سراج الدین بن سید ابوالفتح متمکن گردید۔ تا الآن منصب سجادگی در اولاد او برقرار است۔

سید فخر الدین بن سید محمد: سہ زن داشت۔ اول بی بی جینی بنت نواب فیض اللہ خان از اولاد مخدوم سید جلال بخاری۔ اما از و اولاد نشد۔ دوم بی بی عزیز بانو کہ از بطنِ او دو پسر شدند۔ اول سید مفرح الدین۔ دوم سید مصلح الدین۔ زن سوم از غیر کفو بود از وے یک پسر شد۔ سید نجم الدین۔

عورت سے نکاح کر کے اسی جگہ سکونت اختیار کی۔

سید ہمت علی: یہ سید زین العابدین کے دوسرے لڑکے ہیں۔ان کے بی بی سیف النساء بنت سید حمید الدین بن سید مصلح الدین کے بطن سے ایک لڑکا سید علّن ہوا۔اور ایک لڑکی سید النساء ہوئی جو سید وحید الدین بن امین الدین کے نکاح میں آئی۔سید علّن کو سید ناصر علی بن سید وارث علی نے بمقام شہر بوندی شہید کر دیا۔سید علن کے ایک لڑکا سید سانونت علی ہوا جو لاولد فوت ہوا۔

سید وارث علی بن سید زین العابدین: انکے اپنی زوجہ نور النساء بنت سید مجید الدین بن سید مفرح الدین بن فخر الدین بن دیوان علاء الدین سے چھ لڑکے اور تین لڑکیاں پیدا ہوئیں۔پہلی لڑکی ثمر النساء جو امین الدین نبیرہ قاضی حمید الدین کے نکاح میں آئیں۔ دوسری لطیف النساء جو شیخ محمد علی بن غلام محمد بن عزیز محمد نبیرہ سلطان التارکین کے نکاح میں آئیں۔تیسری لڑکی سراج النساء جو سید علن بن سید ہمت علی بن سید صدر الدین بن سید زین العابدین کے نکاح میں آئیں۔

سید ناصر علی بن سید وارث علی: انھوں نے جمعیت بی بی بنت شیخ نور الدین سے نکاح کیا تھا۔ لیکن لاولد انتقال کیا۔

سید تاج الدین: سید وارث علی کے دوسرے لڑکے ہیں۔اِنکی زوجہ زلف نساء بنت شیخ رضا محمد نبیرہ سلطان التارکین تھیں۔یہ بھی لاولد رخصت ہوئے۔

سید بہادر علی: سید وارث علی کے تیسرے لڑکے ہیں۔بچپن میں ہی فوت ہو گئے۔

سید عزیز الدین: سید وارث علی کے چوتھے لڑکے ہیں۔انکی زوجہ مسماۃ رفیع النساء بنت شیخ غلام نبی نبیرہ خواجہ سلطان التارکین تھیں۔لیکن ان کے بطن سے اولاد نہیں ہوئی۔البتہ تین لڑکے کنیز کے بطن سے پیدا ہوئے۔اول رمضان علی۔دوم فدا حسین۔سوم امراؤ علی۔

سید اشرف علی: سید وارث علی کے پانچویں لڑکے ہیں۔انکی زوجہ امانت النساء بنت سید علی ساکن مادھو پورہ تھیں۔لاولد فوت ہوئے۔

سید لطف علی: سید وارث علی کے چھٹے لڑکے ہیں۔انکی زوجہ امیر النساء بنت شیخ غلام نبی نبیرہ سلطان التارکین تھیں۔ان سے تین لڑکے اور دو لڑکیاں پیدا ہوئیں۔پہلی لڑکی قمر النساء اور

سید سیف اللہ: پسر دوم سید محمد بعض نامِ او شریعت اللہ ہم نوشتہ اند۔ زنِ او بی بی صالح بنت مقرب خان۔ از وے اولاد نشد۔ بالآخر سیف اللہ زنِ دیگر کرد۔ او از کفو غیر بود۔ از وی یک پسر شد۔ سید حبیب اللہ۔ و سید حبیب اللہ دو زن داشت۔ یک کہ غیر کفو بود۔ از بطن او دو دختر تولد شدند۔ یکے پیش از زمان آگہی بمیرد۔ و دوم در عقد نکاح سید حمزہ بن عظیم الدین بن عظمت اللہ بن حسام الدین بن علم الدین درآمد۔ و زنِ دوم سید حبیب اللہ بی بی رمضانی نام داشت۔ از بطن او یک پسر شد۔ سید فیض اللہ و زوجۂ شرعیہ او بدیع النساء نام داشت۔

سید عماد الدین پسر سوم سید محمد نام زوجۂ او وجیہ النساء بنت شیخ نظام ناگوری نبیرہ سلطان التارکین است۔ از بطن او بسیار اولاد شد۔ اما در صدر حیات نماند۔ پایان کار از زنِ غیر کفو یک پسر شد کہ غلام چشتی نام داشت۔ و با دختر سید نجم الدین بن سید فخر الدین بن سید محمد بن علاء الدین بن علم الدین کدخدا شد۔ بیش ازیں احوال معلوم نیست۔

سید امام الدین پسر چہارم سید محمد: زنے از شیخ زادگانِ کرانہ در عقد نکاح آوردہ بود۔ لاولد رفت۔

مفرح الدین بن سید فخر الدین بن سید محمد: زوجۂ او بی بی بزرگ النساء بنت فخر الدین عرف سید ہزاری بود۔ از وے دو پسر شدند۔ حمید الدین و مجید الدین۔ و زوجۂ دیگر بی بی عائشہ ہم سید مفرح الدین را بود۔ اما از وا اولاد نشد۔

سید حمید الدین: از بی بی صاحبِ جمال بنت سید مصلح الدین بن سید فخر الدین یک 15-1-2013 پسر شد کہ سید نتھن نام داشت۔ و زوجۂ او مسماۃ بی بی زینا از اولاد قاضی حمید الدین ناگوری بود۔

سید مجید الدین بن مفرح الدین: از بطن مسماۃ سعادت بانو بنت قاضی ابوالفتح ساکن سانبھر یک پسر شد کہ سید غلام محی الدین نام داشت۔ و او را ہفت دختران بودند۔ اول کفایت نساء کہ از سید نجیب اللہ نبیرہ سید حسام الدین بن علم الدین منکوحہ شد۔ اما از و

دوسری لڑکی نجم النساء جو یکے بعد دیگرے شیخ امیر علی بن محمد علی بن غلام محمد نبیرہ سلطان التارکین کے نکاح میں آئیں۔اوران دونوں سے اولاد باقی نہ رہی۔

سید رستم علی فرزند اول سید لطف علی: ان کی زوجہ فہم النساء بنت شیخ الٰہی بخش بن شیخ شریف اللہ ساکن قصبہ جھونجھنو تھیں۔ان سے دو لڑکے موجود ہیں۔ جنکی شادی قصبہ جھونجھنو میں ہوئی ہے۔

سید نجم الدین فرزند دوم سید لطف علی: انکی بیوی کا نام فہم النساء بنت شیخ شہاب الدین ساکن قصبہ جھونجھنو ہے۔ان کے ایک لڑکا اور سات لڑکیاں پیدا ہوئیں۔لڑکے کا نام ریاض الدین احمد اور لڑکی کا ظہور النساء ہے۔ظہور النساء شیخ نور احمد بن شیخ نجم الدین جو کتاب ''مناقب الحبیب'' کے مؤلف ہیں کے نکاح میں آئیں۔دوسری لڑکی عظیم النساء شیخ مولیٰ بخش بن شیخ الٰہی بخش کے نکاح میں آئیں۔

سید غلام حسین فرزندِ سوم سید لطف علی: انکی بیوی بختاور بانو بنت شیخ غلام رسول ہیں۔جن سے ایک لڑکی قمر النساء ہوئی۔جو شیخ اصغر علی بن شیخ سلطان بخش کے عقد نکاح میں آئیں۔غلام حسین دوسری بیوی شہر بوندی سے لائے جس کا نام بھوری تھا جو قوم سقّہ سے تعلق رکھتی تھی۔اس کے بطن سے دو لڑکے ہوئے۔لیکن مسماۃ بھوری دوسری بار غلام حسین کے نکاح میں آئی ہوگی۔اس لئے کہ اسکے پہلے شوہر تھا جس کا حال معلوم نہیں ہے کہ انتقال ہوا یا زندہ ہے۔

الحمدللہ! حضرت زین العابدین کی اولاد کا احوال اختتام کو پہنچا۔

....

سید فضل علی: بن دیوان سید علاء الدین بن سید علم الدین: انکی بیوی عفیفہ بانو سلطان التارکین کے خاندان سے تھیں۔ان کے اولاد نہیں ہوئی۔اپنے بھائی سید زین العابدین کے ساتھ سفر میں ڈاکوؤں کے ہاتھوں پکڑے گئے اور مقتول ہوئے۔ان کا کچھ اور حال کتابوں اور شجرۂ انساب سے واضح نہیں ہوتا۔واللہ اعلم بالصواب۔

سید حسام الدین: سید علم الدین بن خواجہ ابوالخیر کے دوسرے بیٹے ہیں۔ان کے چار لڑکے اور ایک لڑکی ہوئی۔انکے نام سید احمد۔سید ضیاء الدین۔سید جلال الدین۔سید عظمت اللہ اور

اولاد نشد۔ دوم نور النساء کہ از سید وارث علی بن سید صدر الدین بن سید زین العابدین بن دیوان سید علاء الدین منکوحہ شد۔ سوم رشیدہ بانو کہ از امین الدین نبیرہ سید حسام الدین بن سید علم الدین منکوحہ گشت۔ چہارم صاحبِ دولت کہ در عقدِ نکاح سید بولن بن سید وارث محمد بن شرف محمد بود۔ پنجم عزت بی بی کہ از شیخ غلام محمد بن عزیز محمد نبیرہ سلطان التارکین منکوحہ شد۔ ششم زیب النساء کہ از شیخ رضا محمد بن محمد تقی نبیرۂ سلطان التارکین منکوحہ بودہ۔ او یک دختر داشت۔ نام بی بی الفت۔ و در عقد نکاح سید تاج الدین بن وارث علی در آمدہ۔ اما از وے اولاد نشد۔ ذکر دختر ہفتم سید محی الدین در مدائن معین ننوشتہ شاید کہ در کم سنی فوت شدہ باشد۔

<u>سید مصلح الدین بن سید فخر الدین</u>: زوجہ او بی بی فرزانہ بنت سید فخر الدین عرف سید ہزاری بود از وے یک پسر و یک دختر شد۔ سید خرم نام کہ لاولد برفت و نام دختر بی بی صاحب جمال بود کہ از سید حمید الدین بن سید مفرح الدین منکوحہ شد۔

<u>سید نجم الدین بن سید فخر الدین بن سید محمد</u>: زوجہ خود از دہلی آوردہ بود۔ از و یک پسر شد و یک دختر کمال دولت۔ نامِ پسر غلام محی الدین۔ اما حال اولاد و تاہل او معلوم نشد و مسماۃ کمال دولت بہ سید غلام چشتی بن سید عماد الدین بن دیوان سید محمد منکوحہ شدہ بود۔

<u>سید زین العابدین پسر دوم دیوان علاء الدین</u>: زوجۂ او بی بی رحمت بنت سید حسام الدین بن دیوان علم الدین بود۔ از وے یک پسر شد۔ سید صدر الدین و یک دختر بود سعادت بانو۔ کہ از شیخ عبد القوی نبیرہ خواجہ سلطان التارکین منکوحہ شد۔ و سید صدر الدین را زوجہ شرعیہ بی بی ماہ بانو بنت دیوان سید سراج الدین بود۔ از وے یک دختر داشت۔ رخیۃ النساء کہ در شیر خوارگی فوت شد۔ زنِ دیگر سید صدر الدین مسماۃ گلاب بی بی بنت شیخ جمال الدین بن شیخ کمال الدین نبیرہ سلطان التارکین بود۔ از وے سہ پسران شدند۔ اول سید عبد العلی دوم سید ہمت علی۔ سوم سید وارث علی۔

رحمت بانو ہیں۔سید عظمت اللہ بچپن میں ہی فوت ہو گئے۔

سید احمد فرزند اول سید حسام الدین: انکی زوجہ عفیفہ سلطان بی بی بنت شیخ شاہ محمد نبیرہ سلطان التارکین ہیں۔ان کے چار لڑکے اور دو لڑکیاں ہوئیں۔پہلی لڑکی خورسندہ بانو جو سید شمس الدین بن سید ابوالفتح کے نکاح میں آئیں۔دوسری لڑکی شریفہ بانو جو سید عطاء اللہ بن سید ابوالفتح کے نکاح میں آئیں۔

سید محمود فرزندِ اول سید احمد بن حسام الدین: سید محمود چشتی خان کے نام سے مشہور تھے۔اور عہدِ شاہی میں اعلیٰ منصب پر فائز تھے۔انکی زوجہ بی بی نصرت بنت سید عظمت اللہ بن سید حسام الدین تھیں۔البتہ انکے اولاد نہیں ہوئی۔

سید امجد فرزندِ دوم سید احمد بن حسام الدین: انکی زوجہ بی بی فیض النساء بنت سید جلال الدین بن سید حسام الدین تھیں۔ان سے دو لڑکے اور دو لڑکیاں پیدا ہوئیں۔پہلی لڑکی نور النساء جو شیخ عبد القوی نبیرہ سلطان التارکین کے نکاح میں آئیں۔دوسری لڑکی کا نام نہیں لکھا ہے۔شاید کم عمری میں ہی وفات پا گئیں۔

سید مجید الدین بن سید امجد: بچپن میں ہی فوت ہوئے۔

سید امین الدین: یہ سید امجد کے دوسرے لڑکے ہیں۔انکی بیوی رشید بانو بنت سید مجید الدین بن سید مفرح الدین بن سید فخر الدین بن سید محمد بن سید علاء الدین تھیں۔انکے تین لڑکیاں اور دو لڑکے پیدا ہوئے۔پہلی لڑکی ساجدہ بانو ہیں جو سید بدیع الدین بن سید مجید الدین بن سید شمس الدین بن سید ابوالفتح کے نکاح میں آئیں۔دوسری لڑکی فضیلت النساء عرف بی بی پھوندا جو سید میراں جی عرف امام بخش بن سید عزت اللہ کے عقد نکاح میں آئیں۔ان سے ایک لڑکا سید قمر علی ہوا۔تیسری لڑکی حمیدہ بانو شیخ امین الدین سہروردی ناگوری نبیرہ قاضی حمید الدین کے نکاح میں آئیں۔

سید قوام الدین: یہ سید امین الدین کے پہلے لڑکے ہیں۔انکے بی بی نجابت (جنکی ماں دردانہ خانم بنت گدا بیگ دہلوی تھیں۔اسی وجہ سے صاحبِ سجادہ کے خاندان سے قرابت داری اور رشتہ داری متروک ہوگئی۔) بنت قاضی سید حسن محمد بن سید اسد اللہ بن سید ابوالفتح کے بطن سے

مخفی مباد کہ در آخر سید صدر الدین معہ پسر خود مسمی عبد العلی بدیارِ شرعی رفتہ وفات یافت و پسرِ او سید عبد العلی بہ دہلی آمد۔ وز نے در نکاح خود آوردہ ہمونجا سکونت اختیار کرد۔

سید ہمت علی پسر دوم سید زین العابدین: از بطن بی بی سیف النساء بنت سید حمید الدین بن سید مصلح الدین یک پسر بود۔ سید علن و یک دختر بود سید النساء کہ از سید وحید الدین بن امین الدین منکوحہ شد۔ و سید علن را سید ناصر علی بن سید وارث علی بمقام شہر بوندی شہید کرد۔ و سید علن را یک پسر بود سانونت علی کہ او لا ولد برفت۔

سید وارث علی بن سید زین العابدین: از زوجۂ خود نور النساء بنت سید مجید الدین بن سید مفرح الدین بن فخر الدین بن دیوان علاء الدین شش پسر و سہ دختر بوجود آمد۔ دختر اول ثمر النساء کہ از امین الدین نبیرہ قاضی حمید الدین ناگوری منکوحہ بود۔ و دختر دوم لطیف النساء کہ از شیخ محمد علی بن غلام محمد بن عزیز محمد نبیرہ سلطان التارکین منکوحہ گردید۔ دختر سوم سراج النساء کہ در عقد نکاح سید علن بن سید ہمت علی بن سید صدر الدین بن سید زین العابدین درآمدہ بود۔

سید ناصر علی بن سید وارث علی: از جمعیت بی بی بنت شیخ نور الدین منکوح بود۔ اما لا ولد رفت۔

سید تاج الدین پسر دوم سید وارث علی: زوجۂ او زلف نساء بنت شیخ رضا محمد نبیرہ سلطان التارکین او ہم لا ولد رفت۔

سید بہادر علی پسر سوم سید وارث علی: 15-1-2013 در طفلی فوت شد۔

سید عزیز الدین پسر چہارم سید وارث علی: زوجۂ او مسماۃ رفیع النساء بنت شیخ غلام نبی نبیرہ خواجہ سلطان التارکین بود۔ اما از بطن او اولاد نشد۔ مگر سہ پسران از بطن کنیز بوجود آمدند۔ اول رمضان علی۔ دوم فدا حسین سوم امراؤ علی۔

سید اشرف علی پسر پنجم سید وارث علی: زوجۂ او امانت نساء بنت سید علی ساکن مادھو پورہ بود۔ لا ولد رفت۔

دولڑکے ہوئے۔اول قاسم علی۔دوم سید راحت علی۔لیکن قاسم علی کے اولاد نہیں ہوئی۔

سید راحت علی: یہ سید قوام الدین کے دوسرے بیٹے ہیں۔انکے اپنی کفو بیوی سے دولڑکے سید بھیکو اور سید امام علی ہوئے۔

سید وحید الدین: یہ سید امین الدین کے دوسرے لڑکے ہیں۔انکی بیوی سعیدہ بانو بنت سید ہمت علی تھیں۔البتہ انکی اولاد کا حال تحقیق کو نہیں پہنچا۔واللہ اعلم بالصواب۔

سید عبدالاحد: احمد بن سید حسام الدین کے تیسرے لڑکے ہیں۔انکے اپنی بیوی عزت النساء سے تین لڑکے پیدا ہوئے۔خیر اللہ۔نجیب اللہ۔عظیم اللہ۔سید عبدالاحد کی بیوی عزت النساء ماں کی طرف سے دیوان سید علاء الدین کی آل واولاد میں سے تھیں۔اور باپ کی طرف سے خواجہ سلطان التارکین کی نسل میں سے تھیں۔

سید عظیم اللہ: ان کے کنیز کے بطن سے ایک لڑکا سید حمزہ ہوا۔سید خیر اللہ اور نجیب اللہ کی اولاد اور شادی کا حال معلوم نہ ہو سکا۔

سید نجم الدین چلّہ کش: سید احمد کے چوتھے لڑکے ہیں۔ان کا حال معلوم نہ ہو سکا۔ایسی شہرت ہے کہ ہندوستان کے سفر پر گئے تھے۔اور لوٹ کر نہیں آئے۔انکی قبر دہلی میں خواجہ نظام الدین اولیاء کے آستانہ کے اطراف میں ہے۔

سید ضیاء الدین: یہ سید حسام الدین بن سید علم الدین بن سید ابوالخیر کے بیٹے ہیں۔انکے اپنی بیوی جو پشاور کے اطراف کی سادات نسل سے تھیں کے بطن سے دولڑکے اور ایک لڑکی پیدا ہوئی۔پہلے لڑکے کا نام نہیں لکھا ہے۔البتہ عرف سید پشاوری لکھا ہے۔ان کے غیر کفو بیوی کے بطن سے ایک لڑکا شیر علی نام کا ہوا۔جو لاولد فوت ہوا۔سید ضیاء الدین کے دوسرے لڑکے سید حمید الدین تھے۔انکی بیوی سید حسن بن سید نعمت اللہ کی بیٹی تھیں۔البتہ ان سے اولاد نہیں ہوئی۔انکی زوجہ کے خاندان کا حال تحقیق کو نہیں پہنچا۔

سید جلال الدین: سید حسام الدین بن سید علم الدین کے تیسرے لڑکے ہیں۔انکی بیوی افغانستان کے اطراف کی تھیں۔ان سے ایک لڑکی فیض النساء اور لڑکے سید شہاب الدین، سید جمال الدین، سید غلام محمد ہوئے۔البتہ سید غلام محمد کا ذکر نہیں لکھا ہے۔شاید کم عمری میں ہی

سید لطف علی پسر ششم سید وارث علی: زوجۂ او امیر النساء بنت شیخ غلام نبی نبیرہ سلطان التارکین بود۔ از وے سہ پسران و دو دختران تولد شدند۔ دختر اول قمر النساء و دختر دوم نجم النساء کہ یکے بعد دیگرے بہ سلسلہ زوجیت شیخ امیر علی بن محمد علی بن غلام محمد نبیرہ سلطان التارکین پیوست۔ و ازیں ہر دو اولاد نماند۔

سید رستم علی پسر اول سید لطف علی: زوجۂ او فہم النساء بنت شیخ الٰہی بخش بن شیخ شریف اللہ ساکن قصبہ جھونجھنوں بود۔ از وے دو پسران موجود اند و کدخدائی ایشاں در قصبہ جهونجهنو شدہ است۔

سید نجم الدین پسر دوم سید لطف علی: نامِ زوجۂ او فہم النساء بنت شیخ شہاب الدین ساکن قصبہ جھ جهونجهنو است۔ از وے یک پسر و ہفت دختران تولد شدند۔ نام پسر ریاض الدین احمد و نام دختر ظہور النساء کہ ظہور النساء کہ در عقد نکاح شیخ نور احمد بن شیخ نجم الدین مولف کتاب مناقب الحبیب در آمد۔ و دختر دوم مسماۃ عظیم النساء بہ شیخ مولا بخش بن شیخ الٰہی بخش منکوحہ شد۔

سید غلام حسین پسر سوم سید لطف علی: زوجۂ او مسماۃ بختاور بانو بنت شیخ غلام رسول است۔ از وے یک دختر شد۔ قمر النساء نام کہ در عقد مناکحت شیخ اصغر علی بن شیخ سلطان بخش در آمد۔ و غلام حسین زنِ دیگر از شہر بوندی آوردہ بود۔ نام او مسماۃ بھوری از قوم سقہ از شکم وے دو پسر دارد۔ اما مسماۃ بھوری بمرتبہ ثانی در نکاح غلام حسین آمدہ باشد۔ زیرا کہ مسماۃ بھوری پیش ازیں شوہر دیگر داشت۔ و حال او معلوم نیست کہ بمرد یا در صدر حیات است۔ الحمدللہ کہ احوال اولاد حضرت زین العابدین باختتام رسید۔
1531-2013

....

سید فضل علی بن دیوان سید علاء الدین بن سید علم الدین: زوجہ او عفیفہ بانو از دودمانِ سلطان التارکین است۔ از وے اولاد نشد۔ و در سفر دکن ہمراہ برادر خود سید زین العابدین بدست حرامیاں افتاد و کشتہ۔ دیگر احوال شاں از کتب و شجرہ انساب واضح نشد۔ واللہ اعلم بالصواب۔

وفات پا گئے۔

سید شہاب الدین بن سید جلال الدین: انکے اپنی زوجہ جو سید شرف الدین بن سید نظام الدین بن سید مبارک عرف دیوان شاہ کی بیٹی تھیں اور انکا نام بخت دولت تھا سے ایک لڑکا سید نصیر ہوا۔ اور انکے دوسری بیوی جمیعۃ النساء نامی سے جو سراج الدین بن نظر محمد بن نجم الدین بن دیوان شاہ کی بیٹی تھیں سے ایک لڑکا سید عزیز الدین ہوا۔ اور اس سے اولاد باقی نہیں رہی۔

سید جمال الدین بن سید جلال الدین: انکی ایک لڑکی لطیفہ بانو تھی جو سید ضیاء اللہ بن ہدایت اللہ بن عطاء اللہ بن سید ابوالفتح کے عقد نکاح میں آئیں۔

سید حسام الدین بن علم الدین کی اولاد کا ذکر تمام ہوا۔

....

سید ابوالفتح: سید علم الدین بن خواجہ ابوالخیر کے تیسرے لڑکے ہیں۔ انکی زوجہ عصمت النساء بنت شیخ شہاب الدین نبیرہ حضرت خواجہ ابراہیم ادھم بلخی تھیں۔ سید ابوالفتح نے ۱۰۸۵ھ میں وفات پائی۔ اور چار لڑکے چھوڑے۔

سید سراج الدین: یہ سید ابوالفتح سجادہ نشین کے پہلے لڑکے ہیں۔ انکی شرعی زوجہ بی بی رحیمہ تھیں۔ ان سے تین لڑکے اور دو لڑکیاں پیدا ہوئیں۔ پہلا لڑکا سید منیر الدین۔ دوسرا لڑکا سید ظہیر الدین۔ تیسرا سید سعد الدین ہیں۔ پہلی لڑکی ماہ بانو جو سید صدر الدین بن زین العابدین کے نکاح میں آئیں۔ دوسری لڑکی صاحبِ دولت جو سید خضر محمد بن سید نظام الدین بن سید دیوان شاہ کے نکاح میں آئیں۔ سید سراج الدین کا سالِ وفات ۱۱۳۲ھ ہے۔

سید سعد الدین بن دیوان سراج الدین: بچپن میں ہی فوت ہوئے۔

سید ظہیر الدین بن دیوان سراج الدین: انکی بیوی صاحب نساء بنت سید اطیع اللہ بن عطاء اللہ بن ابوالفتح تھیں۔ ان سے دو لڑکے اور ایک لڑکی ہوئی۔ یہ سب زمانۂ طفلی میں ہی وفات پا گئے۔ اور لاولد رخصت ہوئے۔

دیوان سید منیر الدین بن سید سراج الدین: انکی زوجہ بی بی صاحبہ بنت شرف الدین بن سید نظام الدین بن سید مبارک عرف دیوان شاہ تھیں۔ ان سے تین لڑکے اور دو

سید حسام الدین پسر دوم سید علم الدین بن خواجہ ابوالخیر رحمۃ اللہ علیہم ۔ چہار پسر و یک دختر داشت ۔ نامِ ایشاں سید احمد ۔ سید ضیاء الدین ۔ سید جلال الدین ۔ سید عظمت اللہ در طفلی فوت شد ۔ و مسماۃ رحمت بانو ۔

سید احمد پسرِ اول سید حسام الدین : زوجۂ عفیفہ او سلطان بی بی بنت شیخ شاہ محمد نبیرہ حضرت سلطان التارکین است ۔ از وے چہار پسران و دو دختران شدند ۔ دختر اول خورسندہ بانو کہ از شمس الدین بن سید ابوالفتح منکوحہ شد ۔ و دختر دوم شریف بانو کہ از سید عطاء اللہ بن سید ابوالفتح منکوحہ شد ۔

سید محمود پسر اول سید احمد بن حسام الدین : سید محمود معروف بہ چشتی خان بود ۔ او در عہد شاہی منصبِ عالی داشت زوجۂ او بی بی نصرت بنت سید عظمت اللہ بن سید حسام الدین بود ۔ اما اولاد نداشت ۔

سید نجم الدین بن سید مبارک عرف دیوان شاہ بن سید معین الدین رابع: انکے دولڑکے اور چارلڑکیاں ہوئیں۔لڑکوں کے نام سید سلطان محمد اور سید نظر محمد تھے۔سید سلطان محمد لاولد فوت ہوئے۔سید نظر محمد سے دولڑکے اور ایک لڑکی پیدا ہوئی۔لڑکوں کے نام سید سراج الدین اور محمد حیات ہیں۔سراج الدین لاولد فوت ہوئے اور سید محمد حیات کے دولڑکے اور دولڑکیاں پیدا ہوئیں۔لڑکوں کے نام سید غلام امام اور سید محمد تقی تھے۔لیکن سید محمد تقی کے کوئی نرینہ اولاد نہیں ہوئی۔اور چارلڑکیاں پیدا ہوئیں جن سے پیدائش کا سلسلہ جاری ہے۔البتہ سید غلام امام کے ایک لڑکا سید علی ہوا۔سید علی کے ایک لڑکا اور تین لڑکیاں ہوئیں۔سید علی کے لڑکے کا نام سید ناصر علی ہے۔سید ناصر علی کے کوئی لڑکا نہیں ہوا۔اور لڑکی کے بطن سے جو کہ سید خدمت علی بن بندہ علی کی زوجہ ہیں اولاد باقی ہے۔

سید خواجہ احمد بن شیخ سید مبارک دیوان شاہ بن معین الدین رابع: انکے کوئی لڑکا نہیں ہوا۔ چارلڑکیاں سعیدہ بی بی، عائشہ بی بی، بزرگ بی بی، عابدہ بی بی ہوئیں۔سعیدہ بی بی سید برہان الدین اور بی بی عائشہ سید سبحان نارنولی کی زوجہ تھیں۔انکے بطن سے کثیر اولاد باقی ہے۔اور بزرگ بی بی جیون شاہ بن شیخ صادق جو شیخ نظام کی اولاد سے ہیں کی منکوحہ ہوئیں۔اور بی بی عابدہ اپنے نام کے مطابق عبادت وریاضت میں انتقال کر گئیں۔اور شادی نہیں کی۔

....

مؤلف: اربابِ دانش وبصیرت کے دلوں میں پوشیدہ وپنہاں نہ رہے کہ قدیم زمانے سے ہی زمانہ کی روش اس طور پر رہی ہے کہ دولت ودنیا کے ملک کے فرمانرواؤں کا فقر وفنا کی مملکت کے تاجوروں سے جھگڑا اور دشمنی رہی ہے۔چنانچہ ہر زمانہ میں اور ہر مقام پر اللہ والوں اور مردانِ حق آگاہ کو بڑی آفتوں اور دشوار حالات کا سامنا کرنا پڑا ہے۔چاہے وہ حسین رضی اللہ عنہ ہوں جنہوں نے یزید لعین کا مقابلہ کیا تکلیف ومصیبت کے تحمل کو انہوں نے خلوص ومحبت کی بنیاد قرار دیا۔یقیناً تکلیفیں اٹھانا، اور گوشۂ تنہائی میں رہنا بزرگانِ دین کا طریقہ رہا ہے۔یہی وجہ

نشین۔ نام پسران سید نصر اللہ کہ در طفلی فوت شد۔ و عصمت اللہ۔

سید عصمت اللہ عرف سید امام بخش بن سید عزت اللہ: زوجۂ اول بی بی زلفت بنت رزق اللہ بن اطیعو اللہ بن عطاء اللہ بن سید ابوالفتح۔ از وے یک دختر شد۔ بی بی عصمت نام۔ و دوم او پھوندا بی بی بنت سید امین الدین بن سید امجد بن سید احمد بن سید حسام الدین بن خواجہ علم الدین۔ از بطن او یک پسر شد سید قمر علی۔

سید قمر علی بن سید عصمت اللہ بن سید عزت اللہ: زوجہ زینت النساء بنت دیوان سید محتشم علی سجادہ نشین۔ از بطن او یک دختر تولد شد لاڈلی بی بی۔ شوہر او دیوان سید سراج الدین سجادہ نشین بود۔ و شوہر بی بی عصمت سید ارشاد علی عرف سید تھن بن سید حیدر علی بن دیوان سید امام الدین سجادہ نشین بود۔

☆☆☆

ذکر اولاد

سید معین الدین رابع بن خواجہ ابوالخیر بن خواجہ معین الدین ثالث: از و یک پسر شد۔ سید مبارک عرف دیوان شاہ۔ و از وے سہ پسران بوجود آمدند و یک دختر۔ نام پسران سید نظام الدین، سید نجم الدین، سید احمد و نام دختر بی بی عصمت۔

سید نظام الدین: نام مادر او بی بی انبیاء خواہر مخدوم الہند و نام زوجۂ او جان بی بی

فائدہ: (۱) شیخ ابوالفضل در سن چہاردہم (۱۴) اکبری مقدمہ تکذیب دعوے فرزندی خواجہ حسین نوشتہ است۔ اما از تالیفات خودش کہ جزوِ آئینِ اکبری نمودہ است ظاہر می شود کہ در سال مذکور او از قرب حضور بادشاہ دور بود و با پدر خود در معرض قہر شاہنشاہی افتادہ در نواحی ہادوتی بسر مے می برد۔ و از ینجا است کہ شیخ ابوالفضل از اصل حال خبر نہ داشت۔ و افترا کرد۔ لاجرم ملا عبدالقادر بدایونی و مولانا عبدالحق دہلوی، شیخ محمد غوثی شطاری کہ زبدہ ثقات و عدل بودند و از واقعات سلطنت و احوال زمانہ کماہی آگاہی داشتند۔ بہر حال قولِ ایشاں در باب وجود اولاد حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیا گواہِ عدل است۔

ہے کہ ان میں سے ہر ایک کو سخت دشمن نے منہ دکھایا ہے۔ حضراتِ خواجگان اور ہم خواجہ کی اتباع کرنے والے دردمندوں و دردخواہوں کو اس طرح کے حادثات اور سانحات درپیش آتے رہے ہیں۔ ان ہزاروں واقعات میں سے کچھ ایک کی تفصیل بیان کرنا ہمارے مقصد و منشاء کی دلیل کے لئے کافی ہوگی۔ جیسا کہ ''سیر الاقطاب'' میں تحریر ہے۔

شہر دہلی میں قاضی صادق اور قاضی عماد، یہ دانشمندان حضرت خواجہ کے سخت مخالف تھے۔ ان لوگوں نے سلطان سے شکایت کی کہ خواجہ قطب الدین اور قاضی حمید الدین دن رات سماع سنتے ہیں۔ حالانکہ یہ فعل شرع کے خلاف ہے۔ خواجہ قطب الدین کو تو ابھی داڑھی بھی نہیں نکلی ہے۔ چنانچہ یہ دونوں حضرت خواجہ کی خانقاہ میں آئے۔ اتفاق سے اس وقت سماع ہو رہا تھا۔ قاضی حمید الدین وجد میں تھے۔ اور حضرت خواجہ ہاتھ باندھے کھڑے تھے۔ قاضی عماد نے حضرت خواجہ کی طرف اشارہ کر کے کہا کہ امرد کو محفلِ سماع میں حاضر نہ ہونا چاہیئے۔ حضرت خواجہ نے فوراً اپنا دستِ مبارک چہرے پر پھیرتے ہوئے بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھی۔ پھر فرمایا۔ بے شک امرد کو مجلسِ سماع میں حاضر نہیں ہونا چاہیئے۔ ہم اہلِ سماع ہیں اور سماع کو جائز کہتے ہیں۔ لوگوں نے جب یہ دیکھا تو معترف اور معتقد ہو گئے۔ اور یہ دونوں سیاہ دل، نا اہل دہشت زدہ ہو کر مقابلہ نہ کر سکے۔ اور گھر آ گئے۔ اور اس بات پر مصر ہو گئے کہ اگر یہ فتنہ فرو نہ کیا گیا تو قیامت تک برقرار رہے گا۔

چنانچہ ان دونوں ناحق شناس اور مجہول اشخاص نے حضرت خواجہ اور قاضی حمید الدین کو کہلا

ا۔ **نوٹ:** شیخ ابو الفضل نے ۱۴ اکبری میں خواجہ حسین کی فرزندی کے دعوے کو جھوٹا ثابت کرنے کا مقدمہ لکھا۔ لیکن خود اسکی تالیفات آئینِ اکبری کے حصہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ اسی سال مذکور میں بادشاہ کے قرب سے دور ہو گیا اور اپنے باپ کے ساتھ شہنشاہ کے قہر و غضب کا شکار ہوا۔ تو ہادوتی (ہاڑوتی) کے اطراف و اکناف ہی میں بسر کرنے لگا۔ اور اس جگہ سے شیخ ابو الفضل کو اصل حال کو خبر نہ تھی۔ اس لئے جھوٹا الزام عائد کیا۔ بے شک ملا عبد القادر بدایونی، مولانا عبد الحق دہلوی اور شیخ محمد غوثی شطاری جو اپنے وقت کے ثقہ و عادل طبقہ میں برگزیدہ تھے۔ اور جو سلطنت کے واقعات اور زمانہ کے احوال سے وقتاً فوقتاً آگاہی رکھتے تھے۔ بہر حال حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیا کی اولاد کے وجود سے متعلق ان حضرات کا قول گواہِ عدل ہے۔

بنت شیخ محمد افضل نبیرۂ شاہ حمزہ دھرسواز بطن وے سہ پسر و چہار دختر آمدند۔ نام پسران شرف الدین عرف شرف محمد، دوم خضر محمد، سوم شمس الدین کہ در طفولیت فوت شد۔ نام دختران بی بی فاطمہ و بی بی آمنہ و بی بی گلاب، بی بی ہدیہ۔

شرف محمد پسر اول: سہ پسر و دو دختر داشت۔ سید خیر محمد، سید وارث محمد، سید مودود۔

سید خیر محمد یک پسر داشت کہ لاولد رفت۔ و یک دختر داشت مسماۃ بولن کہ از و یک پسر شد شرف الدین ولا ولد رفت۔

سید وارث محمد پسر دوم: دو پسر داشت۔ خواجہ بخش و معین الدین بخش۔ سید خواجہ بخش لاولد رفت۔ و از معین الدین بخش چہار پسران شدند۔ محمد بخش، خدا بخش و نبی بخش۔ ہر سہ لاولد رفتند۔ اما الٰہی بخش را یک پسر شد حسین بخش۔ و او ہم لاولد گذشت۔

سید مودود پسر سوم: دو پسر داشت محمد علی و سید علی کہ ہر دو لاولد گذشتند۔

بی بی صاحب دولت بنت سید شرف محمد: زوجہ دیوان سید منیر الدین سجادہ نشین بود۔ و بی بی بخت دولت دختر دوم در حبالۂ عقد سید شہاب الدین بن سید جلال الدین در آمد۔

سید خضر محمد پسر دوم سید نظام الدین بن سید مبارک دیوان شاہ۔ از وے سہ پسر و یک دختر شد۔ نام دختر دولت بی بی کہ لاولد فوت شد و نام پسران سید محسن، سید محمد

15-1-2013

(۱) نبیرہ شیخ عبد القدوس گنگوہی۔ (۲) در ولیل فقہ بود۔ (۳) احداث ملت بادشاہ و شیخ مبارک بدمی گفت (۴) در اخراج شیخ مبارک سعی نمود (۵) بر محضر الحاد شیخ مبارک اتفاق نمودہ بود۔ شیخ نظام الدین تھانیسری بود۔ صابری چشتی کہ جلال الدین اکبر شاہ بجہت آنکہ خلایق باو رجوع زیادہ داشتند و خلاف شیخ مبارک بود۔ حکم اخراج او بمکہ معظّمہ داد۔ و ہمچنیں نور الدین جہانگیر بادشاہ شیخ محمد داود گنگوہی صابری چشتی را بوجہ علوِ جاہ و مشیخت او بداندیشیدہ در حبس فرستادہ بود۔ (۷) بہ شیخ مبارک خلاف داشت۔ ۱۲

بھیجا کہ ہم قاضی اور صدرِ جہاں متعین ہوئے ہیں۔تم دونوں عدالت میں آکر جواب دو اور یا تو سماع کے جواز کو ثابت کرو یا تائب ہو جاؤ۔

اس پیغام کو سنتے ہی حضرت خواجہ کی زبانِ معجز نشان سے برجستہ نکل گیا کہ اے ناعاقبت اندیشو! باز آجاؤ یا زمین کے نیچے چلے جاؤ۔قاضی حمید الدین نے حضرت خواجہ کا منہ بند کر دیا۔ حضرت خواجہ نے فرمایا کہ تیر کمان سے نکل چکا ہے۔دعا قبول ہو چکی۔ پھر جواب کہلا بھیجا کہ کل ہم لوگوں کے پیر کا عرس ہے۔ایک مرتبہ ہمیں سماع اور سننے کا موقعہ دیا جائے۔ پھر تمام علماء کو جمع کریں۔اگر سماع درست ہوگا تو ہم لوگ سنیں گے۔ورنہ توبہ کر لیں گے۔

قاضی اور صدر جہاں نے جب یہ جواب سنا تو دونوں راضی ہو گئے۔اس شرط کے ساتھ کہ ان دونوں یعنی خواجہ قطب الدین اور قاضی حمید الدین کے علاوہ کوئی دوسرا سماع نہ سنے۔اس زمانے میں دہلی قلعہ کے دو دروازے شرقی اور غربی تھے۔جہاں پر انکی خانقاہ اور گھر تھا۔قاضی صادق وعماد نے سو سو آدمی دروازے پر بٹھا دئے۔تاکہ وہ کسی کو آنے نہ دیں۔

حضرت خواجہ کے خادم شیخ مبارک نے آکر عرض کی کہ قاضی و مفتی نے قلعہ کے دروازوں پر پہرہ لگوا دیا ہے تاکہ کوئی اندر داخل نہ ہو سکے۔اب کھانا کس لحاظ سے پکائیں۔قاضی حمید الدین ناگوری نے فرمایا کہ دو گُنا کھانا پکاؤ۔کس کی مجال ہے کہ جو لوگوں کو ہماری مجلس سے روک دے۔حضرت خواجہ نے فرمایا کہ افسوس قاضی عماد و صادق کو اپنی جان کی پروا نہیں ہے۔جلد ہی وہ اس دنیا سے رخصت ہونا چاہتے ہیں۔مبارک خادم حسبِ ہدایت کھانا تیار کرنے میں لگ گئے۔

(۱) نبیرہ شیخ عبد القدوس گنگوہی۔(۲) ماہرِ فقہ تھے۔(۳) بادشاہ اور شیخ مبارک کی ملاقات کی خبر کو برا کہا تھا۔(۴) شیخ مبارک کے اخراج کے لئے کوشش کی تھی۔(۵) شیخ مبارک کے الحاد کے محضر پر اتفاق ظاہر کیا تھا۔(۶) شیخ نظام الدین تھانیسری۔یہ صابری چشتی تھے۔جلال الدین اکبر شاہ نے مخلوق کے انکی طرف رجوع ہونے اور انکے شیخ مبارک کے خلاف ہونے کے باعث انکے مکہ معظّمہ کی طرف اخراج کا حکم دیا تھا اور اسی طرح نور الدین جہانگیر بادشاہ نے شیخ محمد داؤد گنگوہی صابری چشتی کو انکی اعلیٰ شان و مشیخت کی وجہ سے بد اندیشی کی اور جیل میں بھیج دیا تھا۔(۷) شیخ مبارک سے مخالفت رکھتے

مقیم، سید علی اکبر۔ سید محمد مقیم لا ولد رفت۔

سید محسن بن خضر محمد: دو پسر داشت۔ شمس الدین و نظام الدین۔ از سید نظام الدین دو پسران شدند۔ میر قمر علی و میر نجف علی۔ اما میر نجف علی لا ولد رفت و از میر قمر علی سید وزیر علی دو دختر داشت۔ صاحب بیگم و وزیر بیگم۔ و صاحب بیگم زوجہ سید واجد علی بود۔ کہ از وے یک پسر موجود است۔ وزیر بیگم را زوج شرعی سید احسان علی جاگیردار موضع ہاتھی کھیڑا بود۔ کہ از وے سہ پسران و یک دختر بوجود آمدند۔

سید شمس الدین بن سید محمد محسن: دو پسر داشت سید بندہ علی و سید سعد الدین۔ از سید بندہ علی دو پسر و دو دختر بوجود آمدند۔ سید امیر علی و سید خدمت علی۔ از سید امیر علی یک پسر بود سید غفور علی کہ لا ولد فوت شد۔ و از سید خدمت علی دو پسران شدند و دو دختران۔ پسر اول سید مزاج علی اسے کہ در صدر حیات و پسر دوم سید ارشاد علی بود کہ لا ولد رفت۔

اما سید سعد الدین پسر دوم سید شمس الدین دو پسر داشت۔ سید حسین علی و سید واجد علی۔ از سید حسین علی دو پسر موجود اند۔ سید عبد العلی و سید عبد الکریم۔ و از سید واجد علی یک پسر در صدر حیات است۔ و سید نجف حسین نام است۔

سید علی اکبر بن خضر محمد بن سید نظام الدین دو پسر و دو دختر داشت۔ نام پسران فتح علی و امیر الدین۔ اما از امیر الدین اولاد پسرے نشد۔ و از فتح علی یک پسر و سہ دختر بوجود آمد۔ نام پسر سید احمد علی کہ از و اولاد پسرے نشد۔ و یک دختر شد کہ او ہم لا ولد رفت۔

15-1-2013

سید نجم الدین بن سید مبارک عرف دیوان شاہ بن سید معین الدین رابع: دو پسر و چہار دختر داشت۔ نام پسران سید سلطان محمد و سید نظر محمد۔ اما سید سلطان محمد لا ولد فوت شد۔ و از سید نظر محمد دو پسر بوجود آمدند و یک دختر۔ نام پسران سید سراج الدین و محمد حیات۔ اما سراج الدین لا ولد رفت۔ و از سید محمد حیات دو پسر بوجود آمدند و دو دختر۔ نام پسران سید غلام امام و سید محمد تقی۔ اما از سید محمد تقی

قاضی حمید الدین نے دو رکعت نماز ادا کی اور فرمایا کہ میرے بھائی شیخ الاسلام شیخ بہاء الدین زکریا نیک شخص ہیں۔ وہ ملتان سے آرہے ہیں۔ اسی دوران وہ بزرگوار (شیخ بہاء الدین) مشرقی دروازے سے داخل ہوئے۔ اور دربان اندھے ہو گئے۔ پھر حضرت خواجہ نے فرمایا کہ جلال الدین تبریزی بھی آرہے ہیں۔ اور وہ جنوبی دروازے سے داخل ہوئے۔ اور سارے پہرے دار اندھے ہو گئے۔ پھر سماع شروع ہوا اور ایسا شور ہوا کہ اس کی آواز قاضی صادق و عماد کے کان میں پہنچی۔ وہ دونوں بہت حیران ہوئے۔ اور کہا کہ کئی بار خواجہ قطب الدین اور قاضی حمید الدین کی خانقاہ میں سماع ہوا ہے۔ لیکن اس قدر شور ہم نے نہیں سنا۔ کس کو بھیجیں جو خبر لائے؟ ایک شخص کو بھیجا جو دیکھ کر آیا اور بتایا کہ لوگ اس قدر جمع ہیں کہ سانس لینے کی جگہ نہیں ہے اور محفلِ سماع منعقد ہو رہی ہے۔

قاضی صادق اور عماد کی چونکہ موت قریب آچکی تھی، اپنے غصے کو ضبط نہ کر سکے اور حیران ہو کر کہا کہ اب ان لوگوں کو موقع دینا ٹھیک نہیں ہے۔ لہٰذا ہم جا کر لوگوں کے سامنے ان کو باز رکھیں گے۔ یہ دونوں جاہل بے باکی کے ساتھ ایک بڑی جمعیت کے ساتھ پہنچ گئے۔ حضرت خواجہ اس وقت سماع میں محو تھے اور حضرت قاضی حمید الدین ہاتھ باندھے کھڑے تھے۔ اور سارا مجمع رو رہا تھا۔ اسی درمیان حضرت قاضی حمید الدین کی نظر ان دونوں پر پڑی۔ فرمایا۔ اے سنگدلو! وہیں رکے رہو۔ دونوں اسی جگہ کھڑے ہو گئے۔ لاکھ غصے میں انھوں نے کوشش کی کہ آگے بڑھ کر روکیں۔ لیکن ان کے پیر ستون کی طرح جم گئے۔ جب تک حضرت خواجہ قطب الاقطاب سماع میں محو رہے۔ وہ لوگ جمے کھڑے رہے۔ جب حضرت خواجہ کو افاقہ ہوا تو انھوں نے ان دونوں کو دیکھ کر فرمایا کہ آؤ بھائیو! رخصت ہو لو۔ لیکن رخصت ہونے سے پہلے سماع کی بھی کچھ لذت لے لو کہ حسرت دل میں باقی نہ رہے۔ اسکے بعد سفر کرو۔

حضرت کی بات کا دونوں پر اثر ہوا اور دونوں رونے لگے۔ اور وجد میں آگئے۔ پھر ہوش میں آئے تو حضرت خواجہ کے قدموں پر سر رکھ کر کہنے لگے۔ خدا کی قسم سماع کے راز سے ہم لوگ آگاہ نہ تھے۔ یہ تو اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں سے ایک بڑی نعمت ہے۔ حضرت خواجہ نے فرمایا کہ اب اس اقرار سے کیا حاصل۔ جب وقت گذر گیا تب توبہ سے کیا فائدہ۔ پھر یہ دونوں نادم و

اولاد پسرے نشد۔ وچہار دختران بوجود آمدند کہ از بطن ایشاں توالد وتناسل جاریست۔ اما سید غلام امام یک پسر داشت، نام سید علی۔ از و یک پسر شد وسہ دختر۔ نام پسر سید ناصر علی کہ اولاد پسرے نداشت۔ واز بطن دختر او کہ زوجۂ سید خدمت علی بن سید بندہ علی بود اولاد باقیست۔

سید خواجہ احمد پسر شیخ سید مبارک دیوان شاہ بن سید معین الدین رابع: اورا پسر نبود۔ چہار دختر داشت۔ سعیدہ بی بی، عائشہ بی بی، بزرگ بی بی، عابدہ بی بی۔ اما سعیدہ بی بی زوجہ سید برہان وبی بی عائشہ زوجہ سید سبحان نارنولی بود کہ از بطن ایشاں اولادِ کثیر باقیست۔ وبی بی بزرگ بہ شاہ جیون بن شیخ صادق محمد اولاد شیخ نظام نارنول منکوحہ شد۔ وبی بی عابدہ اسم با مسمیٰ بود۔ وبعبادت وریاضت درگذشت۔ وشوہر نخواست۔

....

مولف: برضمائر اربابِ دانش وبصیرت مستور ومحتجب نماند کہ از پاستان ہنجار روزگار بریں منوال بودہ است کہ فرمان روایانِ کشور دولت دنیا را، با تاجورانِ مملکتِ فقر وفنا منازعتے وخصومتے پدید آید۔ چنانچہ در ہر زمان ومکان صاحبدلان مآرب دستگاہ وخداوندگانِ حق آگاہ را آفتے عظیم وحالتے سقیم روئے دادہ است۔ جائیکہ حسین علیہ السلام بود، بہ یزید لعین را ہم بوجود آوردند واستحکام آزار ومحنت را بنیاد خلوص ومحبت قرار دادند۔ لاجرم زحمت کشیدن وبعزلت آرمیدن طریق بزرگانِ دین بودہ است۔ واز ینہا ہر یکے را دشمن صعب روئے نمودہ است۔ حضرات خواجگان ومتبعان خواجگان مارا کہ [illegible] دطلب بودہ اند۔ بیشتر ایں چنیں حادثات وسانحات درپیش آمدند کہ تفصیلش از ہزار یکے واز بسیار اندکے بر سبیل بیان آوردن منشاء ومنشات خواہد بود۔ کما قال فی ''سیر الاقطاب''

ا۔ اشارت است برتادیب بجہت تسلیم ناتمام واداۓ بے اخلاصی کہ از حضرت خواجہ حسین بظہور پیوستہ بود وزندانِ اوہمیں بود کہ علو پایہ مشیخت حضرت معز اللہ در مقام اجمیر دیدن نتوانستند۔ ودرگوشۂ بے اختیاری دور از اجمیر نگاہ داشتند۔ ۱۲

شرمسار سلطان کے پاس گئے اور سارے واقعات بیان کئے اور اسی روز انتقال کر گئے۔

☆☆☆

ا۔ حضرت شیخ کی جانب سے نامکمل سلام اور بے اخلاصی کے اظہار پر تادیب کی طرف اشارہ ہے۔ اور آپکو قید کرنا اسی سبب سے تھا کہ بلند مرتبہ شیخ کو اجمیر شریف میں قیام پذیر نہ دیکھا جا سکے۔ اور اجمیر سے دور گوشۂ بے اختیاری میں اجمیر سے دور رکھا جائے

''قاضی صادق وقاضی عماد دانشمندان دہلی بہ آنحضرت مخالف گشتند و بہ سلطان گفتند کہ خواجہ قطب الدین وقاضی حمید الدین شب وروز سماع می شنوند۔ باآنکہ در شرع مقدس حرام است۔ وخواجہ قطب الدین ہنوز ریش ہم نیاوردہ است۔ بعد ازیں قاضی صادق وعماد بخانقاہ حضرت آمدند۔ اتفاقاً مجلس سماع بود۔ وقاضی حمید الدین متواجد بود۔ وحضرت خواجہ دست بستہ استادہ بودند۔ قاضی عماد بہ سوئے حضرت خواجہ اشارت کردو گفت کہ امرد را نشاید کہ در مجلس سماع حاضر باشد آنحضرت فی الفور ہر دو دست مبارک خود برروئے مطہر خود بسم اللہ الرحمن الرحیم گفتہ فرود آوردو فرمود۔ آرے امرد را نشاید کہ در مجلس سماع حاضر گردد۔ ما اہلِ سماع ایم وسماع را مباح می گوئیم خلق چوں چناں بدید۔ معترف و معتقد گشت۔ وآں نااہلان سیاہ دل دہشت خوردند۔ وپیش آمدن نتوانستند۔ و واپس رفتند۔ ومصلحت کردند کہ اگر ایں فتنہ فرونہ نشست تا قیامت خواہد ماند۔

چنانچہ ہر دو مجہولانِ ناحق شناس بحضرت خواجہ و قاضی حمید الدین گفتہ فرستادند کہ ما قاضی وصدر جہانیم۔ شما آمدہ بدار العدالت حاضر شوید وعذر آنکہ خلافِ شرع می کنید۔ باز بگوئید یا تائب شوید۔

وبمجرد استماع ایں پیام از زبان معجز نشان حضرت خواجہ برآمد کہ اے حرافاں می مانید یا زیر زمین رفتن می خواہید۔ قاضی حمید الدین دہن آنحضرت را بگرفت۔ خواجہ فرمود اے قاضی تیر بہ ہدف اجابت رسید۔ پس فردا گفتہ فرستادند کہ فردا عرس پیر ماست مہلت دہید تا سماع بشنویم۔ پس فردا ہمہ علماء را حاضر آرید۔ اگر سماع درست خواہد بود خواہید شنید۔ وگرنہ توبہ خواہیم کرد۔

قاضی وصدر جہاں چوں ایں جواب شنیدند قبول کردند۔ بشرط ایں کہ غیر ازیں دو شخص خواجہ قطب الدین وقاضی حمید الدین دیگرے سماع نہ شنوند۔ درآں

ا؎ انکارِ ماضی عبارت است از انکارِ اولاد۔ واعترافِ حال عبارت است از سکوت کہ بر دعوے دختر نژادی حضرت خواجہ حسین نمودہ۔ وایں معنی از پایہ تحقیق ومنزل راستی اقصی الغایت دور است۔

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی بخاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی تالیف ''اخبار الاخیار'' سے

منقول ہے

کہ سلطان قطب الدین شیخ ضیاء الدین رومی کا مرید و معتقد تھا۔ شیخ مذکور (ضیاء الدین رومی) کے انتقال کے بعد جب حضرت سلطان المشائخ خواجہ نظام الدین بدایونی قدس سرہٗ آپ کی رسمِ فاتحہ میں تشریف لے گئے تو اس وقت سلطان قطب الدین وہاں موجود تھا۔ لیکن اس نے حضرت سلطان المشائخ (نظام الدین اولیاء) کی تعظیم نہیں کی اور نہ ہی سلام کا جواب دیا۔

نقل کرتے ہیں کہ جس وقت حضرت خواجہ فرید مسعود رحمۃ اللہ علیہ اجودھن میں پہنچے۔ وہاں قاضی شہاب دنیا طلبی میں مصروف تھا۔ حضرت خواجہ (فرید الدین) کی تشریف آوری سے اپنی کساد بازاری کا تصور کر کے مخالفت اختیار کی۔ اور ملتان کے حاکم کو جھوٹی سچی باتیں پہنچانے لگا جو کوئی اصل نہیں رکھتیں۔ اور جھوٹ اور فتنہ سے چاہتا تھا کہ حضرت خواجہ کے قیام کو اس جگہ سے ختم کروادے۔ جب حاکم ملتان نے قاضی مذکور کی تحریر اور رپورٹ پر توجہ نہ فرمائی۔ شرمندگی و ندامت کے سوا اس کے ہاتھ کچھ نہ آیا بالآخر حضرت خواجہ علیہ الرحمہ کے قتل کرنے کی بڑی کوشش کی۔ کام کو انجام دینے کے لئے ایک قلندر کو روپیوں کا لالچ دے کر متعین کیا۔ ایک روز موقعہ پاکر قلندر دروازے سے اندر آیا۔ حضرت خواجہ علیہ الرحمہ نے نور باطن سے اس کے آنے کے برے مقصد کو جان کر ایک خادم کو جو حاضر خدمت تھا حکم فرمایا کہ اس کو باہر نکال دے۔

نقل ہے کہ حضرت سلطان المشائخ (نظام الدین اولیاء) سے سلطان قطب الدین کو دشمنی تھی۔ ہمیشہ انکی تکلیف دہی پر نظر رکھتا۔ ایک دن سلطان المشائخ کو حکم بھیجا۔ کم از کم ہر ماہ کی پہلی تاریخ کو بادشاہ کی خدمت میں ضرور پہنچیں۔ اگرچہ سلطان المشائخ نے اس حکم پر کوئی توجہ نہیں

ا؎ انکار ماضی، انکار اولاد سے عبارت ہے اور اعترافِ حال، سکوت سے عبارت ہے۔ جو حضرت خواجہ حسین نے دختر نژادی کے دعوے پر ظاہر کیا اور یہ بات تحقیق سے اور سچائی سے بہت دور ہے۔

ہنگام قلعہ دہلی دو دروازہ داشت۔ شرقی و جنوبی۔ در خانہ و خانقاہ ہر دو بزرگوار درونِ قلعہ بود۔ قاضی صادق و عماد بر سرِ دروازہ صد صد نفر نشاندند۔ تا کسے را راہ ندہند۔

مبارک نام خادمے بخدمت آنحضرت عرض نمود کہ بر در شہر مردم نشانیدہ اند تا کسے نہ آید۔ طعام بپزیم یا نہ۔ قاضی حمید الدین گفت دو چند طعام پختہ کنید کہ از ہزہ است کہ خلق را بہ مجلس مامنع کند۔ حضرت خواجہ فرمود کہ قاضی عماد و صادق از جان خود سیر آمدہ اند۔ می خواہند کہ زود ازیں جہاں سفر کنند۔ پس مبارک خادم برفت و استعداد طعام کرد۔

قاضی حمید الدین دوگانہ ادا نمود و گفت برادرم شیخ الاسلام حضرت شیخ بہاء الدین زکریا صالح است۔ اینک از ملتان می رسد۔ دریں اثنا آں بزرگوار از راہِ درِ مشرق آمد و دربانان کور شدند۔ پس حضرت خواجہ فرمود۔ کہ برادرم جلال الدین تبریزی نیز می آید۔ و وے از دروازۂ جنوبی در رسید۔ دربانان کور شدند۔ پس سماع در دارند۔ و چناں غلغلہ شد کہ صدائے آں بگوش قاضی صادق و عماد افتاد۔ حیران شدند و گفتند کہ بارہا در خانقاہ خواجہ قطب الدین و قاضی حمید الدین سماع شدہ لیکن ایں مقدار غلغلہ ہرگز نشنیدم کس را فرستادند کہ خبر بیارد۔ آں کس برفت و دویدہ آمدہ و گفت مردمان آں قدر جمع شدہ اند کہ مجال دم زدن از ہجوم تنگ گردید۔ و محفل سماع گرم است۔

قاضی صادق و عماد را چوں اجل فرا گرفتہ بود۔ خود را ضبط کردن نتوانستند۔ و حیران شدہ گفتند کہ حا[illegible] فرصت دادن خوب نیست۔ برویم و بحضور خلایق ایشاں را از سماع باز داریم۔ پس آں ہر دو جاہلان بے باک با جماعت بسیار آمدند۔ حضرت خواجہ در سماع بود۔ و قاضی حمید الدین دست بستہ ایستادہ و جمعے کثیر در گریہ۔ دریں اثنا نظر حضرت قاضی بر آں افتاد۔ فرمود۔ "ہمانجا باشید اے سنگدلاں!" ہر دو ہمانجا استادہ ماندند۔ ہر چند در غضب گشتند، و خواستند نزدیک شوند۔ پائے آنہا چوں ستونے کہ در زمین نصب کنند محکم شدند۔ تا آنکہ حضرت

فرمائی۔لیکن دوسرے لوگ جو عنادودشمنی کی گھات میں تھے۔انھوں نے بادشاہ کے دل کو مطمئن کردیا۔ بہر حال یہ کہ اگر مقررہ وقت میں سلطان المشائخ بادشاہ کی خدمت میں نہیں جائیں گے۔ بادشاہ کی حکمرانی کی غیرت تاب نہ لائے گی۔اور حضرت سلطان المشائخ کی تکلیف دہی میں کوئی دقیقہ نہیں چھوڑا جائے گا۔لیکن جو شخص مردانِ حق کی تکلیف دہی میں ناحق کوشش کرتا ہے۔ پلک جھپکتے ہی سوسالہ حکومت کو پامال وتباہ کردیتا ہے۔بادشاہ کو معلق موت نے آدبوچا۔ اورمہینہ کی پہلی تاریخ کو خسروخاں کے اشارہ پر کسی شخص کے ہاتھوں قتل ہوگیا۔اور دنیوی حکومت اور حمایتِ عقبیٰ سے محروم ونامرادرخصت ہوا۔

صاحبِ ''اخبار الاخیار'' لکھتے ہیں کہ سلطان محمد تغلق شیخ نصیر الدین چراغ دہلی کو باوجود کمالاتِ علیا تکلیف دیتا اور اپنے ہمراہ سفر میں رکھتا۔ کہتے ہیں کہ ایک وقت اس نے آپ کو اپنا لباس پہنانے والابھی بنالیا تھا۔شیخ رحمۃ اللہ علیہ ان تمام تکالیف کو صرف اپنے شیخ کی وصیت کی بناپر برداشت کرتے اوراُف تک نہ کرتے۔

ایک دفعہ سلطان محمد تغلق نے شیخ نصیر الدین محمود کے لئے سونے چاندی کے برتنوں میں اس غرض سے کھانا بھیجا کہ اگر نہ کھائیں گے تو اسی کو ایذارسانی کا سبب بنا کر جُرم عائد کردوں گا۔اوراگر کھالیں گے۔تو پوچھوں گا کہ آپ نے سونے چاندی کے برتنوں میں کھانا کھا کر غیر شرعی کام کیوں کیا۔جب شیخ کے سامنے کھانا پیش کیا گیا تو آپ نے زبان سے کچھ نہ فرمایا۔البتہ سونے کے ایک برتن سے یخنی اُٹھائی اوراسے ہتھیلی پر رکھ کر چکھ لیا۔اس سے بداندیشوں کے ارادے ناکام ہوگئے۔

شاہ جلال گجراتی صاحبِ کشف وکرامات تھے۔اور ظاہری وباطنی کمالات کے حامل تھے۔ کہتے ہیں کہ علاقہ گجرات کے رہنے والے تھے۔لیکن گورو بنگالہ میں تخت پر بیٹھتے، بادشاہوں کی طرح رہتے اوراحکام جاری کرتے تھے۔اہلِ غرض لوگوں نے بادشاہ کے دل میں آپ کے متعلق مختلف قسم کے وہم اور شبہات پیدا کردئے۔جس کی وجہ سے بادشاہ نے آپ کو شہید کرادیا۔منقول ہے کہ جب قاتل آپکی خانقاہ میں داخل ہوئے اور خونریزی شروع کردی۔وہ جب آپ کے کسی مرید کو قتل کرتے تو آپ یَا قَھَّارُ، یَا قَھَّارُ۔ پڑھتے لیکن جب ان لوگوں نے آپ پر تلوار چلائی تو آپ نے یَا رَحْمٰنُ یَا رَحْمٰنُ۔ پڑھا اور یہی کہتے کہتے شہید ہوگئے۔شہید ہوجانے کے بعد

قطب الاقطاب در سماع بود ۔ ہم چناں استادہ بودند۔ و بعد اقامت نظر حضرت خواجہ برآنہا افتاد۔فرمود کہ ”بیائید اے برادران وداع شوید۔ امالذت سماع ہم پارہ بخشید ۔تا دردل شما حسرت باقی نماند۔ بعدازاں سفرکنید۔“

سخن آنحضرت بہ ہردو اثر کرد۔ ودرگریہ شدند۔ ودرتواجد آمدند۔ وبعدازدیر بہ ہوش آمدہ سردر پائے حضرت خواجہ افگندند۔ وگفتند۔ واللہ جل وعلا کہ ما از سرّ سماع آگاہ نبودیم ۔ ایں خود نعمتے است از نعمات ایزد جل شانہٗ ۔ حضرت خواجہ فرمود کہ اقرار حالا چہ سود دارد۔ چوں کار از دست برفت ۔ بس آں ہردوکس پشیمان نزد سلطان رفتہ تمام ماجرا عرض نمودند۔ وہماں روز بمردند۔“

☆☆☆

15-1-2013

آپ کا سر زمین پر پڑا ہوا اللہ اللہ کی صدائیں بلند کر رہا تھا۔ رحمۃ اللہ علیہ

اسی میں ہے

شیخ شہاب الدین حق گو، شیخ فخر الدین زاہدی کے فرزند ہیں۔ آپ کو حق گو اس لئے کہتے تھے کہ ایک بار سلطان محمد تغلق نے یہ حکم جاری کیا کہ تمام لوگ مجھے محمد عادل کہیں۔ آپ نے اس کے سامنے ہی اسے عادل کہنے سے انکار کر دیا۔ اور فرمایا کہ ہم ظالموں کو عادل نہیں کہتے۔ اِس جرم میں سلطان محمد تغلق نے آپ کو دہلی کے قلعہ سے نیچے گروا دیا۔ آپ کی قبر قلعہ کے نیچے ہی ہے۔

☆☆☆☆☆

منقولست

از ''اخبار الاخیار''

مولفہ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی البخاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

کہ سلطان قطب الدین مرید و معتقد شیخ ضیاء الدین رومی بود۔ روز سوم از نقل شیخ مذکور چوں حضرت سلطان المشائخ خواجہ نظام الدین بداؤنی قدس سرہٗ برسم فاتحہ برفت۔ سلطان قطب الدین آنجا حاضر بود اما تعظیم حضرت سلطان المشائخ نکرد۔ و جواب سلام ہم نداد۔

آوردہ اند کہ وقتیکہ حضرت خواجہ فرید مسعود رحمۃ اللہ علیہ در اجودھن رسید۔ قاضی شہاب الدین کہ در آنجا بود دنیا طلبی می کرد۔ از ورود حضرت خواجہ کساد بازاری خویشتن تصور یدہ خلاف ورزیدہ۔ و بہ حاکم ملتان حکایت ہا رسانید۔ کہ اصلی نداشتند۔ و بزور و فتور می خواست کہ بناءِ قیام حضرت خواجہ را از انجا بر کند۔ چوں حاکم ملتان بر تحریر و تقریر قاضی مذکور التفاتے نفرمود۔ و انجام کار غیر از خجالت و ندامت بہ دستش نیامد۔ بہ کشتن حضرت خواجہ علیہ الرحمہ سعی موفور بکار بردہ قلندرے را بطمع زر مامور کرد۔ روزے کہ فرصت وقت دریافتہ قلندر راز در در آمد۔ حضرت خواجہ علیہ الرحمہ بنورِ باطن بر منشاء شرِّ مقدمش کشف فرمودہ بہ خادمے کہ حاضر خدمت بود امر فرمودند کہ تا او را براند۔

آوردہ اند کہ با حضرت سلطان المشائخ سلطان قطب الدین را خصومتے بود و مدام بر آزارِ ایشاں نظرمی داشت۔ روزے بہ سلطان المشائخ حکم فرستاد کہ کم از کم بخدمت بادشاہ بہر غرّہ ماہ باید رسید۔ اگرچہ حضرت سلطان المشائخ بر ایں حکم ہیچ التفات نہ فرمود۔ اما دیگراں کہ در کمین گاہ نفاق و عناد بودند۔ خاطر بادشاہ را مطمئن ساخت۔ غایت آنکہ اگر بوقت مقررہ حضرت سلطان المشائخ بخدمت بادشاہ نخواہد رفت۔ غیرت اولوالامری بادشاہ تاب نیاوردہ در آزار حضرت سلطان المشائخ دقیقہ نخواہد گذاشت۔ امّا ازاں رو کہ بہ ناحق در

15-1-2013

منتخب التواریخ کے مصنف ملا عبدالقادر بدایونی سے منقول ہے

اکبر بادشاہ کے زمانے کے واقعات جو بزرگوں اور مشائخ کے ساتھ ظہور پذیر ہوئے یہ ہیں۔

"انھیں دنوں میں اکبر نے شیخ جمال بختیار کی معرفت شیخ قطب جلیسری مجذوب کو بلا کر فرنگیوں کے پادریوں سے مقابلہ کرایا۔ اور تمام علماء کو اس جلسہ میں جمع کیا۔ شیخ نے کہا کہ بہت سی آگ روشن کرو اور میں اور میرا مخالف اس میں کود پڑیں۔ جو سلامت رہے وہی حق پر ہے۔ چنانچہ یہی ہوا۔ شیخ نے ایک فرنگی کا ہاتھ پکڑ کر کہا کہ ہاں بسم اللہ۔ کسی فرنگی کی جرأت نہ پڑی۔ اکبر نے شیخ کو دوسرے کئی فقیروں کے ساتھ بکر بھیج دیا۔ چنانچہ شیخ نے وہیں انتقال کیا۔ اسی طرح اور دوسرے فقیروں اور مشائخ کو اِدھر اُدھر بھیج دیا۔ اکبر نے شریعت، دینِ اسلام اور روزوں کے جدا جدا نام رکھ لئے تھے۔ اور شیخ ادھن (عدل) کے پوتوں کو جو جونپور کے مشائخ میں سے تھے اہل وعیال کے ساتھ بلا کر اجمیر بھیج دیا اور انکا وظیفہ مقرر کر دیا۔ ان میں سے دو تین وہیں انتقال کر گئے اور بعض اب تک مفلسی میں گذارہ کر رہے ہیں۔

اسی طرح خواجہ معین الدین کے پوتے شیخ حسین [1] کو جنھوں نے حسبِ دل خواہ سلام نہیں کیا تھا اور انھوں نے مکہ معظّمہ کی طرف روانگی اور وہاں سے فتح پور آنے کے بعد اسی طرح جھک کر سلام کرنے سے استغنا کیا۔ اکبر نے اپنے نزدیک ان میں بے اخلاصی کا اثر پا کر بکر بھیج دیا۔ ۱۰۰۲ھ میں نظام الدین احمد نے سفارش کر کے قاضی فتح پوری اور دیگر کو بکر سے بلایا شیخ کمال کا نام بھی اس فرمان میں تحریر کیا۔ اور جب وہ زمیں بوسی بجا لائے تو انکی رہائی کا حکم صادر کیا۔ لیکن کمال بیابانی کو امیروں سے اس کے اعتقاد کے باعث نکال کر رنتھبور بھیج دیا۔ مگر شیخ حسین کو مددِ معاش کا حکم دے کر پھر بکر روانہ کر دیا۔ جیسا کہ آگے مذکور ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔"

ملا عبدالقادر بدایونی ہی کی روایت ہے

"شیخ عبدالنبی صدر الصدور یہ شیخ احمد کے بیٹے اور شیخ عبدالقدوس گنگوہی کے پوتے ہیں۔ کئی مرتبہ مکہ معظّمہ اور مدینہ طیبہ کو گئے۔ اور وہاں علمِ حدیث حاصل کیا۔ جب وہاں سے لوٹ کر

آزار مردانِ حق کوشیدن در چشم زدن دولت صد سالہ را پائمال می کند۔ بادشاہ را مرگ معلق درگرفت۔ و بروز غرہ ماہ باشارت خسرو خان از دست کسے کشتہ شد۔ و از دولتِ دنیا و حمایتِ عقبیٰ محروم و ناکام برفت۔

صاحبِ اخبار الاخیار می نویسد سلطان محمد تغلق شیخ نصیر الدین چراغ دہلی را بایں کمال رتبت کہ داشت ایذاہا کردے و در سفرہا ہمراہِ خود گردانیدے۔ گویند کہ اورا وقتے جامہ دار خود گردانیدہ بود۔ و ایں ہمہ بموجب وصیت پیر خود تحمل کرد۔ و دم نزند۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

وقتے سلطان محمد تغلق برائے نصیر الدین محمود خوانِ طعام فرستاد۔ در آوندہائے زرونقرہ۔ و باعث فرستادنِ ایں جز ایذا نبود۔ یعنی اگر ابا آورد و طعام من نخورد ہمیں را مادہ ایذا سازم۔ اگر بخورد بگویم کہ در کاسۂ زریں خوردی۔ و نامشروع کردی۔ خدمت شیخ ہیچ نکفت۔ یعنی از کاسہ زریں کہ در آں بود برآورد۔ و بر دست نہادہ خورد۔ بداندیش خائب و خاسر ماند۔''

''شاہ جلال گجراتی کہ صاحبِ کشف و کرامات بود و در ظاہر و باطن مرتبہ عظیم و شانے رفیع داشت۔ می گویند کہ اصلِ وے از ولایت گجرات است۔ و در کورو بنگالہ بر تخت نشستہ حکم کردے چنانکہ بادشاہاں می نشیند و حکم می کنند۔ بادشاہ کورا اوراشہید کرد۔ از جہت تو ہم و دغدغہ کہ قول غرض گویان بخاطر او راہ یافت۔ نقل است کہ چوں قاتلان خانقاہِ او در آمدند و بنیادِ خونریزی کردند کہ شمشیر می زدند۔ شیخ می فرمود۔ یا قَہَّار یا قہار چوں تیغ بروے زدند۔ گفت یَا رَحۡمٰنُ۔ و برہمیں کلمہ جاں بحق تسلیم کرد۔ گویند سر او بر زمین افتادہ بود و اَللّٰہ اَللّٰہ می گفت۔ رحمۃ اللہ علیہ۔''

منہ

شیخ شہاب الدین حق گوے پسر شیخ فخر الدین زاہد یست۔ و اورا حق گوے ازاں لقب است کہ سلطان محمد تغلق حکم کرد کہ مرا محمد عادل گویند۔ او ازیں معنی بحضور او ابا

آئے تو اپنے باپ دادوں کے طریقۂ سماع کے منکر تھے۔ محدثین کے طریقے پر عمل کرتے تھے۔ تقویٰ، طہارت اور عبادت میں بہت مشغول رہتے تھے۔ جب صدارت کے منصب پر مقرر ہوئے تو اس قدر زمین مدِ معاش وظائف اور اوقاف کی انھوں نے مخلوق کو عنایت کی کہ کسی بادشاہ کے زمانہ میں اس کا دسواں حصہ بھی نہ ملا تھا۔ اکبر چندروز ان کا ایسا معتقد رہا کہ جوتیاں سیدھی کر کے انکے سامنے رکھا کرتا تھا۔ آخر مخدوم الملک وغیرہ علماء کی مخالفت کے سبب سے وہ معاملہ برعکس ہوگیا۔

جاہلانند ہمہ جاہ طلب | خویشتن را علماء کردہ لقب

جاہ کے خواہشمند سب تو جاہل ہیں | جنھوں نے خود کو علماء کا لقب دیا ہے

اور بڑا اسبب جو انکے تنزل کا ہوا کہ جس زمانے میں اکبر بانسوالہ سے لوٹ کر فتح پور میں آیا تو قاضی عبدالرحیم قاضیِ متھرا نے شیخ کے پاس استغاثہ کیا کہ ہم نے ایک مسجد بنانے کا ارادہ کیا تھا۔ ایک برہمن بڑا مالدار اس کا سارا سامان اٹھا کر لے گیا اور اسی سامان سے اس نے بت خانہ بنایا اور جب ہم نے اس سے جھگڑا کیا تو اس نے علانیہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت بے ادبی کے لفظ کہے۔ یہ سن کر شیخ نے اس کو بلایا۔ مگر وہ برہمن شیخ کے بلانے سے نہ آیا۔ تب اکبر نے شیخ ابوالفضل اور بیر برکو اسکے بلانے کے لئے بھیجا۔ چنانچہ دونوں جا کر اس کو پکڑ لائے۔ شیخ ابوالفضل نے جو کچھ اسکا حال تحقیق کیا تھا سب عرض کر دیا اور کہا کہ بے شک اس نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت بے ادبی کے کلمے کہے ہیں۔ بعض علماء نے اس کے قتل کا فتویٰ دیا اور بعضوں کی یہ رائے ہوئی کہ اس کی تشہیر کی جائے اور کچھ جرمانہ لے لیا جائے۔ دو فریق ہو گئے اور اس سلسلہ میں بڑی بحث وتمحیص ہوئی۔ ہر چند شیخ عبدالنبی اکبر سے اسکے قتل کی اجازت لیتے تھے۔ مگر اکبر صاف اجازت نہ دیتا تھا۔ اور کہتا تھا کہ شرعی سزائیں تم سے متعلق ہیں ہم سے کیا پوچھتے ہو۔ مدت تک یہی معاملہ رہا اور وہ برہمن قید میں ماخوذ رہا۔ اور اکبر کی اہلِ حرم نے اسکی بہت سفارشیں کیں۔ تب اس نے جواب دیا کہ ہمارا تو قول وہی ہے۔ جو تم مناسب سمجھو وہ کرو۔ آخر شیخ نے اپنے مکان پر آ کر فوراً اس کے قتل کا حکم دیا۔ جب یہ ماجرا اکبر نے سنا تو بہت درہم برہم ہوا اور اہلِ حرم نے محل کے اندر سے خوب لگانا بجھانا شروع کیا۔ اور کہا کہ آپ نے ان مولویوں کو ایسا سر چڑھا رکھا ہے کہ یہ آپ کی منشاءِ خاطر کا

کرد کہ ما ظالماں را عادل نتوانیم گفت۔ سلطان محمد تغلق اورا از قلعہ دہلی در زیر انداخت۔ قبر او ہم در زیر قلعہ است۔

☆☆☆☆☆

15-1-2013

بھی لحاظ نہیں کرتے اور بغیر آپ کے حکم کے اپنی حکومت جتانے کے لئے لوگوں کو قتل کر دیتے ہیں۔ ان باتوں سے اکبر اور زیادہ آزردہ ہوا اور ایک رات میں انوپ تلاؤ کے حوض پر اس باب میں گفتگو کی اور اپنے نئے مذہب کے مفتیوں سے فتویٰ پوچھا۔ کوئی کہتا تھا کہ اس مقدمہ کے گواہوں کی جرح اور تعدیل نہیں کی گئی اور کوئی کہتا تھا کہ شیخ عبدالنبی سے بڑا تعجب ہے کہ وہ اپنے آپ کو امام اعظمؒ کی اولاد میں بتلاتے ہیں حالانکہ امامِ اعظمؒ کے مذہب میں اگر کفار مطیع الاسلام سے نبی کی شان میں بے ادبی واقع ہو تو نقضِ عہد نہیں ہوتا۔ چنانچہ یہ جُزئیہ سب فقہ کی کتابوں میں لکھا ہوا ہے۔ مصنف صاحب لکھتے ہیں کہ اسی اثنا میں اکبر کی نظر مجھ پر دور سے پڑی۔ میری طرف متوجہ ہو کر بلایا میں آگے بڑھ کر سامنے آیا۔ اکبر نے کہا کہ تم نے بھی سنا ہے کہ اگر ننانوے روایتیں مثلاً ایک شخص کے قتل پر ہوں اور ایک روایت اسکی خلاصی پر تو مفتی کو چاہئے کہ اخیر روایت کو ترجیح دے۔ میں نے عرض کیا کہ بیشک یہی ہے اور یہ فقہ کا مسئلہ ہے کہ حدود و قصاص شبہ سے دور ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ میں نے یہ فقرہ پڑھا کہ "اِنَّ الْحُدُوْدَ وَ الْعُقُوْبَاتِ تَنْدَرِیْ بِالشُّبْهَاتِ۔" اور اس کے معنی فارسی میں سمجھا دیئے۔ اکبر نے بہت افسوس کر کے پوچھا کہ کیا شیخ کو یہ مسئلہ معلوم نہ تھا۔ جو اس برہمن بیچارے کو قتل کر ڈالا۔ میں نے کہا کہ شیخ بڑے عالم ہیں اور بیشک یہ مسئلہ بھی ان کو معلوم ہو گا۔ مگر انھوں نے بعض مصلحتوں کی وجہ سے یہ حکم دیا ہے۔ اکبر نے پوچھا۔ وہ مصلحت کیا ہے۔ تو میں نے کہا کہ ایسی سزا کی وجہ سے آئندہ فتنہ و فساد کا دروازہ بند ہو جاتا ہے۔ اور شفائے قاضی عیاض کی ایک روایت جو میری نظر سے گذری تھی میں نے پیش کی۔ تو بعض امیروں نے کہا کہ قاضی عیاض مالکی ہیں اور اس ملک میں حنفی مذہب کا رواج ہے۔ ان کا قول کیونکر سند ہو سکتا ہے۔ تب اکبر نے مجھ سے پوچھا کہ یہ لوگ کیا کہتے ہیں۔ میں نے کہا کہ اگرچہ وہ مالکی ہیں لیکن اگر مفتی محقق سزا کے لئے اس کے فتوی پر عمل کر لے تو جائز ہے۔ اس باب میں بہت سی گفتگو ہوئی۔ مصنف صاحب لکھتے ہیں کہ اکبر کو اس وقت ایسا غصہ تھا کہ اس کی موچھوں کے بال کھڑے ہو گئے تھے۔ اور لوگ مجھے بحث سے منع کرتے تھے۔ آخر اکبر نے خفا ہو کر کہا کہ یہ گفتگو تمہاری بہت نامعقول ہے۔ میں اُسی وقت سلام کر کے پیچھے ہٹا اور اس روز سے میں نے عہد کیا کہ کبھی آئندہ ایسی دلیری نہ کروں گا۔ غرض روز بروز شیخ کے کاروبار میں تنزّل ہوتا گیا۔ یہاں تک کہ آخر میں شیخ کا دربار میں جانا بالکل بند ہو گیا۔

از صاحب منتخب التواریخ ملا عبدالقادر بدایونی

واقعات زمانِ اکبر شاہ بادشاہ کہ با بزرگاں و مشائخاں بظہور پیوست ایں است۔

و دراں ایام شیخ قطب جلیسری را کہ مجذوب بے خراباتی بود از دست شیخ جمال بختیار طلبیدہ با احبار فرنگیان در بحث انداختند۔ و اربابِ عقل و اجتہاد زمان را حاضر ساختند۔ شیخ گفت آتشے بلند افروزند۔ تا من با معارض خود در آیم و ہر کہ بہ سلامت بر آید حق است ہمچناں کردند و او دست در کمر فرنگی زدہ گفت ہاں بسم اللہ و ہیچ کدام از فرنگیاں جرأت نکردند۔ و او را از غیرت ہمراہ فقیرے چند دیگر در بکر فرستادند۔ تا ہمانجا درگذشتند۔ و ہم چنیں خیلے از مشائخ و فقرا را بجاہا فرستادند۔ و ہم چنیں شریعت و دینِ اسلام و روزہ ہا جدا جدا با اختراع نام نہادہ بودند۔ و نبیرہائے شیخ ادھن را از کبار مشائخ جونپور با اہل و عیال طلبیدہ با جمیر فرستادہ وظیفہ مقرر ساختند۔ و یک دو سہ درانجا در گذشتند۔ و بعضے تا الحال بعسرت می گذرانند۔

و ہمچنیں شیخ حسین اسبیرہ حضرت خواجہ معین الدین قدس سرہٗ را کہ تسلیمِ خاطر خواہ نمی کرد و بعد از اخراج بمکہ معظّمہ و آمدنِ او از فتح پور بہماں دستور کورنش باستغنا نمودن و ادائے بے اخلاصی از و فہمیدن در بکر فرستادند تا در سال ہزار و دو نظام الدین احمد بتقریب التماس طلب قاضی فتحپوری از بکر و شیخ کمال بیابانی نام او را ہم مذکور ساخت و ہمہ را طلبیدہ از آنروئے کہ زمین بوس بجا آوردند حاضر زمان طلبداشتہ حکمِ خلاص فرمودند۔ اما کمال بیابانی کہ قلابہائے او را در حبس خانہ بکر نسبت با خانخانان بر آوردند۔ و در بھکر فرستادند و شیخ حسین را باز حکم مددِ معاش در بکر فرمودہ نامزد ہمانجا ساختند۔ چنانچہ از یں پیشتر مذکور شود۔ انشاء اللہ تعالیٰ

ولہ منہ۔

شیخ عبدالنبی صدر الصدور ولد شیخ احمد بن شیخ عبدالقدوس گنگوہی است۔ چند مرتبہ مکہ

انھیں دنوں میں شیخ مبارک کسی مبارکبادی کے لئے آگرہ سے فتح پور میں آئے تھے۔ اکبر نے ان سے یہ ماجرا بیان کیا۔ انھوں نے کہا کہ تم اپنے زمانہ کے امام اور مجتہد ہو۔ اجرائے احکامِ شرعی اور ملکی میں تم کو ان لوگوں کی کیا ضرورت ہے۔ جو علم سے بالکل بے بہرہ ہیں جھوٹ موٹ کی شہرت ہوگئی ہے۔ اکبر نے کہا کہ تم میرے استاد ہو اور میں نے تم سے سبق پڑھا ہے۔ کسی طرح مجھ کو ان مولویوں کے جھگڑے سے چھڑاؤ تب شیخ مبارک نے کہا کہ تم خود اجتہاد شروع کرو۔ اور اس امر کا ان علماء سے ایک محضر لکھوا لو۔ چنانچہ اُس وقت ایک محضر تیار ہوا۔ جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہے۔ شیخ عبدالنبی اور مخدوم الملک کو زبردستی مجلس میں بلایا اور کسی نے مطلق ان کی تعظیم نہ کی۔ وہ بیچارے آ کر اخیر کی صف میں بیٹھ گئے اور جبراً اس محضر پر انکے نام لکھوا لیے۔ آخر انکو ملک حجاز کی طرف رخصت کیا۔ شیخ نے ۹۹۱ھ میں وفات پائی۔"

اور صاحبِ منتخب التواریخ سے منقول ہے۔

"۹۹۵ھ میں میرزا ہندال شیخ محمد غوث گوالیاری کے بڑے بھائی جو اسماءِ تسخیر کے حامل بزرگوں میں سے تھے۔ بادشاہ ان سے بہت محبت وخلوص رکھتا تھا۔ فتنہ پرور مفتیوں کے بہکانے سے بادشاہ نے انھیں قتل کر دیا۔ اس واقعہ کا سال "فَقَدْ مَاتَ شَہِیْداً" ۹۴۵ھ سے حاصل ہوا۔ میرزا ہندال نے اسی سال اپنے نام کا خطبہ پڑھا۔"

تزکِ جہانگیری سے ماخوذ

بادشاہ لکھتا ہے۔ "میں نے سنا کہ شیخ ابراہیم بابا افغانی نے لاہور کے قرب وجوار میں ایک جگہ پیری مریدی کی دکان آراستہ کی ہے۔ اور افغانیوں میں سے بہت لوگ اور دوسرے بھی ان کے اطراف جمع ہوا کرتے اور اعتقاد وفرمانبرداری کے ساتھ انکے گرویدہ بن گئے تھے۔ میں نے حکم دیا کہ انھیں حاضر کرو۔ اور سلطان پرویز کے حوالے کرو۔ تاکہ قلعہ چنار گڈھ میں ان پر نظر رکھی جائے اور انکی شہرت کی زیادتی اور ان سے رجوع ہونے والی مخلوق کی کثرت میں کمی واقع ہو جائے۔"

فتح قلعہ آسیر کے بیان میں آخری چھٹا مقالہ تاریخ فرشتہ سے ماخوذ

اس بلند اور خوشنما عمارت کے اندر آراستہ باغ اور پیراستہ حوض کہ بڑے شہروں میں اسکی

معظّمہ و مدینہ طیبہ رفتہ علم حدیث را خواند و بعد ازاں کہ بازگشتہ آمد از روشِ آباء و اجداد کرام سماع و غنا منکر بود۔ و بروشِ محدثین سلوک می نمود و بہ تقویٰ و بہ طہارت و نزاہت و عبادت ظاہری اشتغال داشت۔ چوں بمنصبِ صدارت رسید جہاں جہاں زمین و مددِ معاش و وظائف و اوقاف بخلائق بخشید۔ چنانچہ در زمان ہیچ بادشاہے ایں چنیں صدرے باستقلال نہ گذشتہ و عشرِ عشیر ایں کہ او دادہ نہ دادہ۔ و بادشاہ را چندگاہ نسبت بہ او آنچناں اعتقاد پیدا شدہ بود کہ کفش پیش پائے او می نہادند۔ آخر بجہت مخالف مخدوم الملک و سائر علما بد نفس حیلہ گر۔ شعر

جاہلانند ہمہ جاہ طلب خویشتن را علما کردہ لقب

و اعظم اسباب ہبوطِ او ایں بود کہ زمانیکہ بادشاہ از سفر بانس والہ بہ فتحپور اقامت نمودند قاضی عبدالرحیم، قاضی مہترا استغاثہ نزد شیخ برد کہ برہمنے متملی متمردی ازاں قصبہ مصالح عمارت مسجدے را کہ تعمیر آں میخواستم کنم بردہ بتخانہ بنا کردہ۔ چوں معارض و معترض او شدم بروشِ استہاد کہ خاک در دہانش باد زبان بہ نسبت نبی علیہ السلام کشادہ و اہانت گونا گوں باہلِ اسلام رسانیدہ چوں طلبیدند۔ آں برہمن بطلب شیخ نیامدہ۔ بیر برو شیخ ابو الفضل را فرستادند و او را آوردند و شیخ ابوالفضل انچہ از مردم شنیدہ بود بعرض رسانید و گفت کہ سب بہ تحقیق از و بوقوع پیوستہ و علما بعض بہ قتل و بعض بہ تشہیر و مصادرہ او قائل شد۔ دو فریق گشتند۔ دریں باب گفتگوئے وسیع بود۔ ہر چند شیخ از بادشاہ رخصت قتل او می گرفت بصریح نمی دادند۔ و در پردہ می گفتند کہ سیاستِ شرعی تعلق بہ شما دارد از ما چہ می پرسید و برہمن مدتے بایں تقریب در بند ماند و اہلِ [illegible] 15-1-2013 شفاعت بجہت تخلیص او برخاستند و خاطر شیخ درمیان بود۔ چوں مبالغہ شیخ از حد گزشت جواب فرمودند کہ سخن مانست کہ گفتہ ایم۔ شیخ بمجرد رسیدن بمنزل حکم بقتلِ او کرد۔ و چوں ایں معنی بعرض رسانید خیلے درہم و برہم شدند و اہلِ حرم از درون و سائر مقربان ہند از برون گفتند کہ ایں ملّایان را شما نوازش فرمودند و کارِ ایشاں حالا بجائے رسیدہ کہ ملاحظہ خاطرِ شما ہم نمی کنند و بے حکم برائے اظہار حکومت و جاہِ خویش مردم را بہ قتل می رسانند۔ و بچندان مقدمات گوشِ پادشاہی پُر ساختند

طرح جامع مسجد بھی نظر میں کم دکھائی دیتی ہے۔ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ اکبر بادشاہ اس قلعہ کو فتح کر کے آگرہ واپس ہوا اور اس جگہ جہاں کفر کی تمام عادتیں پھیلی ہوئی تھیں۔ اس نے ایک فرمان جاری کیا کہ وہاں کی ایک مسجد کو منہدم کر کے اس کی جگہ ایک مندر بنایا جائے۔

خزینۃ الاصفیا سے منقول ہے

''مولوی مکرم خلیفہ مولانا فخر الدین فخر جہاں دہلوی ایک دن الہ آباد کے داروغہ سید محمد خاں سے ملاقات کے لئے گئے تھے۔ وہاں مجلس سماع منعقد ہوئی۔ مولوی مکرم وجد میں آگئے۔ اتفاق سے الہ آباد کے قاضی کا وہاں سے گزر ہوا۔ مولوی مکرم کو اس حال میں دیکھ کر ازراہِ مذاق کہا کہ مولوی مکرم کو کیا ہوا کہ اس طرح سر و سُرین ہلاتے ہیں۔ اسی رات قاضی اپنے مکان میں سوئے تھے کہ حضرت مولانا فخر الدین مثالی صورت میں وہاں پہنچے اور قاضی صاحب کو زمین سے اٹھا کر زمین پر دے مارا۔ جب صبح قاضی صاحب اٹھے ایک سخت دنبل قاضی صاحب کی سُرین پر پیدا ہوگیا۔ اور رات و دن سر و سرین ہلاتے تھے۔ آخر مولوی مکرم کی خدمت میں آکر معذرت کی اور شفا پائی۔''

مولف کی وضاحت

خلاصہ یہ کہ سلطان ابوالفتح جلال الدین اکبر شاہ کی سلطنت کے ابتدائی زمانہ میں جو کچھ حضرت خواجہ حسین نبیرہ حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء کے سلسلہ میں فتنہ وفساد پیدا ہوا اسکی بنیاد اربابِ غرض اور ابنائے جنس کی غرض پر مبنی ہے۔ جیسا کہ منتخب التواریخ کے مصنف نے تفصیل کے ساتھ تحریر کیا ہے۔ ''اکبر نامہ'' کے مولف شیخ ابوالفضل نے حضرت خواجہ بزرگ کی اولاد کے وجود سے انکار کیا ہے۔ اس نے یقیناً خطا کی ہے۔ اور یہ خطا دو حال سے خالی نہیں ہے۔ اول مذہب و مشرب کی مخالفت کی وجہ سے جو اس کو علمائے دین اور قدمائے صالحین کے ساتھ تھی۔ اور اس زمانے کے تمام اکابر نے اس کے نامبارک باپ کے کفر والحاد پر جو علم مہدویت کو اٹھائے اور نص منقولات کو لیے ہوئے تھا گواہی دے کر بادشاہ سے اس کے قتل کے سلسلہ میں اور اس کے ناپاک وجود کو جو بدعات کی تشہیر کا منبع تھا صفحہ ہستی سے مٹانے میں مدد چاہی۔ اسی وجہ سے

که دیگر تاب نتوانستند آورد و ماده که از مدتے پارۂ غلیظ شده بود یکبارگی سر کرد و برون ریخت و شبے در حوض انوپ تلاؤ آمده ایں ماجرا را باز نموده از مفتیان متحرک و مقننیان احداث تحقیق ایں مسئله می نمودند۔ یکے می گفت که گواہانے که گذرانند که جرح و تعدیل کرده باشد و دیگرے می گفت که عجب از شیخ عبدالنبی آنکه او خود را از اولاد امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ میگرد۔ حالانکه سب نبی از کفار مطیع الاسلام موجبِ نقضِ عهد و ابراء ذمه نمی شود۔ چنانکه در کتب فقه حنفی مبسوط است۔ پس شیخ مخالفت جد خویش چگونه نمود۔ به یکبارگی نظر از دور بر جامعِ ایں منتخب انداخته متوجه بایں جانب شده۔ نامبرده پیش طلبیدند و فرمودند۔ پیش بیا۔ رفتم۔ پرسیدند که تو هم شنیدۂ که اگر نود و نه روایت مثلاً مقتضے قتل باشد و یک روایت موجبِ خلاص۔ مفتیان را باید که روایت اخیر را ترجیح دهند۔ عرض کردم که بلے همچنین است که حضرت می فرمایند۔ مسئله اینست۔ ان الحدود و العقوبات تندری بالشبهات۔ و معنی آنرا به فارسی ادا کردم۔ بطریق تاسف پرسیدند که مگر شیخ عبدالنبی برایں مسئله مطلع نبود که آں برهمن بیچاره را کشت وایں خود چگونه باشد عرض نمودم که البته شیخ عالم است باوجود ایں روایت که دیده و دانسته حکم کرده ظاهر از برائے مصلحتے بوده باشد ۔فرمودند مصلحت چیست؟ معروضه داشتم که سد باب فتنه و قلع ماده دلیرئ عوام و روایت شفاء قاضی عیاض که دریں باب بنظر آمده بود گذرانیدم۔ بعضے خبایث گفتند که قاضی عیاض مالکی است سخنِ او در دیارِ حنفی سند نیست۔ بادشاه از من پرسیدند که چه میگوئید؟ گفتم اگرچه مالکی است اما اگر مفتی محققی اگر بجهت سیاست عمل بر فتوائے او کند شرعاً جائز است۔ دریں باب سخن بسیار گذشت 15-1-2013 بلت شاهنشاهی را در آنوقت مردم می دیدند که چوں موئے شیر برخاسته بودند و از عقب سر مرا مانع از بحث می آمدند۔ بیکبارگی اعراضے شده فرمودند که ایں نامعقول است که می گوئی۔ در حال تسلیم کرده و باز پس آمده در جرگه ایستادم از آں روز باز ترکِ دلیری و مجلس مباحثه گوشه انزوا گزیده گاه گاہے از دور کورنش می کردم۔ و کار بار شیخ عبدالنبی روز بروز تنزل پیدا کرد۔ و نسبت بحجاب و اعراض و تفاصل و مسلب جدید و قدیم کشید و اصلاً بدر بار نمی رفت و درهماں ایام شیخ مبارک از آگره

اس کو مختلف قسم کی مشکلات اور سختیوں کا سامنا کرنا پڑا۔ چنانچہ اس اجمال کو آئینِ اکبری میں تفصیل [1] سے بیان کیا گیا ہے۔ جو شیخ ابوالفضل کی تالیفات کا خلاصہ ہے۔

مختصر یہ کہ شیخ مبارک بیوی بچوں کے ساتھ آگرہ سے بھاگ کر اور اپنی جان بچا کر ہادوتی کے اطراف میں چلا گیا۔ ایک مدت تک ہزار سختیوں اور لاکھوں دشواریوں کے ساتھ زندگی بسر کی۔ مارا مارا پھرنے اور بہت سی زحمتیں اٹھانے کے بعد جس زمانے میں بادشاہ اکبر کی شیخ سلیم چشتی سے محبت اور صحبت میں اضافہ ہو رہا تھا۔ شیخ کے خاندان سے بہت سے لوگ امارت و وزارت کے منصب پر پہنچے اور شیخ کے ظاہر و باطن کا بادشاہ بڑا لحاظ کرتا تھا۔ شیخ مبارک کا کامرانی اور کامیابی کا زمانہ آگیا تھا۔ شیخ سلیم کی سفارش سے ہادوتی کے اطراف سے واپس آکر آگرہ میں سکونت اختیار کی۔ تعریف و خوشامد اختیار کر کے بادشاہ کے دل کو سیدھے راستے سے پھیر دیا۔ شیخ مبارک کا بڑا بیٹا ابوالفیض بادشاہ کا جلیس صحبت اور انیس خلوت ہو گیا۔ اور منجھلا بیٹا بادشاہ کے مقربین کے زمرہ میں ممتاز ہو گیا۔ یہ لوگ وقت کے منتظر تھے کہ عالی مرتبت جماعت جو حق کی حمایت پر کمر بستہ تھی کے ہر ایک فرد کو بڑی ذلت و خواری سے رسوا کریں۔

انہی میں سے ایک شیخ حسین اجمیری تھے۔ اس کے علاوہ اور بھی بہت سے لوگ مثلاً مخدوم زادہ شیخ عبد [1] النبی، قاضی [2] قصبہ فتح پور، قطب [3] جلیسری، شیخ [4] ادھن جونپوری کے پوتے، مخدوم الملک [5]، نظام الملک [6] اور میر حبش [7] وغیرہم رحمۃ اللہ علیہم اجمعین تھے۔

لیکن شیخ ابوالفضل جو علامۂ وقت تھا اور بات بنانے اور حیلہ سازی میں ذہنِ رسا رکھتا تھا۔ جس شخص کو بھی بادشاہی قہر و عتاب نازل ہوا اکثر ناموافق حکایتیں اور خلافِ واقعہ روایتیں اس شخص کے اعمال کی تفصیل میں اضافہ کر کے اکبر نامہ کا جزو بنا لیا۔ تاکہ ظاہر بین نظر پر حقیقت پوشیدہ و مخفی رہ جائے۔ لیکن نظر شناس و نکتہ داں لوگ دنیا داروں کے مکر و فریب سے غافل نہیں رہتے۔ کلام کے ربط اور کلام کے طرز بیان سے پہچان لیتے ہیں کہ یہ تمام دھوکہ بازی غداری نفس کے تقاضے اور اسکے غرور کی خودستائی کا نتیجہ ہے۔

بہ فتح پور بجہت تہنیت امرے آمد و باوے ایں ماجرا درمیان نہادند۔ او ارشاد نمود کہ شما امامِ زمانِ خود و مجتہد اید و در اجرائے احکامِ شرعی و ملکی چہ احتیاج بایں جماعہ دارید کہ ہیچ بہرہ از علم بجز شہرتِ کاذب ندارند۔ گفتند۔ ہرگاہ شما استادِ ما باشید و سبق پیش شما خواندہ باشم۔ چرا مارا از منت ایں ملّایان خلاص نمی سازند۔ او کمرِ جد و اجتہاد بر میانِ حقد و عناد بستہ گفت۔ دعویٰ اجتہاد فرمانید۔ و از ایشاں محضرے طلبید آں بود۔ محضرے در باب اجتہاد و بادشاہ و فضیلت ایشاں بر جمیع مجتہدان نوشت و شیخ عبدالنبی و مخدوم الملک را چوں احاد الناس در آں مجلس پاجیان بزور گرفتہ آوردند۔ ہیچ کس تعظیمِ ایشاں نکرد۔ و در صفت نعال نشستند۔ و خواہی نخواہی بہ جبر و کرہ برایں داشتند۔ تا گواہی خود نوشتند۔ چنانچہ در ضمن وقائع سنوات مشروح گذشت و عاقبت الامر ہر دو را بسفر حجاز رخصت دادند۔ وفات شیخ در سن نہ صد و نود و یک (۹۹۱) بود۔

ولہ ومنہ

در سن خمس از تسعین و تسع ماۃ میرزا ہندال شیخ بہلول برادرِ بزرگ شیخ محمد غوث گوالیاری را کہ از اکابر اہلِ دعوت اسماءِ تسخیر بود بادشاہ با و اعتقاد و اخلاص تمام داشت باغوائے مفتیان واقعہ طلب بکشت و سال آں واقعہ فَقَدْ مَاتَ شَهِيْدًا یافتند و میرزا ہندال درین سال خطبہ بنامِ خود خواند۔

در تزک جہانگیری

بادشاہ می نویسد۔ شنیدم کہ شیخ ابراہیم بابا افغانی دکانِ پیری و مریدی جائے
من مضافات لاہور آراستہ کردہ و بسیارے از افاغنہ وغیرہم جمع می آیند و باعتقاد و انقیاد می گرایند حکم دادم کہ او را حاضر آوردہ بہ سلطان پرویز حوالہ نمایند کہ در قلعہ چنار گرڑھ او را نگاہ دارند تا آنکہ افراط شہرت و رجوع خلائق بہ تفریط گراید۔

آخر مقالہ ششم در ذکر فتح قلعہ آسیر از تاریخ فرشتہ

قصہ مختصر یہ کہ شیخ حسین پر ظلم میں شرکت اور حضرت خواجہ بزرگ کی اولاد کا وجود نہ ہونے سے متعلق جو جو قصے گڑھے گئے تھے وہ سب کے سب قبیح اقوال جو صحیح اور ثقہ حقائق کو غیر صحیح اور بے وثوق بنادئے تھے اس کا حوالہ پیش کیا گیا۔ اس کا مقصد یہ تھا کہ کہ خواجہ بزرگ کو بے اولاد کہیں۔ اسی وجہ سے خواجہ حسین کے دعوائے فرزندی کو جھوٹا اور باطل قرار دیا۔ لیکن شیخ عبد القادر بدایونی جو صوفی مشرب اور حنفی المذہب تھے اور بادشاہ کے ساتھ سفر و حضر میں رہتے تھے اور واقعات وغیرہ کو لکھنے کی ذمہ داری بھی انکے لئے متعین تھی۔ اس اجمال کی تفصیل اور اس بات کی تشریح کو منتخب التواریخ میں تفصیل سے تحریر کیا ہے۔ اور حقیقت سے شک وشبہ کے پردہ کو اٹھایا ہے اور صحیح بات کو محققین تک پہنچایا ہے۔ اس مقام پر حیرت اور تعجب ہے کہ شیخ ابوالفضل نے جو رسمی علوم سے خوب واقفیت رکھتا تھا سابق بادشاہوں کی تاریخوں اور اولیاءِ کاملین کے ملفوظات کے برخلاف اس طرح کی جھوٹی باتوں کو بیان کرنے میں کیوں عجلت سے کام لیا۔ اور غرض مندوں اور ابنائے جنس جو ناانصافی اور بربادی کے درپے تھے کے شبہات کو مرکز اثبات قرار دے کر اصل معاملہ کو الٹ دیا۔ اور اس نے خداشناس صوفیوں کی شکایت و بدگوئی اور خدا فراموش کمینوں کی حمایت ولحاظ میں بڑی کوششوں سے کام لیا۔ لیکن اہلِ دانش کی نظر میں یہ سب مکر وفریب نقش برآب اور سراب کے مثل ایک خط کی طرح ہے۔ اس لئے جن لوگوں نے حضرت خواجہ سلطان التارکین شیخ حمید الدین صوفی سوالی اور حضرت خواجہ فرید الدین مسعود شکر گنج رحمۃ اللہ علیہ جو حضرت خواجہ بزرگ کے ہم عصر اور ہمنشین تھے کے منقولات اور ملفوظات کو عقیدت و محبت کی نظر سے دیکھا ہوگا وہ یقینا سمجھ لیں گے کہ جو علم ان حضرات کے نزدیک عین الیقین تھا وہ ہمارے اور ہمارے ہم مشربوں کے لئے حق الیقین کا حکم رکھتا ہے۔

اور حضرت سلطان المشائخ محبوب الٰہی کے فوائد الفؤاد میں نقل فرمانے کے بعد تو یہ تصدیق پر تصدیق اور تحقیق بالائے تحقیق کا حکم رکھتا ہے۔ اور اس مقام پر شیخ بوالفضول (ابوالفضل) اور اس کے ثقہ اور عادل راوی کی کیا بساط ہے کہ ان بڑے ثبوتوں کے مقابل دوسری بات زبان پر لائیں۔ اور حضرت خواجہ کو بے اولاد قرار دے کر انکی اولاد ستودہ صفات کے وجود کو بے اصل اور

ودرونِ آں عمارت رفیع وخوش طرح و باغہائے مکلف وحوضہائے مطبوع کہ مثل آں مسجد جامع در شہر ہائے معظم کمتر بنظر در آمد۔ گویند وقتے کہ اکبر بادشاہ فتح آں قلعہ کردہ بہ آگرہ معاودت کرد ازانجا بر اعتقاد تمام باطوار کفر داشت فرمانے نوشت تا مسجدے راشکستہ بجائے آں بتخانہ سازند۔

ازخزینۃ الاصفیا

مولوی مکرم خلیفہ مولانا فخر الدین فخر جہان دہلوی روزے بتقریب ملاقات سید محمد خان داروغہ الہ آباد رفتہ بود درانجا مجلس سماع گرم شد و مولوی در وجد آمد ناگاہ قاضی الہ آبادی را در آنجا گزرافتاد۔ مولوی مکرم را بداں حال دیدہ از راہِ تمسخر گفت کہ مولوی مکرم راچہ شد کہ ایں چنیں سروسرین می جنباند۔ ہماں شب قاضی درسرائے خود خوابیدہ بود کہ صورت مثالے حضرت مولانا فخر الدین در آنجا رسیدہ وقاضی را از زمین برداشتہ برزمین بزد۔ علی الصباح چوں قاضی برخواست دنبلے سخت برسرین قاضی پیدا شد وشب و روز سروسرین می جنبانید۔ آخر بخدمت مولوی مکرم آمدہ معذرت کرد وشفا یافت۔

من مولف:

فی الجملہ درزمان اوائل سلطنت سلطان ابوالفتح جلال الدین اکبرشاہ ہرآنچہ کہ درباب حضرت خواجہ حسین نبیرہ حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیا فتنہ وفساد ایجاد نمودند بنائے آں برغرض اربابِ غرض وابنائے جنس متیقن است چنانکہ صاحب منتخب

التواریخ بشرح وبسط ارقام فرمود وشیخ ابوالفضل جامع اوراقِ ''اکبرنامہ'' کہ از وجود اولاد حضرت خواجہ بزرگ انکار می کند۔ الحق برخطا رفتہ است وایں خطا از دو حال خالی نیست۔ اول بوجہ مخالفت مذہب ومشرب کہ اورا با علمائے دین وقدمائے صالحین بود وجمعے از اکابرانِ زمان درباب تردید والحاد پدرِ نامبارکش کہ علم مہدویت ونص منقولات برافراشتہ بود ادائے شہادت کردہ از حضرت بادشاہ بکشتن او

بے مقصد قرار دیں لَعۡنَةُ اللّٰہِ عَلَی الۡکٰذِبِ ییۡنَ۔ (جھوٹوں پر اللہ کی لعنت ہے)

دوسرا یہ کہ حضرت شیخ بہت بلند حوصلہ اور صاحبِ حال تھے۔اور بادشاہانہ زندگی بسر کرتے تھے۔بے شمار مخلوق آپ سے رجوع ہوا کرتی تھی۔اور آپکی خدمت میں بہت کچھ نذور و فتوح پیش کی جاتی تھی۔ایک وقت جبکہ بادشاہ کو حضرت نے ملاقات کا موقع دیا تو حضرت شیخ جو دنیاوی روایات سے واقف نہیں تھے اور بادشاہوں کی خدمت کے آداب سے غیر مانوس تھے۔اس کی طرف اس طرح توجہ نہیں فرمائی جس طرح زمین بوس (سجدہ) انجام دے کر دولتِ سلطانی کے نو مذہب لوگ تعریف و توصیف کے ساتھ اسکی خدمت میں تسلیم بجالانے میں مشہور تھے۔خلوص و محبت کا امتیاز اور اپنے پرائے کا امتحان بھی اسی غیر شرعی حرکت پر منحصر تھا۔آپ بجا نہیں لائے۔بادشاہ کے سر میں اس کے باعث وہم سا پیدا ہو گیا اور دوسرے لوگ جو مراد کے منتظر اور متمنی تھے ادھر اُدھر کی باتیں بیان کر کے انھوں نے بادشاہ کے دل کو مکدّر کر دیا۔اور فقرا و مساکین کے خلاف شکایت کی شکل میں خواجہ حسین کے ظلم و زیادتی کے افسانے گھڑنے لگے۔اور اطراف و اکناف سے حضرت شیخ حسین کو نذور و فتوح کے عنوان سے جو زرِ کثیر وصول ہوتا تھا اس عنوان سے شیخ معز اللہ کے اخراج کی خاطر تنگ ظرف جاہلوں میں سے چند افراد کو ترغیب دی گئی کہ ان پر ظلم کے خلاف داد و فریاد کی جائے۔جس کے لئے انھیں بادشاہ کے دربار تک پہنچا دیا گیا۔بادشاہ جو حقیقتِ راز سے آگاہ نہ تھا۔وہ بھی وہم رکھتا تھا۔کیونکہ قبل ازیں اس کے سامنے حضرت شیخ نے بے اخلاصی اور بے اعتنائی کا مظاہرہ فرمایا تھا۔اجمیر میں آپ کے قیام کو وہ حقارت اور شاہی شوکت و سطوت کی اہانت خیال کرنے لگا۔اس نے حکم جاری کیا کہ جتنا جلد ہو سکے حضرت شیخ اجمیر چھوڑ کر مکہ معظّمہ کا سفر اختیار کریں۔اس جگہ اہلِ بیت پاک کی مظلومی اور بے حرمتی کی یاد ایک قدیم روایت تھی جو وراثت میں ملی تھی۔ان میں سے جو کوئی اس سے دوچار ہوتا تو صبر و سکون کے ساتھ اس پر استقامت رکھتا۔حضرت شیخ نے غم زدہ دل کے ساتھ اور آنکھوں میں آنسو لئے اپنے جد بزرگوار کے مزار پر حاضری دی۔اور محزون و مایوس روانہ ہو گئے۔

بعد ازاں کچھ سال گزرنے کے بعد حجاز کے سفر سے واپس آئے۔وہی سابق حال پایا۔اور سابقہ اندیشہ کے مطابق جو کہ دل پر نقش تھا بکر کے قلعہ میں بھیج کر قید کر دئے گئے۔ ایک عرصہ دراز تک معزز شیخ نے اسی گوشۂ عسرت میں تجرید و تفرید (تنہائی) کی زندگی گزار دی۔یہاں تک کہ شیخ ابو الفضل کے دکن کی مہمات پر جانے کے بعد سلطنت کے مقربوں میں سے ایک نے فرصت

استعانت خواستند۔ وصفحۂ ناصفا را کہ مقامِ اعلانِ اختراعاتش بود باصفحہ زمین ہموار کردند وازیں جہت وے را انواع صعوبت واشتداد روئے داد چنانکہ تفصیلِ [1] ایں اجمال بشرح و بسط نمودہ جزو آئین اکبری کردہ اند کہ خلاصہ تالیفات شیخ ابوالفضل است۔

القصہ شیخ مبارک باعیال واطفال از آگرہ گریختہ بہ نواح ہادوتی برفت وجانِ خودرا بہ سلامت برد۔ مدتے دراں دیار بہ ہزار سختی وصعوبت صد ہزار زندگانی کرد۔ وبعد از سرگشتگی وزحمت کشیدن بسیار درآں زمانے کہ بادشاہ را با شیخ سلیم چشتی سیکری وال محبت وصحبت درترقی شد واز خانوادہ شیخ بسیاران بہ پایۂ سروری ومنصبِ برتری رسیدند ونظرِ بادشاہ درظاہر وباطن شیخ مرعی بود۔ شیخ مبارک را زمانہ صلاح وفلاح درپیش آمد وبشفاعت شیخ سلیم از نواح ہادوتی معاودت کردہ باز بہ دیارِ آگرہ سکونت ورزید۔ دُکانِ ستائش ولابہ گری وانمودہ خاطر بادشاہ را از مرکز راستی بہ گردانید وپسر بزرگ آں شیخ ابوالفیض جلیسِ صحبت وانیسِ خلوت بادشاہ گشتہ وشیخ ابوالفضل پسر میانۂ او بزمرۂ مقربانِ دولتِ پادشاہی اختصاص یافتہ منتظرِ وقت بودند تا آنکہ ہر یکے را از ان جماعت کرامت منزلت کہ برحمایتِ حق کمربستہ بودند بہزار نکبت وخواری رسوا ساخت۔

ازینہا یکے شیخ حسین اجمیر بود۔ ودیگران ہم بسیار بودند۔ مثل مخدوم زادہ شیخ عبد النبی [1] وقاضی [2] قصبہ فتح پور وقطب [3] جلیسری ونبیرہائے شیخ ادھن [4] جونپوری ومخدوم الملک [5] 15-1-2013 [6] ومیر حبش [7] وغیرہم رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔

اپنے ہاتھ میں پکڑے نیزے سے بیل کے پاؤں کے طرف اشارہ کیا۔جس کے ساتھ ہی بیل کا پاؤں درست ہوگیا۔ نیز نیزہ کی نوک کی مدد سے زمین پر گرے ہوئے غلہ کو بیل کی پشت پر رکھ دیا۔ اور روانہ ہوگیا۔ یہ سب دیکھ کر شیخ محمد سعید اپنی جگہ سے اٹھ کر دوڑے اور سوار کی رکاب کو اپنے ہاتھ سے پکڑ کر اس کے پاؤں پر اپنی آنکھیں اور چہرہ ملنا شروع کر دیا۔نہایت عاجزی وانکساری سے ان کا نام نامی اور اسمِ گرامی دریافت کیا۔فرمایا میرا نام علی ابن ابوطالب اسداللہ الغالب ہے۔یہ فرمایا اور انسانی آنکھ سے غائب ہو گئے۔اس روز سے شیخ محمد نے اپنے پاس جو کچھ تھا راہِ خدا میں قربان کر دیا اور عبادت و ریاضت اور محنت ومحبت کا طریقہ اختیار کرلیا اور سلسلۂ چشتیہ صابریہ میں مرید ہو گئے۔مختصر عرصہ میں اللہ کے مقبول بندوں اور واصلانِ حق میں سے بن گئے۔آپ کی کرامات شہر اور ملک میں بہت مشہور ہیں۔آپ کا سلسلۂ عالیہ چند واسطوں سے شیخ جلال الدین تھانیسری تک جا پہنچتا ہے۔آپ کی وفات کا سال ۱۲۱۴ھ ہجری لکھا ہے۔رحمۃ اللہ علیہ

مولوی غلام مصطفی چشتی صابریؒ

آپ طریقہ چشتیہ میں بزرگ، صاحبِ دل، مستجاب الدعوات اور علوم ظاہری و باطنی میں رفیع الدرجات تھے۔آپ کا سلسلۂ ارادت چند واسطوں سے شیخ شمس الدین ترک پانی پتی تک جا پہنچتا ہے۔آپ کی وفات کا سال ۱۲۶۷ھ ہجری لکھا ہے۔آپ کے خلیفہ سید شاہ چراغ سبزداری لاہور میں تھے۔آپ مردِ میدانِ محنت، خوش جمال اور صاحبِ کمال تھے۔

شاہ بہلول چشتی صابریؒ

آپ حضرت شاہ بھیکہ چشتی صابری کے بزرگ خلیفہ تھے۔صاحبِ علم وفراست اور اہلِ فہم تھے۔معقولات اور منقولات میں مہارت رکھتے تھے۔صاحبِ تصنیف تھے۔مولوی جان محمد ترک سے اکثر مناظرے اور مباحثے کیا کرتے تھے۔آپ کی وفات کا سال ۱۱۷۰ھ ہجری منقول ہے۔رحمۃ اللہ علیہ

شاہ لطف اللہ صابریؒ

آپ میراں شاہ بھیکہ چشتی صابری کے مرید و خادم تھے۔آپ کا مسکن، پنجاب کے

مخزن الاسلام بشرح وبسط مرقوم است۔ وصاحبِ معارج الولایت بر کتابِ مذکور حاشیہ نوشتہ است۔ وبشرح کلمات الوافیات موسوم ساخت۔ وفاتِ مولانا درویزہ پشاوری در سال یک ہزار وچہل وہشت سنہ ۱۰۴۸ ہجری مرقوم است۔ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ۔

مولانا عبد الکریم چشتی

فرزند مولانا درویزہ پشاوری ومرید وخلیفہ میر سید علی غواص است۔ وتربیت وتکمیل از پدرِ خود یافت۔ واورا آخوند کریم داد نیز گویند۔ واو ہم ایں نام را اختیار کردہ بود۔ در کارِ شریعت بسیار استحکام داشت۔ واز مقالِ او کہ تتمۂ کتاب مخزن الاسلام مندرج است۔ علوِ پایۂ او ظاہر وباہر۔ ودر کتاب خلاصۃ البحر اور محقق افغانستان نوشتہ اند۔ منقول است کہ بعد وفاتِ وے شخصے بہ قصد امتحان بر سرِ نعشِ او آمد۔ چوں بروئیش نظر کرد۔ تبسم فرمود۔ وایں علامتِ قطبیت رقم نمودہ اند۔ وفاتِ او در سال یک ہزار وہفتاد ودو سنہ ۱۰۷۲ ہجری مرقوم است۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

شیخ پنجو چشتی

از مشائخِ کاملینِ وقت بود۔ ودر عبادت ومحبت سرگرم وسرشار وبطریق مولانا درویزہ پشاوری شعار داشت۔ وبہ تعلیم وتعلم سروکار۔ واشعار ہم می گفت۔ وشیخ چالاک وشیخو شاہ جہاں پوری وغیرہ اکثر ہا از خدمتِ او استفادہ کردو فیض ہا دریافت۔ وفاتِ او در سال یک ہزار وہفتاد وسہ سنہ ۱۰۷۳ مرقوم است۔

شیخ الہداد چشتی

از اکابر روزگار ومشائخ باوقار است۔ وارادت ومحبت او بہ شیخ سلیم صابری چشتی متیقن۔ صاحبِ زہد وکمال واہل تورع بود۔ تمام عمر در ریاضت وارشاد وہدایت بسر بردو وفات او در سال یک ہزار ویک صد وہشت سنہ ۱۱۰۸ مرقوم است۔

میراں شاہ بھیکہ چشتی صابری

از مشائخ پایہ بلند ومقامِ ارجمند بود۔ وسلسلۂ عالیۂ وے بچند واسطہ بہ شیخ احمد عبد

علاقہ انبالہ میں تھا۔لڑکپن ہی سے پیرِ روشن ضمیر کی خدمت میں رہ کر تربیت و تکمیل کی اور شیخ کے احوال پر مشتمل ایک کتاب بھی مرتب کی جس کا نام ''ثمرۃ الفواد'' تھا۔آپ کی وفات کا سال ۱۱۸۰ ہجری مذکور ہے۔رحمۃ اللہ علیہ

سید علیم اللہ بن سید عتیق اللہؒ

آپ کی جائے پیدائش پنجاب کے قریب شہر جالندھر ہے۔شاہ ابوالمعالی کے مرید اور میراں شاہ بھیکہ صابری کے خلیفہ تھے۔آپ کی بہت سی تصانیف ہیں۔آپ کو شعر گوئی میں بھی بڑی مہارت حاصل تھی۔آپ کے خلیفہ شیخ عبداللہ نے شیخ کے احوال پر ایک کتاب موسوم بہ ''اسرار العلیم'' جمع کی ہے۔آپ کا سالِ وفات ۱۲۰۲ھ ہجری مذکور ہے۔رحمۃ اللہ علیہ

سید علی شاہ چشتی صابریؒ

آپ سید علیم اللہ کے خلیفہ تھے اور ان کی وفات کے بعد مسندِ ارشاد پر فائز ہوئے اور باقی عمر، مریدوں کی تلقین و ہدایت میں بسر کی۔آپ کا سال وفات ۱۲۱۳ھ ہجری منقول ہے۔رحمۃ اللہ علیہ

شیخ خیر الدین مشہور بہ خیر شاہؒ

آپ شیخ سلیم چشتی لاہوری کے خلیفہ تھے۔اپنے آخری زمانہ میں شیخ ہوئے۔سماع اور وجد کے ساتھ حد سے زیادہ شغف تھا اور فقیروں کی مہمانی کا بہت اہتمام کیا کرتے تھے۔آپ کے بہت مریدین تھے۔آپ کا سال وفات ۱۲۲۸ھ ہجری منقول ہے اور لاہور میں آپ کا مدفن ہے۔رحمۃ اللہ علیہ

حافظ موسیٰ چشتی مانکپوریؒ

آپ میراں شاہ بھیکہ کے سلسلہ سے وابستہ اور شیخ اعظم چشتی کے خلیفہ تھے۔دولتِ آگہی کے ولولے اور بادۂ حقیقت کے خمار میں دنیوی بکھیڑوں کو ترک کر کے گوشۂ تنہائی اور کنجِ عبادت میں جا بیٹھے۔کمال حاصل کرنے اور حال کی تربیت پانے میں پیش پیش رہے۔جذب و تسخیر میں بلند

الحق ردولی منتہی می شود۔ صاحبِ جذب و وجد و سماع و عشق و محبت۔ و با اصحابِ دنیا سروکار نداشت۔ واشعار بزبانِ ہندی متضمن بہ حقائق و معارف بسیار گفت۔ وے را مریدان و متبعانِ صاحبِ حال و قال بسیار بودند۔ شیخ اعلم الدین جالندھری از اشہر خلفائے اوست۔ و نواب بکھاری خان از مریدانِ اوست۔ و مشہور است کہ نواب مذکور در اوائلِ حال مفلس و محتاج بود۔ بالآخر بہ برکت دعائے شیخ شاہ بھیکہ ہمکنار عروسِ دولت و کامرانی گردید۔ بقولِ ضعیف وفاتِ او در سال یک ہزار و یک صد و بست و پنج ۱۰۲۵ھ ہجری مرقوم است۔ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ۔

شیخ محمد سعید چشتی صابری

سرمستِ خم خانۂ کشف و تحقیق بود۔ در شرق پور من مضافاتِ لاہور سکونت داشت۔ بہ اوائلِ حال بہ مزد و محنت وجہِ معاش می کرد۔ روزے بارِ غلہ بر پشتِ گاؤ می برد۔ اتفاقاً پایش بلغزید و بشکست۔ و غلہ کہ بر پشتِ گاؤ بار کردہ بود بیفتاد۔ حالا در بیابان کہ پُر از شور و فساد بود۔ نہ مجال ماندن داشت۔ نہ یارائے رفتن۔ چوں زلفِ شب بہ کمر رسید۔ بیک ناگاہ سوارے برقع پوش از پنہائے مرغزار نمودار شد۔ او در اضطراب افتاد۔ و دانست کہ کسے بہ قصدِ نہیب و تاراج می آید۔ چوں سوار نزدیک تر شد۔ بہ نوکِ نیزہ کہ در دست داشت۔ بر جراحتِ پائے گاؤ اشارت کرد۔ پائے گاؤ درست گردید۔ و نیز بہ اشارۂ نوکِ نیزہ بارِ زمین افتادہ بر پشتِ نر گاؤ محکم بنہاد۔ و رواں شد۔ بمشاہدہ ایں معنی شیخ محمد سعید از جائے خود بدوید۔ و دستِ ارادت در رکابِ سوار زدہ چشم و روُ بر پائے او مالیدن آغاز کرد۔ و بہ اظہار تضرّع و الحاح بدریافت۔ نام نامی و اسمِ گرامی التماس کرد۔ فرمودند کہ نامِ من علی بن ابو طالب اسد اللہ الغالب است۔ ایں بفرمود و از چشمِ مردم پنہاں گردید۔ از اں روز شیخ محمد سعید ہرچہ داشت، در راہِ حق ایثار کرد۔ و بعبادت و ریاضت و محنت و محبت شعار ورزید و بسلسلۂ چشتیہ صابریہ ارادت آوردہ در اندک زمان از مقبولان و واصلانِ الٰہی شد۔ خرق و کراماتِ او بسیار و مشہورِ شہر و دیار است۔ و سلسلۂ عالیۂ او بچند واسطہ بہ شیخ جلال الدین تھانیسری منتہی می

پایہ رکھتے تھے۔ حیرت اور وجد کے عالم میں جس کسی پر نظر ڈالتے تو اسے اپنی طرف کھینچتے اور اور فریفتہ کر لیتے تھے۔ آپ کا سال وفات سنہ ۱۲۴۷ ہجری مذکور ہے۔ رحمۃ اللہ علیہ

غلام معین الدین عرف شاہ خاموش ؒ

آپ حافظ موسیٰ مانکپوری کے مرید و خلیفہ تھے۔ بڑی عبادت و ریاضت کی۔ اور اپنی قیمتی عمر ملکِ دکن میں صرف کی۔ اس ملک کے امراء و وزراء آپ کو بے حد عزیز اور محترم رکھتے اور خیرات، وعطیات سے انکے توکل وعسرت کو کامرانی وشادمانی سے ہمکنار کرتے تھے۔ آپ کی وفات کے بعد آپ کے مزار پر ایک بلند گنبد تعمیر کیا گیا۔ اور پاک پٹن سے بہشتی دروازہ لا کر مزار کے قریب نصب کیا گیا۔ آپ کی مسندِ سجادگی پر سید محمد ہاشم چشتی صابری فائز ہوئے جنہیں آپ کا برادر زادہ ہونے کا امتیاز حاصل ہے۔ آپ صاحبِ مقام، مردِ پاک طینت، خوش نظر اور اخلاقِ حسنہ سے آراستہ واقع ہوئے تھے۔ خدمت میں اکثر درویش لوگ حاضر رہتے۔ دنیا کے اسباب سے زیادہ رغبت نہیں رکھتے تھے۔ رحمۃ اللہ علیہ۔ ☆☆☆

شود۔ وفات در سال یک ہزار و دوصد و چہاردہ ۱۲۱۴ھ مرقوم است۔

مولوی غلام مصطفی چشتی صابری

در طریقۂ چشتیہ بزرگ صاحبِ دل و مستجاب الدعوات و در علومِ ظاہر و باطن رفیع الدرجات۔ سلسلۂ ارادتِ او بچند واسطہ بہ شیخ شمس الدین ترک پانی پتی می پیوندد۔ وفاتِ وے در سال یک ہزار و دوصد و شصت و ہفت ۱۲۶۷ھ مرقوم است۔ و سید شاہ چراغ سبزواری از خلفائے وے در لاہور بود۔ مرد میدانِ نبرد محنت و خوش جمال و صاحبِ کمال است۔

شاہ بہلول چشتی صابری

خلیفۂ بزرگ حضرت شاہ بھیکہ چشتی صابریست۔ صاحبِ علم و فراست و فہم و کیاست بود۔ و از معقول و منقول بہرۂ وافی داشت۔ صاحبِ تصنیف است۔ و صحبت مناظرہ و مباحثۂ او بہ مولوی جان محمد ترک اکثر احیان بر پا می بود۔ و وفاتِ او در سال یازدہ صد و ہفتاد ۱۱۷۰ھ منقول است۔

شاہ لطف اللہ صابری

از مریدان و ملتزمان میراں شاہ بھیکہ چشتی صابریست۔ مسکنِ او انبالہ من مضافاتِ پنجاب بود۔ از زمانِ طفولیت تربیت و تکمیل بخدمت پیر روشن ضمیر بہم رسانید۔ و کتابے مشتمل بر احوالِ شیخ موسوم بہ "ثمرۃ الفواد" ترتیب داد۔ وفاتِ او در سال یازدہ صد و ہشتاد ۱۱۸۰ھ مذکور است 15-1-2013

سید علیم اللہ بن سید عتیق اللہ

زادِ بومِ او قصبۂ جالندھر از توابع پنجاب است۔ مرید شاہ ابو المعالی و خلیفۂ میراں شاہ بھیکہ صابری است۔ وے را تصنیف بسیار بود۔ و بہ تنظیمِ کلام ہم مہارتِ تمام داشت۔ خلیفۂ او شیخ عبد اللہ۔ در احوالِ شیخ کتابے موسوم بہ "اسرار العلیم" جمع نمودہ است۔ وفات در سال دوازدہ صد و دو ۱۲۰۲ھ مذکور است۔

تیسرا باب۔ دوسری اصل

سلطان التارکین صوفی ناگوری چشتیؒ

مسلکِ تفرید و توحید کے سالک، معارفِ توکل و تجرید کے عارف، شبستانِ صدق و یقین کی شمع، شیخ حمید الدین قدس سرہ العزیز۔ آپ کا نسبِ پاک صحابیِ رسول حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ تک جا پہنچتا ہے جو کہ عشرہ مبشرہ میں سے تھے۔ ایک روز خواجہ بزرگؒ اچھی کیفیت میں تھے۔ خادموں اور ملازموں سے ارشاد فرمایا کہ آج دستِ دعا دراز کرو کہ مقبولیت کا دروازہ کھلا ہے۔ ہر ایک نے دنیا و دین سے جو چیز مطلوب تھی اس کے لئے زبان سے دعا کی۔ ایک نے دنیا طلب کی اور دوسرے نے عقبیٰ کی خواہش کی۔ اس موقع پر حضرت خواجہ بزرگؒ نے خواجہ تارکین کی جانب توجہ فرمائی۔ تو انہوں نے درخواست کی کہ حضرت کی رضا کے سوا کوئی دوسری خواہش نہیں ہے۔ یہ بات سنتے ہی حضرت خواجہ بزرگؒ نے خوش اور مسرور ہو کر فرمایا "اَلتَّارِکُ الدُّنْیَا وَالْفَارِغُ الْعُقْبیٰ" یعنی دنیا کا تارک اور عقبیٰ سے فارغ ہے۔ اس دن سے خواجہ حمید الدین کا لقب سلطان التارکین مشہور ہوا۔ خواجۂ تارکین ناگور کے قریب سوال نامی دیہات میں رہتے تھے۔

ایک روز خواجہ بزرگ معین الاولیاءؒ نے فرمایا کہ معین الدین اور حمید الدین کی اولاد ایک ہی ہے۔ اور یہ فرمان رشتہ داری ہونے سے پہلے کا ہے چنانچہ ایسا ہی ظاہر ہوا۔ اس اجمال کی تفصیل انشاء اللہ تعالیٰ حضرت خواجۂ بزرگ کی اولاد کے بیان میں آئے گی۔ خواجۂ تارکین کی بہت سی تصانیف تھیں۔

فرماتے ہیں کہ سلوک کا پہلا مرتبہ یہ ہے کہ دونوں جہاں سے فارغ ہو اور اس کا مقصود یہ ہے کہ خودغرضی میں نہ رہے۔ ایک راستہ سامنے ہے جو بڑا تاریک ہے۔ مگر مطلعِ وحدت سے ماہِ منیر طلوع ہوا کرتے ہیں۔ اُٹھ اور دولتِ جاوید سے مالا مال ہو جا۔ بسترِ راحت چھوڑ۔ محبت کا دعویٰ اس شخص کو زیب دیتا ہے جو دل کو ہوس سے اور آنکھ کو نیند سے آشنا نہ کرے۔

پوچھا گیا کہ طریقت اور شریعت میں کیا فرق ہے۔ فرمایا طریقت کے بغیر شریعت اور شریعت کے بغیر طریقت بے جان جسم ہے۔ اصل میں دونوں ایک ہیں۔

سید علی شاہ چشتی صابری

خلیفہ سید علیم اللہ بود۔ وبعد وفات بر مسندِ مشیخت تمکین یافت۔ وعمرِ گراں مایہ درسر تلقین وہدایت اربابِ ارادت بسر برد۔ وفاتِ او در سال دوازدہ صد و سیزدہ ۱۲۱۳ھ منقول است۔

شیخ خیر الدین مشہور بخیر شاہ

خلیفہ شیخ سلیم چشتی لاہوری است۔ در آخر عہدِ خود لوائے مشیخت برافراشت۔ بہ سماع و وجد در اقصی الغایت غلو داشت۔ وبمہامِ فقرا بسیار اہتمام می کرد۔ مریدان بسیار بودند۔ وفاتِ او در سال دوازدہ صد و بست و ہشت ۱۲۲۸ھ منقول است۔ ودر لاہور مدفن دارد۔

حافظ موسیٰ چشتی مانکپوری

از ملتزمانِ سلسلۂ میراں شاہ بھیکہ وخلیفۂ ارجمند شیخ اعظم چشتی است۔ در ولولہ سودائے آگہی وخمارِ بادۂ حقیقت ترکِ علائقِ عالمِ اسباب گفتہ در زاویۂ عزلت و کنجِ عبادت بنشست۔ و بہ تکمیلِ کمال و تربیتِ حال گوئے سبقت ربود۔ در جذب و تسخیر پایۂ عالی داشت۔ در عالمِ تحیر و تواجد بر ہر کسے کہ نظر می انداخت۔ بسوئے خود می کشید۔ واز جامی ربود۔ وفاتِ او در سال دوازدہ صد و چہل و ہفت ۱۲۴۷ھ مذکور است۔

غلام معین الدین عرف شاہ خاموشؒ

مرید وخلیفہ حافظ موسیٰ مانکپوری است۔ بسیار عبادت و ریاضت بعمل آورد۔ وعمرِ گرانمایہ در دیارِ دکن صرف نمود۔ امرا و اعیانِ آں دیار ویرا از بس عزیز و محترم داشتند۔ و بخیرات و مبرات توکل و عسرتِ او بہ کامرانی وشادمانی ہمقرین می نمودند۔ بعد وفاتِ او مقبرۂ عالی بر سرِ مزار بنا نمودہ اند۔ و دروازۂ بہشتی از پاک پٹن آوردہ در حوالے مزار نصب نمودہ۔ والحال بر جادۂ مشیختِ او سید محمد ہاشم چشتی صابری کہ بشرفِ برادر زادگی ہم امتیاز دارد۔ صاحبِ مقام اوست۔ مردِ پاک طینت و زیبا منظر

خواجۂ تارکین کے شیخ بہاء الدین زکریا ملتانی کے ساتھ فقر و سلوک کے باب میں بہت سے خطوط و مراسلات ہیں۔ شیخ بہاء الدین نے اگرچہ ان کے جواب تحریر کیے بالآخر عاجزی کے ساتھ معترف ہوئے۔ آپ کی بہت سی تصانیف ہیں۔ اور اشعار پر مشتمل منظوم کلام بھی ہے۔ آپ کی نہایت مشہور تصنیف ''اصول الطریقہ'' ہے۔

نقل ہے کہ موضع سوال میں دو طناب (پیمانہ) کے قریب آپ کی زمین تھی جس کو ذریعۂ معاش بنا رکھا تھا۔ آمدنی کم اور اہل و عیال زیادہ رکھتے تھے۔ آپ صاحبِ مقاماتِ علیہ و کراماتِ جلیہ و براہینِ زکیہ تھے۔ تجرید و تفرید میں ثابت قدم تھے۔ دنیا و عقبیٰ سے آپ کی ہمت رفیع تر تھی۔ تصوف میں آپ کا اعلیٰ مقام اور توحید میں بلند درجہ تھا۔ ہندوستان کے متقدمین مشائخ میں سے تھے۔ طویل عمر پائی اور فرماتے تھے کہ دہلی کی فتح کے بعد مسلمانوں کے گھروں میں سب سے پہلی پیدائش آپ ہی کی ہوئی۔ حضرت خواجہ بزرگؒ کے زمانہ سے سلطان المشائخ شیخ نظام الدین محبوب الاولیاء قدس سرہ کے ابتدائی دور تک حیات رہے۔ اور سلطان المشائخ نے آپ کے ارشادات کو آپ کی تصنیفات سے منتخب کر کے اپنے ہاتھ سے تحریر کیا اور اس سے صاحبِ ''سیر الاولیا'' نے نقل کیا ہے۔ اور وہ یہ ہیں۔

راہِ تصوف کے درجات میں پہلا درجہ علم ہے۔ علم حاصل کرنا چاہئے کیونکہ علم کے بغیر عمل درست نہیں ہوتا۔ درجاتِ طریقت میں دوسرا درجہ عمل ہے کہ عمل کے بغیر نیت کا وجود ہی نہیں۔ درجات کا تیسرا درجہ نیت ہے کہ نیت کے بغیر صحیح عمل باطل ہوتا ہے چوتھا درجہ صدق ہے۔ اگر صدق نہ ہو تو عشق ظاہر نہیں ہوتا۔ پانچواں درجہ عشق ہے۔ اگر عشق نہ ہو تو توجہ درست نہیں ہوتی۔ چھٹا درجہ توجہ ہے اگر توجہ نہ ہو تو سلوک نہیں آتا۔ ساتواں درجہ سلوک ہے۔ اگر سلوک نہ ہو تو پیشی کا دروازہ ہی نہیں کھلتا۔ آٹھواں درجہ پیشی کا دروازہ کھلا رہنا چاہئے تا کہ مقصود ظاہر ہو۔ الغرض آپ کے کلمات فیض آیات بہت ہیں جو اہلِ سُلوک و فقر کو حلاوت بخشتے ہیں۔ خواجۂ تارکین کی وفات بتاریخ ۲۹ ربیع الثانی ۶۷۳ھ ہجری ہوئی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔ آپ کا مرقدِ مطہر اور مدفنِ پاک ناگور میں مرجعِ خواص و عوام ہے

خواجۂ تارکین کو ایک فرزند تھے جن کا نام شیخ عبدالعزیز تھا جنہوں نے اپنے والدِ بزرگوار

است۔ و بہ صفتِ اخلاق موصوف۔ اکثر در خدمتِ درویشاں می گزارند۔ و بہ اسبابِ دنیا زیادہ رغبت ندارد۔☆☆☆

15-1-2013

سے خرقۂ خلافت پہنا تھا اور عین جوانی میں سماع کی حالت میں چل بسے۔ کہتے ہیں کہ ایک روز مجلس سماع جاری تھی اور قوال اس شعر کو بار بار پڑھ رہے تھے۔

فائدہ در گفتنِ بسیار چیست　　جاں بدہ، و جاں بدہ، وجاں بدہ

ترجمہ: بہت کہتے رہنے سے کیا فائدہ۔　　جان دیدے، جان دیدے، جان دیدے

(یعنی محض بولنے سے کیا فائدہ کچھ کر کے دکھاؤ تو کمال ہے۔)

شیخ عبدالعزیز نے بے اختیار نعرہ لگایا۔ ''دادم۔ دادم۔ دادم'' یعنی میں نے جان دی، میں نے جان دی، میں نے جان دی اور جاں بحق تسلیم ہو گئے۔ اُن کو تین فرزندان تھے۔ ان میں سے ایک حضرت شیخ فرید تھے جو مسندِ ارشاد پر فائز ہوئے اور ان کی اولادِ پاک میں بعض فریدِ عصر اور وحیدِ دہر ہوئے۔ شیخ عبدالعزیز کی تاریخِ وفات ۶۸۱ھ ہجری ہے۔

شیخ فریدالدین بن شیخ عبدالعزیزؒ

آپ نے اپنے جدِ اعلیٰ خواجۂ تارکین سے خرقۂ خلافت پایا۔ عالمِ باعمل اور فقیہِ بے مثال تھے۔ دن رات مجاہدوں اور ریاضتوں میں مشغول رہتے۔ آپ کے سینہ میں محبت کے داغ تھے اور جگر محبت کی آگ سے جلا ہوا تھا۔ خواجۂ تارکین کے ملفوظات تذکرہ ''سرور الصدور'' میں انکے جمع کئے ہوئے ہیں۔ آپ کی عمر قریب ایک سو سال تھی۔ محمد تغلق بادشاہ کے زمانہ میں دہلی چلے گئے تھے اور وہاں سے شرابِ محبت کی سرمستی کے عالم میں دور افتادہ اپنے جدِ پاک کے مزار کی زیارت کے شوق میں واپس آئے اور ۷۵۲ھ ہجری میں اس جہان فانی سے چل بسے۔

شیخ مخدوم کبیر چشتیؒ

آپ حضرت خواجہ تارکین کے پوتے شیخ فرید الدین کی اولادِ پاک سے تھے۔ حالاتِ علیہ اور کراماتِ جلیہ رکھتے تھے۔ علومِ منقول و معقول کے جامع اور فقہ و اصولِ فقہ پر حاوی تھے۔ صاحبِ تصنیف تھے۔ ''ضوءِ مصباح'' کتاب کے مصنف تھے۔ بے شمار لوگ آپ کی خدمت کے فیض سے کامیاب ہو کر اعلیٰ مقام پر پہنچے اور آپ کی ہدایت وارشاد سے بہترین تربیت حاصل کی۔ آخر میں ناگور کے اطراف واکناف کافروں کا فساد اور تنازعہ پیدا

اصل دوم ۔ باب سوم

از سلطان التارکین صوفی ناگوری چشتی

سالکِ مسالکِ تفرید وتوحید، عارفِ معارفِ توکل وتجرید، شمعِ شبستانِ صدق ویقین، شیخ حمید الدین قدس سرہ العزیز۔ نسبِ پاکش بحضرت سعید بن زید می رسد۔ او از عشرۂ مبشرہ بود۔ روزے حضرت خواجہ بزرگ را وقتے خوش بود۔ بہ اہالی وموالیِ خدمت ارشاد فرمود۔ کہ امروز دستِ دعا دراز، ودرِ اجابت باز است۔ ہر کسے کہ از دنیا و دین چیزے مطلوب دارد بر زبان آرد۔ یکے دنیا طلبید۔ و دیگرے عقبیٰ خواست۔ انگہ کہ حضرت خواجہ بزرگ بسوئے خواجہ تارکین توجہ فرمود۔ التماس نمود کہ غیر از رضائے حضرت خواہشِ دگر نیست۔ باستماعِ ایں معنی حضرت خواجہ بزرگ از بس خوش دل و مسرور گشتہ فرمود۔ اَلتَّارِکُ الدُّنیَا وَ الْفَارِغُ الْعُقْبیٰ۔ از اں روز خواجہ حمید الدین بہ سلطان التارکین ملقب شد۔ خواجہ تارکین در قریۂ سوال مضافِ ناگورا اقامت داشت۔

روزے خواجہ بزرگ معین الاولیا فرمودند کہ اولادِ معین الدین وحمید الدین یکیست۔ وایں فرمان قبل از پیوندِ خویشی بود۔ وہمچناں بظہور آمد۔ تفصیلِ ایں اجمال در ذکرِ اولاد حضرت خواجہ بزرگ بمعرضِ مقال خواہد آمد۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ خواجہ تارکین راتصنیف بسیار بود۔

می فرمود۔ سلوک را مرتبہ اول آنست کہ از ہر دو جہاں فارغ باشد۔ ومقصود اینست کہ خود نماند۔ راہے در پیش است از بس تاریک۔ اما از مطلعِ وحدت ماہِ منیر طلوع کردہ اند۔ برخیز۔ و دولتِ جاوید دریاب۔ وبسترِ استراحت بگذار۔ ادعائے محبت کسے رامی زیبد کہ ہوس را بدل وچشم را بخواب آشنا نکند۔

پرسیدند کہ در طریقت وشریعت امتیاز چیست؟ فرمود شریعت غیر طریقت و طریقت غیرِ شریعت تنِ بے جان است۔ اصل ہر دو یکیست۔

ہوا۔ مسلمانوں پر ظلم وستم کے ساتھ انہوں نے حملہ کر دیا تو ان حالات میں آپ ناگور کی سکونت ترک کر کے گجرات روانہ ہوئے اور وہیں بتاریخ ۵ ربیع الاول ۸۵۸ھ ہجری اس جہانِ فانی سے دارِ عدم کی طرف آپ نے رحلت فرمائی۔ رحمۃ اللہ علیہ

مخدوم خواجہ حسین ناگوری چشتیؒ

آپ بہت بزرگ، شریعت وطریقت اور کشف وتحقیق کے جامع تھے۔ آپ کی ولایت و عظمت کی ایک مخلوق قائل تھی۔ اسرارِ الٰہی کا گنجینہ اور انوارِ رسالت پناہی کا خزینہ بنے ہوئے علم و دانش کے خلوت خانہ میں تشریف فرما تھے۔ زہد وریاضت اور تقویٰ میں مشہور تھے۔ خواجہؒ تارکین کے فرزندزادے شیخ فریدالدین کی اولاد سے تھے اور حضرت شیخ کبیر کی خدمت میں شہر گجرات میں کئی سال گذارے۔ اور اکتسابِ علوم اور خلافت حاصل کرنے کے بعد اپنے وطنِ مالوف واپس ہوئے۔ ان دنوں میں کفار کے ظلم وستم کی وجہ سے دارالخیر اجمیر کو اپنا مسکن بنایا اور اسلام اور اہلِ اسلام کی نشانیوں کو ظاہر کیا۔ ایک مدت تک خواجہ بزرگ معین الدین چشتیؒ کے روضہ منورہ کی مجاورت اختیار کی اور عبادت ومجاہدہ میں مشغول ہوئے۔ بعد ازاں حضرت خواجہ بزرگؒ کے روحانی اشارہ پر پھر سے ناگور آئے اور اربابِ یقین کو علومِ دین اور تلقین سے مالا مال کرنے میں خوب کوشش فرمائی۔ آپ کی بہت سے تصنیفات یادگار ہیں جیسے تفسیر نور النبی اور رسائل ومکتوبات وغیرہ نیز سوانح شیخ احمد غزالی کی شرح وغیرہ۔ حضور سرورِ کائنات علیہ السلام والصلوات سے بے انتہا محبت رکھتے تھے۔ اور گھر، باغ، باؤلی وغیرہ جو کچھ موجود تھا وہ سب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت سے وقف کر دیا تھا۔

نقل ہے کہ ایک روز آپ نے اپنے جدِّ بزرگوار کا عرس منعقد فرمایا لوگوں میں طعام تقسیم فرمایا اور اپنا حصہ افطار کے انتظار میں رکھ لیا۔ اچانک عالمِ غیب سے چار ایسے اشخاص آئے جنہیں کوئی شخص نہیں جانتا تھا۔ ان میں سے ہر ایک جذام کی بیماری میں اس حد تک مبتلا تھا کہ ان کی انگلیوں سے خون اور پیپ رس رہا تھا۔ انہوں نے کھانا طلب کیا۔ مخدوم خواجہ حسین نے اپنے حصے کا رکھا ہوا کھانا انہیں عطا فرما دیا۔ ان چاروں نے ناپسندیدہ انداز میں کھانا شروع کیا اور بقیہ حضرت مخدوم کے سامنے رکھ دیا۔ آپ پر حال وکمال کا غلبہ چھایا ہوا تھا، آپ نے بغیر ناپسندیدگی کے خوشدلی سے متوجہ ومائل

خواجہ تارکین را با شیخ بہاء الدین زکریا ملتانی در بابِ سلوک وفقر مراسلات و مکاتبات بسیار بودند۔ وشیخ بہاء الدین ہر چند تحریر مجابات وے پرداخت۔ اما ازعہدۂ جوابِ آں بر نیامدہ وبالآخر بعجز واعتراف گرائید۔ اورا تصانیف بسیار است۔ واشعار نیز دارد۔ واشہر تصنیفاتِ او ''اصول الطریقہ'' است۔

آوردہ اند کہ اورا در موضعِ سوال قریب دو طناب زمین بود کہ بہ تر ددش پرداختہ وجہ معیشت می کرد۔ کفاف اندک وعیال بسیار داشت۔ او صاحبِ مقاماتِ علیہ و کراماتِ جلیہ و براہینِ زکیہ بود۔ در تجرید وتفرید قدمِ مستحکم داشت۔ ہمتِ عالیش از دنیا وعقبیٰ رفیع تر بود۔ وے را در تصوف مقامِ عالی، ودر توحید مکانِ منیع است۔ واز متقدمینِ مشائخِ دیارِ ہند بود۔ عمرِ طویل یافت۔ ومی فرمود کہ بعد از فتحِ دہلی ولادت اول کہ بخانۂ مسلمانان بوقوع آمد۔ منم۔ واز زمانِ حضرت خواجہ بزرگ تا اوائلِ سلطان المشائخ شیخ نظام الدین محبوب الاولیا قدس سرہ در صدرِ حیات بود۔ وسلطان المشائخ کلماتِ اورا از تصنیفاتِ او انتخاب نمودہ بدستِ خود نوشتہ۔ واز اں صاحبِ سیر الاولیا نقل کردہ است۔ وآں اینست۔

اول مرتبہ از مراتبِ راہ علم ست۔ علم بباید کہ بے علم عمل درست نہ آید۔ دوم مرتبہ از مراتبِ طریقت عمل است۔ کہ بے عمل نیت را وجود نباشد۔ سوم مرتبہ از مراتبِ درگاہ نیت کست کہ بے نیت صحیح عمل خبر باطل آید۔ چہارم مرتبہ صدق است۔ اگر صدق نباشد۔ عشق روئے تنماید۔ پنجم مرتبہ عشق است۔ اگر عشق نباشد توجہ درست نہ آید۔ ششم مرتبہ توجہ است۔ اگر توجہ نباشد۔ سلوک نیاید۔ ہفتم مرتبہ سلوک است۔ اگر سلوک نباشد۔ در پیش گاہ نکشاید۔ ہشتم در پیش گاہ کشادہ باید۔ مقصود روئے نماند۔ الغرض از کلمات فیض آیاتِ او بسیاران از اہلِ سلوک وفقر ذوقے وحلاوتے دارند۔ وفاتِ خواجہ تارکین در سال شش صد و ہفتاد وسہ ۶۷۳ھ۔ تاریخ بست ونہم (۲۹) ربیع الثانی بوقوع آمد۔ رحمۃ اللہ علیہ۔ مرقدِ مطہر ومدفنِ پاکش در قصبۂ ناگور ملجائے خواص ومرجعِ عوام است۔

وخواجہ تارکین را پسرے بود۔ شیخ عبدالعزیز نام۔ خرقۂ خلافت از پدرِ بزرگوارِ

ہو کر سب کھا لیا۔ کہتے ہیں کہ اس روز سے حضرت مخدوم کے یہاں کشادگی و آسودگی ہو گئی۔

نقل ہے کہ مخدوم خواجہ حسین پرانا لباس پہنا کرتے تھے اور ترک و تجرید میں زندگی گذارا کرتے تھے۔ دو جریب سے زیادہ زمین کا قطعہ نہ تھا وہی ذریعۂ معاش تھا۔ آمدنی قلیل تھی اور افرادِ خاندان زیادہ تھے۔ مگر نذروں اور فتوح کی جانب آپ کو دلچسپی نہ تھی۔ دنیا کے اسباب سے نفرت اور توکل و عسرت سے رغبت رکھتے تھے۔

ایک دن سماع کی حالت میں آپ پر وجد اور حیرت کا غلبہ ہوا اور بے خودی کی حالت میں جنگل کی جانب روانہ ہوئے۔ قوال بھی آپ کے پیچھے پیچھے گئے جب حوض کے کنارے پہنچے جو ناگور سے باہر واقع ہے تو وہاں قیام فرمایا۔ صورتِ حال سے نہ ڈرتے ہوئے آپ پانی کی سطح پر چلنے لگے۔ لیکن آپ کے قدم پر پانی کا کوئی اثر نہیں ہوا۔

صاحبِ ''اخبار الاخیار'' بیان کرتے ہیں کہ سلطانِ مانڈو کو حضرت شیخ کے ساتھ بے حد عقیدت و ارادت تھی۔ حتیٰ کہ آپ کے جمالِ اقدس کو دیکھے بغیر ہی آپ سے وصال کی تمنا کی آگ میں جلتا رہتا تھا اور چاہتا تھا کہ حضرت کی مہمانی کرے لیکن اس نوازش کا حصول وقت پر منحصر تھا۔ ایک دن سلطانی دربار کے ارکانِ دولت میں سے ایک شخص نے سلطان کو یہ بات بتائی کہ مخدوم خواجہ حسین کو حضرت سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت و الفت بدرجۂ کمال ہے۔ اگر موئے مبارک کی زیارت کے طور پر حضرت شیخ کی خدمت میں پیغامِ دعوت بھیجا جائے تو شاید کہ مدعا حاصل ہونا مشکل نہیں۔ حضرت مخدوم کی قدم بوسی اور تشریف آوری کے خواہشمند و آرزومند سلطان نے ایسا ہی کیا۔ حضرت مخدوم کی خدمت میں موئے مبارک کی زیارت کی بشارت کے ساتھ دعوت بھیجی۔ اس کے ملتے ہی حضرت مخدوم بے انتہا شوق کے ساتھ سفر کی ساری زحمتیں قبول کرتے ہوئے اور جملہ آرام و راحت کو ترک کر کے ہمہ تن اشتیاق اور ہمہ چشم انتظار بنے ہوئے مانڈو جا پہنچے۔ اور جس سلطان کی ملاقات سے ہمیشہ انکار کیا کرتے تھے آج آپ مضطرب ہو کر اسی بادشاہ کے ایوان میں تشریف لائے اور جس جگہ موئے مبارک رکھا ہوا تھا وہاں جذبۂ کامل اور ارادۂ صادق کے ساتھ خود پہنچے اور درود و سلام پڑھنا شروع کر دیا۔ جیسے ہی درود و سلام کے الفاظ آپ کے لبوں پر آئے تو موئے مبارک اپنے ہی سے اُڑ کر حضرت مخدوم کے دستِ حق پرست پر آ پہنچا۔

خود پوشید۔ وبعین جوانی درحالتِ سماع برفت۔ می گویند کہ روزے مجلسِ سماع برپا بود۔ وقوالان براین تکرار می کردند۔

فائدہ در گفتنِ بسیار چیست

جاں بدہ ،و جاں بدہ، وجاں بدہ

شیخ عبدالعزیز نعرۂ بے اختیار زدہ فرمود۔ دادم۔ دادم۔ دادم۔ وجان بحق تسلیم نمود۔ اوراسہ پسران بودند۔ ازانہا حضرت شیخ فرید برمسندِ ارشادو تمکین فرمود۔ واز اولادِ پاکش بسا فریدِ عصر ووحیدِ دہر بوجود آمدند۔ تاریخِ وفات شیخ عبدالعزیز شش صدو ہشتادو یک ۶۸۱ھ ہجری است۔

شیخ فریدالدین بن شیخ عبدالعزیز

خرقۂ خلافت از خدمتِ جدِ اعلیٰ خواجہ تارکین دریافت۔ عالمِ باعمل وفقیہِ بے مثل بود۔ روز وشب بمجاہدت وریاضت اشتغال می نمودند۔ سینہ داغدارِ محبت وجگر برشتۂ آتشِ مودت داشت۔ تذکرہ ''سرورالصدور'' ازملفوظاتِ خواجہ تارکین جمع کردۂ اوست۔ عمرشریفش قریب بصد سال بود۔ بزمانِ محمد تغلق بادشاہ بہ دہلی رفتہ بود۔ وازانجا بعالمِ مستی بادۂ محبت دورافتادگی وشوقِ زیارت مرقد جدِ پاکِ خود معاودت کرد۔ در سال ہفت صدو پنجاہ ودو ۷۵۲ھ ازیں جہانِ بے بنیان درگزشت۔

شیخ مخدوم کبیر چشتی

15-1-2013

از اولادِ پاک شیخ فرید الدین نبیرہ حضرت خواجۂ تارکین است۔ صاحبِ حالاتِ علیہ وکراماتِ جلیہ بود۔ جامعِ علومِ منقول ومعقول، حاویِ آئینِ فقہ واصول، صاحبِ تصنیفِ کتاب ''ضوءِ مصباح'' است۔ کافۂ انام ازفیضِ خدمتش کامیاب گشتہ بمقامِ اعلیٰ رسید۔ وآئینِ ہدایت وارشاد ازوجودِ باجودش آرائش والتزامِ زیبا یافت۔ بالآخر بجہتِ تفرقہ کہ ازدست بُردِ کفار درنواحِ ناگور روئے داد۔ وبرجمہورِ اہلِ

کہتے ہیں کہ مانڈو کے سلطان نے حضرت مخدوم کی خدمت میں نذریں پیش کیں تھیں۔ اس تمام سرمایہ کو حضرت خواجہ بزرگؒ کے قبہ شریفہ کی تعمیر میں خرچ کیا اور جو باقی رہ گیا تھا اس سے اپنے جد اعلیٰ حضرت خواجہ تارکین کے آستانہ میں بلند دروازہ تعمیر کیا۔ صاحب ''سیر العارفین'' و ''اخبار الاخیار''، و''گلزار ابرار''، و''سیر الاقطاب'' و''مراۃ الاسرار'' و''مونس الارواح'' اور اکثر چشتی نقل نگاروں و وقائع نگاروں سے منقول ہے کہ جس وقت سلطان محمود خلجی کے دور میں معاندین اور مفسدین نے اس حقیقت سے انکار کیا کہ حضرت خواجہ تاج الدین بایزید، خواجہ بزرگ معین الاولیاء کی اولاد سے ہیں اور سلطان خلجی نے اس سلسلہ میں تفتیش کرتے ہوئے دریافت کیا تو وہ مخدوم خواجہ حسین ناگوری ہی تھے کہ جنہوں نے ملا رستم اجمیری اور دیگر اکابرین اور بزرگوں کے ساتھ سلطان کی عدالت میں شہادت پیش کی کہ حضرت تاج الدین بایزید بزرگ کسی شک وشبہ کے بغیر خواجہ قیام الدین بن خواجہ حسام الدین سوختہ بن خواجہ فخر الدین بن شیخ الاسلام خواجہ معین الحق والدین حسینی الحسنی چشتی سجزی قدس اللہ اسرارہم کے فرزند زادوں میں سے ہیں۔ چنانچہ اس اجمال کی تفصیل حضرت خواجہ بزرگؒ کی اولاد واحفاد کے بیان میں آچکی ہے۔ حضرت مخدوم کی تاریخِ وفات ۹۰۱ھ ہجری لکھی ہے آپ خواجۂ تارکین کے آستانۂ عالیہ میں مدفون ہیں۔ رحمۃ اللہ علیہ۔ آپ کی اولادِ پاک نے قصبۂ ناگور اور اس کے اطراف و اکناف سکونت اختیار کی اور اب تک ایوانِ ہدایت وارشاد ان کے ذریعہ باقی و برقرار ہے۔

شیخ خانو گوالیاری چشتیؒ

آپ خواجہ مخدوم حسین ناگوری کے مرید تھے۔ بڑے صوفی اور مشہورِ زمانہ تھے۔ ریاضت وعبادت کا شرف رکھتے تھے۔ خرقۂ خلافت شیخ اسماعیل خلف شیخ حسین سرمست سے رکھتے تھے۔ اس کے علاوہ حضرت شیخ الاسلام معین الاولیاء خواجہ بزرگ کی روح پُرفتوح سے بھی فیض حاصل کیا اور ارادت واعتقاد بدرجۂ کمال رکھتے تھے۔ شیخ نظام نارنولی اور آپ کے بھائی شیخ اسماعیل نے آپ ہی سے شرفِ خلافت حاصل کیا ہے۔ آپ کی وفات بقول صاحبِ ''شجرۂ چشتیہ'' ۹۴۷ھ ہجری میں منقول ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

اسلام استبداد و بیداد غلبہ کرد۔ ترکِ سکونتِ ناگور ورزیدہ بہ گجرات رفت۔ وہمونجا بتاریخ پنجم ربیع الاول سنہ ہشت صد و پنجاہ وہشت ۸۵۸ سنہ ازیں جہانِ بے مدار بہ دار القرار رحلت فرمود۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

مخدوم خواجہ حسین ناگوری چشتی

بسیار بزرگ بود۔ و میانِ شرع و طریق و کشف و تحقیق جمعیتِ تمام داشت۔ جمہور خلائق را بر ولایت و عظمتِ او اتفاق است۔ گنجینۂ اسرارِ الٰہی و خزائنِ انوارِ رسالت پناہی، در نہاں خانۂ دانش متمکن و مامون بود۔ و موصوف و مشہور است بزہد و ریاضت و اتقا۔ و از اولادِ شیخ فرید الدین نبیرۂ خواجہ تارکین است۔ و بخدمت حضرت شیخ کبیر در ولایتِ گجرات سالہا بسر برد۔ و بعد اکتسابِ علوم و حصولِ خلافت بوطنِ مالوف معاودت فرمود۔ و در آں ایام کہ از چیرۂ دستیِ پیکر پرستاں حوالے دار الخیر اجمیر مسکن گشتہ بود۔ و از آثارِ اسلام و اہلِ اسلام علامتے پیدا نمود۔ مدتے مجاورت روضۂ منیفہ خواجہ بزرگ معین الدین چشتی اختیار کرد۔ و بعبادت و مجاہدات مشغول شد۔ و من بعد باشارتِ روحانیت حضرت خواجہ بزرگ باز بہ ناگور آمد۔ و تعلیمِ علومِ دین و تلقینِ اربابِ یقین سعیِ موفور بجا آورد۔ از تصنیفاتِ او یادگار بسیار است۔ تفسیر نور النبی و رسائل و مکتوبات وغیرہ و نیز سوانح شیخ احمد غزالی را شرح نمودہ است۔ و او را با حضرت صدر النبوت سیدِ کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام بدرجۂ غایت محبت بود۔ و ہر چہ داشت از خانہ و باغ و چاہ ہمہ را در تسمیہ نسبت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم وقف نمودہ بود۔

15-1-2013

نقل است کہ او روزے عرسِ جدِ بزرگوارِ خود ترتیب دادہ و طعام بمردم بقسمت نمودہ بود۔ حصۂ خود بانتظارِ افطار نگاہ داشت۔ ناگاہ چہار تن از عالمِ غیب کہ ہیچ کس ایشاں را نہ شناخت، در آمدند۔ ہر یک بہ مرضِ جذام مبتلا بآں حدیکہ ریم و خون از بن انگشتاں می چکید و طعام طلب کردند۔ مخدوم خواجہ حسین قسمتِ خود را بذل فرمود۔ و آں ہر چہار تن بادائے نامطبوع خوردن آغاز کردہ بقیہ آنحضرت مخدوم مسترد کردند۔ و او کہ غلبۂ حال و طلبِ کمال داشت۔ بلا اکراہ بطیبِ خاطر متوجہ و مائل شدہ ہمہ را در کشید۔

شیخ احمد مجد شیبانی چشتیؒ

آپ معقولات، شریعت اور اصول کے جامع شیخ تھے۔ نہایت متقی و پرہیز گار واقع ہوئے تھے۔ علوم صوری و معنوی میں خواجہ مخدوم حسین ناگوری کے شاگرد و مرید تھے۔ نیز حضرت خواجہ تاج الدین بایزید بزرگ (فرزند زادۂ حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء) کی خدمت میں رہ کر بھی فیوض سے مالا مال ہوئے تھے۔

نقل ہے کہ طالبِ علمی کے آغاز ہی سے کم و بیش دس سال کی عمر میں طرح طرح کے علوم کا درس دیتے۔ آپ کی پیدائش کا مقام نارنول، آپ کی سکونت اجمیر اور آپ کا مدفن ناگور ہے۔ آپ کے والدِ بزرگوار قاضی مجد الدین بن قاضی تاج الافضل بن شمس الدین شیبانی ہیں جو امام محمد شیبانی شاگرد و ہم صحبتِ امام اعظم ابوحنیفہ کوفی رحمۃ اللہ علیہ کی اولاد پاک سے تھے۔

شیخ احمد مجد ابتداء میں اپنی علمی قوت کے ذریعہ مباحثوں اور مناظروں میں بے حد حصہ لیتے تھے لیکن خواجہ مخدوم حسین کی خدمت میں رجوع ہونے کے بعد انکے سر سے مشیخت اور قیل وقال کا خیال جاتا رہا۔ آپ اجمیر شریف آئے اور ستر (۷۰) سال اس مقامِ اقدس میں زہد و تقویٰ اور تزکیۂ نفس میں مشغول رہے۔ آپ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اہلِ بیت سے کمال درجہ محبت و ارادت تھی۔ چنانچہ عشرۂ محرم الحرام میں اور ماہِ ربیع الاول میں شروع سے بارہ تاریخ تک دُھلا و سفید لباس نہ پہنتے اور ان راتوں میں مٹی کے بستر پر آرام فرماتے اور سادات کے مقبروں پر اعتکاف کرتے اور ہر روز ارواحِ پاکِ رسول و اہلِ بیت رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ثواب پہنچانے کی نیت سے حتی المقدور کھانا بنا کر فقیروں، یتیموں اور مسکینوں کو پہنچاتے اور آہ و فریاد کے ساتھ رویا کرتے۔ گویا کہ کربلا کا واقعہ چشمِ حال سے دیکھ رہے ہوں۔ اس کے علاوہ صحابۂ کرام اور اولیاءِ عظام کے اعراس ہمیشہ ان کے وصال کے دنوں میں انجام دیتے اور سماع سے بڑی رغبت رکھتے تھے لیکن رقص نہیں کرتے تھے۔ مجلسِ سماع و وعظ میں ایک بہادر شیر کی مانند بیٹھتے۔ قَالَ اللّٰہُ اور قَالَ الرَّسُوْلُ بڑی عظمت و ہیبت سے بیان فرماتے اور جنون اور جذب والوں کے ساتھ اعتقادِ واثق اور ارادۂ صادق رکھتے تھے اور اپنی تعظیم و تکریم کو ناگوار سمجھتے اور کبھی اگر کسی سے یہ سنتے کہ حضرت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کو اس نے

آوردہ اند کہ از ہماں روز بر حضرت مخدوم فتح الباب گردید۔

نقل است کہ مخدوم خواجہ حسین جامۂ کہن وشوخگن می پوشید۔ و بہ ترک وتجرید زندگی می کرد۔ بیش از دو جریب قطعۂ اراضی نبود کہ بہ تردش می پرداخت۔ و وجہِ معیشت می کرد۔ کفاف اندک وعیال بسیار داشت۔ اما بہ نذور وفتوح مائل نمی شد۔ واز اسبابِ دنیا نفرت، وباتوکّل وعسرت رغبت می کرد۔

روزے در حالتِ سماع اوراتواجد وتحیّر در گرفت۔ و بے خودانہ روئے بسوئے صحرا نہاد۔ قوالان ہم در عقبش می رفتند۔ چوں بر کنارِ حوض کہ بیرونِ ناگور واقع است، فائز شد۔ برصورتِ حال نیندیشیدہ بالائے صفحۂ آب رواں گردید۔ امّا اثرے از نداوتِ آب برقدمِ پاکش پیدا نگشت۔

صاحبِ اخبار الاخیار می آرد کہ سلطان ماندو، را با حضرت شیخ عقیدت وارادت بسیار بود۔ حتیٰ کہ نادیدہ جمال در آتشِ تمنائے وصال می سوخت۔ ومی خواست کہ حضرت اورا مہمان کند۔ اما حصولِ ایں موہبت گرامی موقوف بر وقت بود۔ روزے یکے از بار یابانِ انجمنِ سلطنت وارکانِ دولت بعرض سلطان رسانید کہ مخدوم خواجہ حسین را با حضرت صدر النبوت علیہ التحیۃ والسلام محبت وتولا بمرتبۂ کمال است۔ اگر بہ پیرایۂ زیارتِ موئے مبارک پیغامِ طلب بحضرت شیخ فرستادہ شود۔ البتہ حصولِ مدعا قرینِ قیاس است۔ سلطان کہ والۂ دولتِ پائے بوس ومستمند مقدمِ حضرت مخدوم بود ہمچناں کرد۔ وبشارت زیارتِ موئے مبارک باشارت مقدمِ خیر بحضرت مخدوم رسانید۔ بمجرد وصول وادراکِ ایں معنی حضرت مخدوم بہ نہایت شوق پائے طلب در وادیِ صعوبت وسفر بنہاد۔ وراحت واستراحت راترک دادہ ہمہ تن اشتیاق وہمہ چشم انتظار تا بہ ماندو رسید۔ و باآنکہ از مصاحبتِ سلطان مدام باوانکار می کرد۔ مضطربانہ بایوانِ بادشاہ در آمد۔ وجائے کہ موئے مبارک نگاہ داشتہ بودند۔ برہنمونی جذبِ کامل وارادۂ صادق خود را رسانید۔ و تحیۃ وسلام گفتن آغاز کرد۔ ہمیں کہ لفظ تحیۃ وسلام از لب معجز نظام برآمد۔ موئے مبارک از خود پرید۔ وبرکفِ دستِ حق پرست حضرت مخدوم نزولِ مکرمت فرمود۔

خواب میں دیکھا ہے تو اس کے آگے پورے ادب کے ساتھ بیٹھتے اور خواب کی کیفیت کو کمالِ شوق سے سنتے اور اس کے ہاتھ اور پاؤں کو بوسہ دیتے اور اس کی آرام گاہ کو احترام کی نگاہ سے دیکھتے اور اس جگہ کی خاک کو اپنی آنکھوں اور چہرے پر ملتے اور اگر کوئی کسی سید کے ساتھ دشمنی کا دعویٰ کرتا تو منت وسماجت کے ساتھ تصفیہ کر دیتے۔ اس زمانہ میں جبکہ اجمیر میں کفر اور کافروں کا دور دورہ ہوا۔ اور رانا سانگا جو بڑا آتش پرست تھا قلعہ اجمیر پر مسلط ہو گیا تو اس واقعہ سے سات دن پہلے حضرت خواجہ بزرگؒ کے اشارے پر ان ہی شیخ احمد مجد نے اعلان کیا کہ یکا یک اس شہر پر قہر وجلال آنے والا ہے۔ حضرت خواجہؒ کا فرمان اس طرح ہے کہ جملہ مسلمان شہر سے باہر آجائیں۔ چنانچہ دوشنبہ کے دن ۹۲۲ھ ہجری میں مسلمانوں کی جماعت اجمیر کے چاردیواری سے باہر چلی گئی۔ اور رانا سانگا نے حملہ کر کے لوٹ مار کی۔

نقل ہے کہ اس وقت حضرت خواجۂ بزرگؒ کی اولاد سے شیخ معین الدین ثالث بن رفیع الدین بایزید خُرد کی عمر پانچ سال تھی۔ آپ کے خادموں اور جانثاروں نے آپ کو اجمیر سے ناگور منتقل کیا اور وہ حضرت خواجہ تارکین کے خادموں اور فرزندزادوں کی حمایت میں محفوظ و مامون رہے اور ناگور جانا اس لحاظ سے ہوا کہ شیخ معین الدین اپنی والدہ کی طرف سے خواجۂ تارکین کے نواسے تھے۔ اس لئے کہ حضرت خواجہ تاج الدین بایزید بزرگ کے ساتھ حضرت خواجہ مخدوم حسین ناگوری کا رشتہ اور قرابت داری مستند و معتبر اقوال سے ثابت اور صحیح ہے۔

نقل ہے کہ جب شیخ احمد مجد نصف رات کے وقت خواجۂ بزرگؒ کے روضۂ مقدسہ پر آتے تو دروازہ خود بخود کھل جاتا۔ ایک شخص نے بطور امتحان چاہا کہ شیخ احمد مجد کے ساتھ روضۂ عالیہ میں داخل ہو تو دروازہ کے تختہ نے اسے مضبوطی سے پکڑ لیا۔ اس شخص نے بڑی گریہ وزاری اور توبہ و استغفار کر کے اس سخت مصیبت سے نجات پائی۔

نقل ہے کہ شیخ احمد (۱۸) اٹھارہ سال کی عمر میں اجمیر آئے تھے اور اسی (۸۰) سال کی عمر میں رخصت ہوئے اور قصبہ ناگور میں انتقال کیا اور خواجۂ تارکین کے روضہ میں دفن ہوئے۔

رحمۃ اللہ علیہ

شیخ نظام نارنولی چشتی

آوردہ اند کہ سلطان ماندو ہر انچہ کہ بطریقِ نذور و فتوح بحضرت مخدوم گزرانیدہ بود۔ ہمہ را در تعمیر قبۂ شریفہ حضرت خواجہ بزرگ صرف نمود۔ واز بقیۂ آں دروازۂ بلند در آستانۂ جدِّ اعلیٰ حضرت خواجہ تارکین بنا کرد۔ صاحبِ سیر العارفین، اخبار الاخیار، گلزارِ ابرار، سیر الاقطاب، مرأۃ الاسرار و مونس الارواح و اکثر ناقلانِ آثار و اخبارِ چشتیہ نقل کردہ است کہ وقتے کہ اربابِ عناد و فساد نسبت حضرت خواجہ تاج الدین بایزید بزرگ از اولاد حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیا بزمانِ سلطان محمود خلجی انکار کردہ بودند و سلطان خلجی در بارۂ تفتیشِ ایں معنی در پرسش باز کردہ۔ ہمیں مخدوم خواجہ حسین ناگوریست کہ باتفاقِ ملا رستم اجمیری و دیگر اکابرانِ ستودہ حال و بزرگانِ صدق مقال بدیوانِ سلطان ادائے شہادت کردہ بود کہ حضرت تاج الدین بایزید بزرگ لَا رَیۡبَ فِیۡهِ از نبائرِ پاک خواجہ قیام الدین بن خواجہ حسام الدین سوختہ بن خواجہ فخر الدین بن شیخ الاسلام خواجہ معین الحق و الدین حسینی حسنی چشتی سنجریست۔ قَدَّسَ اللّٰہُ اَسۡرَارَهُمۡ۔ چنانچہ تفصیلِ ایں اجمال در ذکرِ اولاد و احفاد حضرت خواجہ بزرگ رحمۃ اللہ علیہ در گزارش و نگارش آمدہ است۔ تاریخِ وفات حضرت مخدوم در سال نُہ صد و یک ۹۰۱ھ نوشتہ اند۔ و در آستانۂ عالیہ خواجہ تارکین مدفون است۔ رحمۃ اللہ علیہ۔ و اولادِ پاکِ او در قصبۂ ناگور و حوالی و مضافاتِ آں سکونت دارد۔ و تا الآن بنائے ایوانِ مشیخت و ارشاد بذاتِ ستودہ نہادِ ایشاں محکم و برقرار است۔

شیخ خانو گوالیاری چشتی

15-1-2013

از مریدانِ خوش نہاد خواجہ مخدوم ناگوریست۔ از فحولِ اصفیا، نام آورانِ عہد بود۔ و بشرفِ ریاضت و عبادت تشریف داشت۔ و نیز خرقۂ خلافت از شیخ اسماعیل خلف شیخ حسین سرمست دارد۔ علاوہ آں از روح پُرفتوح حضرت شیخ الاسلام معین الاولیا خواجہ بزرگ استفادہ می کرد۔ و ارادت و اعتقاد بمرتبۂ کمال داشت۔ شیخ نظام نارنولی و شیخ اسماعیل برادرش از وے شرفِ خلافت یافتہ اند۔ وفاتِ او بقول صاحبِ شجرۂ چشتیہ در

ریاضت وعبادت میں ممتاز اور ہم عصروں میں صاحبِ مقال تھے۔ ہمیشہ محبت کے سمندر میں غرق رہتے اور درد و محنت کے جمال میں چشمِ حیرت بنے رہتے تھے۔ خرقۂ خلافت حضرت شیخ خانو گوالیاری سے حاصل کیا اور چالیس سال کے عرصہ تک رشد و ہدایت نے انکے ذریعہ بے اندازہ زینت و آرائش پائی اور کثیر تعداد میں لوگ آپ کی حمایت کے زیرِ سایہ بہرہ مند ہوئے اور حق رسی کی منزل کو پہنچے۔ آپ ہر سال حضرت خواجہ قطب الدین قطب الاولیا کے مرقدِ اقدس پر حاضری دیا کرتے اور پھر وہاں سے محبت کے غلبہ اور ارادت کی کثرت کے ساتھ حضرت خواجۂ بزرگؒ ہندالولی کے آستانۂ عالی کی زیارت کے لئے تشریف لے جاتے اور حضرت حق سبحانہٗ تعالیٰ شانہٗ نے آپ کو آپ کے زمانہ میں اور دیگر زمانوں میں مقبولیت عطا فرمائی تھی۔ شیخ نظام کے بھائی شیخ اسماعیل بھی شیخ خانو گوالیاری کے خدمت گزاروں میں تھے۔ ۹۹۰ھ ہجری میں جنت کو سدھارے۔ رحمۃ اللہ علیہ

شیخ اختیارالدین چشتیؒ

آپ کا اسمِ گرامی پہلے اختیار خاں تھا۔ جب خوش قسمتی سے حضرت خواجہ بزرگؒ کے مرقد مبارک کی زیارت میسر ہوئی اس آستانۂ عالیہ میں معتکف ہوئے تو چند روز بعد حضرت خواجہ بزرگؒ کی اشارت و بشارت پر آپ نے نارنول کا رخ کیا اور شیخ نظام کی خدمت میں حاضر ہوئے، دیکھا کہ شیخ چارپائی پر سر جھکائے مغموم بیٹھے ہیں۔ جب یہ دیکھا تو دل میں خیال پیدا ہوا کہ جو شخص اپنے حال میں الجھا ہوا ہو وہ بھلا دوسروں کی حمایت و نگرانی کس طرح کرے گا۔ شیخ نے نورِ باطن کے ذریعہ پتہ کر لیا۔ سر اٹھایا اور فرمایا۔ آؤ، آؤ کہ تم حضرت خواجہ بزرگ کے بھیجے ہوئے ہو۔ میرے موجودہ حال کو بے جا خیال سے توقف میں نہ ڈالو۔ شیخ اختیارالدین یہ بات سن کر بے خود ہو گئے اور حضرت شیخ کی ایک نظرِ لطف و کرم سے اللہ کے مقبولوں اور واصلوں میں شامل ہو گئے۔ اور کمال کی تکمیل اور حال کی تربیت کے بعد خرقۂ خلافت اور سندِ ارشاد و اجازت حضرت شیخ نظام سے حاصل کیا اور رخصت کی اجازت پانے کے بعد اپنے وطنِ مالوف جو کالپی کے اطراف میں ہے واپس ہوئے اور ۱۰۱۱ھ ہجری میں رحمتِ حق سے جا ملے۔ رحمۃ اللہ علیہ

شاہ اعلیٰ چشتی پانی پتیؒ

سال نہ صد و چہل و هفت ۹۴۷ھ منقولست۔ واللہ اعلم بالصواب۔

شیخ احمد مجد شیبانی چشتی

شیخ بود جامعِ معقول و شرع و اصول، و بدرجۂ غایت مولع و متورع بود۔ و در علومِ صوری و معنوی تلمیذ و مرید خواجہ مخدوم حسین ناگوری است۔ و نیز از خدمت حضرت خواجہ تاج الدین بایزید بزرگ (نبیرہ حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء است) فیضہا ربودہ بود۔

آوردہ اندکہ در سرِ آغازِ آگہی بعمر ہیودہ سال از انواعِ علوم درس می گفت۔ مولدِ او نارنول و منشاءِ او اجمیر، و مدفنِ او ناگور است۔ پدرِ بزرگوارش قاضی مجد الدین بن قاضی تاج الافضل بن شمس الدین شیبانی از اولادِ پاک امام محمد شیبانی شاگرد و ہم صحبت امام اعظم ابوحنیفہ کوفی بود۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

شیخ احمد مجد با قوّتِ علمی در مباحثہ و مناظرہ بہ اوائلِ حال غلو داشت۔ و امّا بعد ازانکہ بخدمت خواجہ مخدوم حسین رجوع کرد۔ از سر سودائے مشیخت و قیل و قال در گزشت۔ و بہ اجمیر آمد و هفتاد سال درآں مقام عرش احترام بزہد و ورع و نہیب و تاراج نفس نافرجام اشتغال ورزید۔ اورا با اہلِ بیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بمرتبۂ کمال محبت و ارادت بود۔ چنانچہ درعشرہ محرم الحرام وآغاز ماہ ربیع الاول تا دوازدہ یوم جامہ شستہ و سفید نپوشیدے۔ و در لیالیِ ایں ایام بر بسترِ خاک استراحت کردے۔ و در مقابرِ سادات اعتکاف داشتے۔ و ہر روز علی قدرِ مقدور بنظرِ ثواب ارواحِ پاک رسول و اہلِ بیت رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام بجنسِ طعام بفقرا و ایتام و مساکین رسانیدے۔ و بگریہ ہائے ہائے و فریاد و آہ سروکار داشت۔ گوئی کہ واقعِ کربلا را بچشمِ حال می بیند۔ و علاوۂ آں اعراس صحابۂ کرام و اولیائے عظام مدام بیومِ وفاتِ ایشاں ترتیب می داد۔ و بسماع بسیار راغب بود و دوست می داشت۔ اما رقص نمی کرد۔ و در مجلسِ سماع و وعظ ہمچو شیرِ دلیر می نشست۔ قَالَ اللّٰہُ وَ قَالَ الرَّسُوْلُ بایں عظمت و ہیبت می گفت و باہلِ جنون و جذب اعتقادِ واثق و ارادۂ صادق داشت۔ و در مقامِ تعظیم و تبجیلِ

آپ مدارجِ اعلیٰ اور مراتبِ برتر کے حامل تھے۔ خرقۂ خلافت اپنے والد بزرگوار شیخ نظام الدین سے حاصل کیا اور شیخ نظام نارنولی سے بھی خرقۂ خلافت پایا۔

نظامش پیر وہم پدرش نظام است نظام دو جہاں بروے تمام است

اس کے پیر بھی نظام ہیں اور اس کے والد بھی نظام ہیں۔ اس پر دوجہاں کا نظام تمام ہے

شیخ اللہ دیا مولف ''سیر الاقطاب'' نے آپ کے ملفوظات و منقولات کو ایک کتاب موسوم بہ ''جواہر الاعلیٰ'' میں جمع کیا ہے۔ آپ کا نامِ گرامی عبدالسلام تھا اور شیخ نظام نارنولی کی خدمت سے شاہ اعلیٰ چشتی موسوم ہوئے۔

کہتے ہیں کہ وہ شیخ شمس الدین ترک پانی پتی کے احاطہ کے قریب حجرہ کے اندر معتکف تھے کہ اچانک شیخ جمال نارنولی کا پیکر ظاہر ہوا اور کہنے لگا کہ میں نے تیرے باطن کا حصہ محفوظ رکھا ہے۔ نارنول میں آ اور اسے حاصل کر لے۔ اسی وقت شاہ اعلیٰ مدہوشی و بیخودی کی حالت میں نارنول پہنچے اور فیضِ صوری و معنوی جو کچھ ان کی تقدیر میں لکھا تھا وہ پالیا۔ شاہ صاحب کے دو بیٹے تھے۔ شاہ منصور اور شاہ نور۔ لیکن وہ والد کے سامنے ہی اللہ سے جا ملے۔ رحمۃ اللہ علیہ

شیخ اسماعیل چشتی نارنولی

آپ شیخ نظام کے بھائی اور مرید تھے اور خلافت و اجازت بھی رکھتے تھے۔ خواجگی نامی فقیرِ بے ریا اور صوفیِ باصفا آپ کا مرید تھا۔ آپ کے خوانِ نعمت سے دیگر کئی فیض یاب ہوئے اور انہیں بے حد ذوق و حلاوت نصیب ہوئی۔ رحمۃ اللہ علیہ

شیخ کمال الدین حسین ابن خالد اجمیری ناگوری چشتیؒ

آپ بڑے دانا و بینا تھے۔ شیخ ابراہیم کی خدمت سے ظاہری و باطنی کمالات کا اکتساب کرنے کے بعد خرقۂ خلافت حاصل کیا۔ آپ شیخ عبدالعزیز ناگوری کے خلیفہ اور وہ شیخ فریدالدین ناگوری کے خلیفہ اور وہ شیخ حمیدالدین سوالی کی اولاد و احفاد سے تھے۔ قدس اللہ اسرارھم

ایک جماعت کا خیال ہے کہ خالد، معینیہ نسل سے ہیں۔ تفسیر ''نور النبی'' کہ جس میں بہت

خود با کراہ نظر می کرد۔ و احیاناً اگر کسے را می شنید کہ او حضرت ختم النبوت علیہ الصلوٰۃ و السلام را در واقعہ دیدہ است۔ پیشِ آں با ادب تمام می نشست۔ و ماجرائے خواب بکمالِ شوق اصغا نمودہ بر دست و پائے او بوسہ می داد۔ و مضجعِ او را با حرمتِ تمام می نگریست و خاکِ آنجا بر چشم و روی می مالید۔ و اگر کسے با سیّدے دعویٰ و خصومت بودے بمنت و سماجت تصفیہ می کرد۔ و دراں زمان کہ در اجمیر غلبۂ کفر و سطوتِ کفار پدیدار آمد۔ و رانا سانگا کہ گبر عظیم بود۔ بر قلعۂ اجمیر مسلط گردید۔ پیش از ہفت یوم ازیں واقعہ باشارت حضرت خواجہ بزرگ ہمیں شیخ احمد مجد اعلان نمودہ بود کہ یک چند برایں شہر نظر قہر و جلال است۔ فرمان حضرت خواجہ ایں چنیں است کہ جملہ مسلمانانِ شہر بدر آیند۔ چنانچہ بروز دوشنبہ بہ سال نہ صد و بست و دو ۹۲۲ھ جماعہ اہلِ اسلام از حصارِ اجمیر بدر رفتند۔ و رانا سانگا تاخت آوردہ بہ نہیب و تاراج پرداخت۔

آوردہ اند کہ دراں وقت از اولاد حضرت خواجہ بزرگ شیخ معین الدین ثالث بن رفیع الدین بایزید خورد پنج سالہ عمر داشت۔ خدام و پرستاران او را از اجمیر بہ ناگور بُردند۔ و او بحمایتِ بندگان و نبیرگانِ حضرت خواجہ تارکین مصئون و محفوظ ماند۔ و رفتن ناگور بجہتِ ایں بود کہ شیخ معین الدین من الام نبیۂ خواجہ تارکین بودہ است۔ زیرا کہ پیوندِ خویشی حضرت خواجہ مخدوم حسین ناگوری با حضرت خواجہ تاج الدین بایزید بزرگ باقوالِ مستند و معتبر ثابت و صادق است۔

نقل است کہ چوں شیخ احمد مجد ہنگامِ نیم شب بروضۂ منیفہ خواجہ بزرگ می آمد۔ خود بخود فتح الباب می شد۔ شخصے بنظرِ 15-1-2013 کہ بہ معیت شیخ احمد درونِ روضۂ عالیہ درآید۔ تختۂ در، او را تنگ تر گرفتند۔ و او بہزار گریہ و زاری توبہ و استغفار گفتہ از اں بندِ سقیم رستگاری یافت۔

نقل است کہ شیخ احمد بعمر ہژدہ سالہ بہ اجمیر آمدہ بود۔ و بعمر ہشتاد سال رخصت شد۔ و بہ قصبۂ ناگور بجوارِ رحمت ایزد متعال فائز شدہ در روضۂ خواجہ تارکین مدفون گشت۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

سے نکات و وجوہِ تفاسیر ہیں اور''اصولِ انوار در تذکرۂ ابرار''، جو مشائخ چشتیہ معینیہ کے احوال و انساب پر مشتمل ہے آپ کی تصانیف ہیں۔ اور خود اپنے احوال میں یہ لکھتے ہیں کہ خالد، خواجہ بزرگ معین الاولیاءؒ کے مریدوں میں کمترین ہے۔ لیکن اپنے نسب کے بارے میں کوئی بات نہیں کہی۔ مولانائے عالم کابلی اپنے تذکرہ میں لکھتے ہیں کہ میں اجمیر میں شیخ عبدالقادر بن ابوالفتح جو خواجہ معروف بن شیخ حسین بن خالد کے پوتے ہیں کے ساتھ رہا اور ان سے نسب کی تحقیق کی۔ فرمایا کہ ہمارے ؒ والدِ بزرگوار کا نسب چار واسطوں سے شیخ حمید الدین سوالی تک جا پہنچتا ہے۔

از: مولف کتاب ھٰذا (حضرت قاضی سید امام الدین علی خاںؒ)

کسی نے شیخ کمال الدین کو معین الاولیاء خواجہ بزرگؒ کی اولاد قیاس کیا شاید اس وجہ سے کہ خواجہ بزرگؒ کی اولاد پاک میں ایک شیخ کمال الدین بن شیخ احمد ؒ بھی تھے جو حضرت نجم الدین بن قیام الدین بابر بال کے خلف رشید تھے۔ اس سلسلہ میں نام کی یکسانیت کے بارے میں گذارش کی گئی۔ لیکن شیخ کمال الدین کو جو شیخ حمید الدین صوفی کے سلسلۂ خلافت میں شیخ ابراہیم کے مریدوں میں لکھا ہے فی الواقع وہ شیخ حمید الدین صوفی سوالی ناگوری کی اولاد و احفاد سے ہیں اور یہی بات بالکل صحیح ہے۔ جیسا کہ مولانا عالم کابلی نے اپنے تذکرہ میں حوالہ دیا ہے۔ اس بات کی تصدیق خواجہ تارکین شیخ حمید الدین رحمۃ اللہ علیہ کی اولاد کے شجرۂ نسب سے بھی ہوتی ہے جیسا کہ ''مناقب الحبیب'' میں ہے۔ کمال الدین بن شیخ عبدالقادر بن شیخ ابوالفتح بن خواجہ معروف بن خواجہ مخدوم حسین بن شیخ خالد بن شیخ نظام الدین بن شیخ محمد بن شیخ عبدالعزیز بن شیخ حمید الدین صوفی السوالی ناگوری قدس اللہ اسرارہم۔

شیخ سعید میانہ چشتیؒ

آپ صاحب حال اور مردِ کمال تھے۔ سماع کے بارے میں بڑا غلبہ رکھتے تھے۔ ان کی ارادت کی نسبت شیخ نظام نارنولی سے بواسطۂ شاہ اعلیٰ چشتی بتائی جاتی ہے۔ ان کی وفات ۱۰۶۸ھ ہجری میں لکھی ہے۔ رحمۃ اللہ علیہ

شیخ نظام نارنولی چشتی

بہ کسبِ ریاضت وعبادت ممتاز و در امثال اقران صاحبِ مقال ۔ ہمہ تن غرقِ بحرِ محبت و ہمہ چشم حیرتے جمالِ درد و محنت بود۔ خرقۂ خلافت از حضرت شیخ خانو گوالیاری دریافت ۔ وتا مدت چہل سال آئینِ رشدوارشاد بہ دستیاری او، زینتِ تازہ وآرائشِ بے اندازہ پذیرفت ۔ و جماعتِ کثیر بہ ظلِّ حمایتش بہرہ ور شد و بحق رسید۔ او بہر سال بخدمتِ مرقدِ قدسی آیات حضرت خواجہ قطب الدین قطب الاولیا مشرف می شد۔ وزانجا بغلبۂ محبت و وفورِ ارادت بزیارت آستانۂ عالی ھند الولی حضرت خواجہ بزرگ می رفت ۔ واز حضرت حق سبحانہٗ تعالیٰ شانہٗ اورا در زمانِ وزمانیان غیر قبول حاصل بود۔ ونیز شیخ اسماعیل برادر شیخ نظام از بندگان خدمت شیخ خانو گوالیاریست۔ در سال نہ صدو نود ۹۹۰ھ بمضجع جنان استراحت فرمود۔ رحمۃ اللہ علیہ

شیخ اختیار الدین چشتی

نامِ گرامی اول اختیار خان بود۔ چوں بمساعدتِ بخت زیارتِ مرقدِ با برکت حضرت خواجہ بزرگ میسر آمد۔ و در آستانۂ عالی معتکف ماند۔ بعد از یک چند باشارت و بشارت حضرت خواجہ بزرگ متوجہ بہ نارنول شد۔ و بخدمت شیخ نظام حاضر شد۔ بدید کہ شیخ برفرازِ چار پایہ سرنگوں ومحزون نشستہ است ۔ چوں ایں چنیں مشاہدہ کرد۔ در دل اندیشید کہ ہر آنکس کہ بحالِ خود مبتلا باشد بہ حمایت ومراقبتِ دیگراں چگونہ خواہد پرداخت۔ شیخ بہ نورِ باطن وقوتِ مکاشفہ سر برآورد۔ وفرمود بارے نزدیک بیا۔ کہ فرستادۂ حضرت خدیو مشربِ چشت حضرت خواجہ بزرگ بودۂ۔ حسبِ حال را باندیشۂ بے جا در معرضِ توقف مفگن۔ شیخ اختیار الدین بانتباہِ ایں معنی از خود برفت۔ وباندک نظرِ عطوفت وعنایتِ حضرتِ شیخ از مقبولان وواصلانِ حق گردید۔ وبعد تکمیل کمال وتربیتِ حال خرقۂ خلافت وسندِ ارشاد و اجازت از حضرت شیخ نظام گرفتہ اعزازِ رخصت دریافت۔ وبوطنِ مالوف کہ در حوالی کالپی بود۔ معاودت کردہ در سال یک ہزار و یازدہ ۱۰۱۱ھ برحمتِ حق پیوست۔

خواجہ ضیا بخشیؒ

آپ بدایوں میں گوشۂ گمنامی میں اپنے کام میں مشغول رہتے تھے۔ آپ کی بہت سی تصانیف ہیں۔ جیسے مسلک سلوک، عشرہ مبشرہ، کلیات و جزئیات اور طوطی نامہ آپکی یادگار ہیں۔ منقول ہے کہ آپ سلطان التارکین شیخ حمید الدین ناگوری کے فرزند زادہ و خلیفہ شیخ فرید کے مرید تھے۔ آپ کی وفات کا سال ۷۵۱ھ ہجری لکھا ہے۔ رحمۃ اللہ علیہ

☆☆☆☆☆

شاہ اعلیٰ چشتی پانی پتی

صاحبِ مدارجِ اعلیٰ و مراتبِ برتر بود۔ و خرقۂ خلافت از پدرِ خود شیخ نظام الدین داشت۔ و ہم از شیخ نظام نارنولی خرقہ و خلافت دریافت۔

نظامش پیر و ہم پدرش نظام است

نظامِ دو جہاں بر وے تمام است

و شیخ اللہ دیا مولف ''سیر الاقطاب'' کتابے از ملفوظات و منقولاتِ وے موسوم بہ ''جواہر الاعلیٰ'' جمع نمودہ است۔ نامِ گرامیِ او عبد السلام بود۔ و از خدمت شیخ نظام نارنولی بہ شاہ اعلیٰ چشتی موسوم شد۔

می گویند کہ او بحوالی حظیرہ شیخ شمس الدین ترک پانی پتی درونِ حجرہ معتکف بود۔ بیک ناگاہ پیکرِ شیخ جمال نارنولی پدیدار آمد۔ و گفت کہ حصۂ باطنِ تو محفوظ داشتہ ام۔ در نارنول بیا، و دریاب۔ ہماں دم شاہ اعلیٰ در حالتِ سکر و بے خودی بہ نارنول رسید۔ و فیضِ صوری و معنوی ہر انچہ کہ تقدیرش بود دریافت۔ از شاہ دو پسر بودند۔ شاہ منصور، و شاہ نور۔ اما پیشِ پدر برحمتِ حق پیوستند۔ رحمۃ اللہ علیہ

شیخ اسماعیل چشتی نارنولی

برادر و مرید شیخ نظام است۔ و خلافت و اجازت ہم دارد۔ خواجگی نام فقیرِ بے ریا و صوفیِ با صفا از مریدانِ خدمتِ او ا[illegible] از خوانِ نعمتش بہرہا گرفتہ ذوقِ تازہ و حلاوتِ بے اندازہ یافتہ اند۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

شیخ کمال الدین حسین بن خالد اجمیری ناگوری چشتی

فراواں دانش و بینش داشت۔ از خدمت شیخ ابراہیم اکتسابِ کمالاتِ صوری و معنوی نمودہ خرقۂ خلافت دارد۔ او خلیفہ شیخ عبد العزیز ناگوری است۔ و او خلیفہ شیخ فرید الدین ناگوریست۔ و او از احفاد و خلفائے شیخ حمید الدین سوالی است۔ قدس اللہ اسرارہم۔

چوتھا باب

آستانۂ عالیہ دارالخیر اجمیر کی بنیاد اور بڑی وقدیم عمارتوں کے بارے میں

راجپوتانہ کا ملک، اقلیمِ دوم اور اجمیر کا خطہ، نافِ راجپوتانہ کے نام سے معروف ومشہور ہے۔ ابتداء میں اجمیر کی آبادی جے میر، جے درگ، آدمیر، اجیانگر اور جلوپور کے مختلف ناموں سے موسوم تھی۔ اجمیر کا بانی اجے پال تھا جو بکریاں چرایا کرتا تھا۔ اولاً جس جگہ تعمیر کی بنیاد رکھی تھی وہ پہاڑ تھا جو نال اجے پال سے مشہور ہے۔ اس کے بعد ہندو راجاؤں کے زمانے میں بٹھلی پہاڑ کے دامن میں شہر کی آبادی قائم ہوئی۔

لیکن اب جس جگہ شہر کی آبادی ہے وہ جگہ حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء کے روضۂ منورہ کی تعمیر وتشکیل کے بعد وقار اور زینت پاکر دِن بدن ترقی پارہی ہے۔ خاص طور سے شہر کی دیوار، بازار، رفیع الشان دروازے، محلات، دیوان خانے، امیروں اور اعیانِ سلطنت کے کمرے تھوڑے ہی وقت میں دلفریب نقش ونگار، دلکش انداز کے ساتھ دہلی کے بادشاہ اکبر کے حکم سے درست وتیار اور آباد کئے گئے تھے وہ اپنی نئی آب وتاب اور بے انتہا رونق کے باعث رشکِ شیراز وبغداد بن گئے۔

اور اب چونکہ سلطنتِ برطانیہ کی حکومت وفرماں روائی کا زمانہ ہے اس لئے دوسرا ہی جلوہ نظر آتا ہے۔ بلند عمارتیں، عمدہ مکانات، سڑکیں، دلکش باغ باغیچے، ریل گاڑی کے کارخانے، پانی کے ذخیرے اور چشمے اور دوسری صنعت وحرفت کے سامان کے نظارے جن کو طلسمِ حیرت کے کارنامے کہنا چاہیئے، باریک بیں نقادوں کی آنکھوں کو خیرہ کردیتے ہیں۔ اور پاکیزہ نظر ناظرین کے دلوں کو لبھاتے ہیں۔

صاحبِ ''اخبار الاخیار'' فرماتے ہیں کہ ملکِ ہندوستان میں سب سے پہلے کسی پہاڑ پر دیوار کسی نے بنائی ہے تو وہ بٹھلی کا پہاڑ تھا جو فی الوقت تارہ گڑھ قلعہ کے نام سے مشہور ہے۔

ذکر آستانہ شریف

برخے برآنند کہ خالد از نژادِ معینیہ است۔ تفسیر ''نورالنبی'' کہ جامع فراواں نکات و وجوہ تفاسیر است و اصولِ انوار در تذکرۂ ابرار مشتمل بر بیانِ گزارشِ احوال و انساب مشائخِ چشتیہ معینیہ تصنیفِ او است۔ و در احوالِ خویشتن ہمیں برنگاشتہ کہ پور خالد از کمترین مریدانِ خواجہ بزرگ معین الاولیا است۔ اما از نسبِ خود سخنے نگفت۔ مولانائے عالم کابلی در تذکرۂ خود آوردہ کہ من در اجمیر شیخ عبدالقادر بن شیخ ابوالفتح را کہ نبیرۂ خواجہ معروف بن شیخ حسین بن خالد است۔ ملازمت کردم۔ و از وتحقیقِ نسب نمودم۔ فرمود۔ پدرِ کلانِ [1] ما، بہ چہار واسطہ بہ شیخ حمیدالدین سوالی می رسد۔

مولف

کسے کہ شیخ کمال الدین را از اولاد معین الاولیا خواجہ معین الاولیا پنداشتہ۔ شاید ازیں جہت بودہ باشد کہ از اولاد پاک خواجہ بزرگ ہم یکے شیخ کمال الدین حسن شیخ احمد [2] بود کہ خلف الرشید حضرت نجم الدین بن قیام الدین بابربال است۔ و پیکرِ ایں ماجرا بجہت تجنیس و توحد نام حُلّہ گزارش در برگرفتہ باشد۔ اما شیخ کمال الدین را کہ از مریدانِ شیخ ابراہیم در سلسلۂ خلافت خواجہ تارکین شیخ حمیدالدین صوفی السوالی ناگوری نوشتہ اند۔ الحق از اولاد و احفاد شیخ حمیدالدین صوفی السوالی ناگوریست۔ و ایں گزارش بمہرِ درستی مسجل است۔ چنانکہ مولانائے عالم کابلی در تذکرۂ خود حوالہ داد۔ و نیز ایں معنی از شجرۂ انساب اولاد و احفاد خواجہ تارکین شیخ حمیدالدین بمعرض تصدیق می پیوندد۔ کذافی ''مناقب الحبیب''۔ کمال الدین بن شیخ عبدالقادر بن شیخ ابوالفتح بن خواجہ معروف بن خواجہ مخدوم حسین بن شیخ خالد بن شیخ نظام الدین بن شیخ محمد بن شیخ عبدالعزیز بن شیخ حمیدالدین صوفی السوالی ناگوری۔ قدس اللہ اسرارہم۔

شیخ سعید میانہ چشتی

صاحبِ حال و مردِ باکمال بود۔ در بابِ سماع بیشتر غلبہ داشت۔ نسبتِ

آستانۂ عالیہ کی تعمیر کے ذکر میں صاحبِ ''اخبار الاخیار'' نے فرمایا ہے کہ مخدوم شیخ حسین ناگوری جو ولیِ کامل، عابدِ دوراں وممتازِ زمانہ تھے، اِن کا سلسلۂ نسب چند واسطوں سے حضرت حمید الدین ناگوری جو سلطان التارکین سے مشہور ہیں تک پہنچتا ہے۔ جس زمانہ میں کہ بدنظمی اور افراتفری کا دور تھا اور دار الخیر اجمیر کے اطراف میں بت پرستوں کے غلبہ کی وجہ سے اسلام میں سُستی وخوشامدی جگہ پا گئی تھی اور کفر غالب ہوگیا تھا انھوں نے کئی سال حضرت خواجہ معین الاولیاء کے مزار کی حفاظت ومجاورت میں گذارے۔ اور دنیا وآخرت کی کامیابی حاصل کی۔ اور سلطانِ مانڈو نے ہدیہ اور نذرانہ کے طور پر جو زرِ کثیر انھیں پہنچایا تھا اس سے بلند گنبد تعمیر کیا جو اب بھی مزار پر انکی یادگار ہے۔ اور یہ گنبد جو مزار پر نظر آتا ہے ۸۵۹ھ میں اختتام کو پہنچا۔ اسکے بعد سنہری قمقمے، چاندی کی جالیاں، لکڑی کا پنجرہ جو سچے موتیوں کے نقش ونگار سے آراستہ نظر آتا ہے مختلف زمانوں اور وقتوں میں ان کا اضافہ کیا گیا۔

زمانۂ سلف میں مزار شریف کے گرد لکڑی کا پنجرہ اور جالی جو پرانی اور شکست خوردہ تھی وہ اب حضرت خواجہ حسین اجمیری نبیرہ حضرت خواجہ معین الاولیاء کے مزار کے گرد موجود ہے۔ اور سنہری نقش ونگار جو قبہ شریف کی در ودیوار پر کئے گئے ہیں حضرت خواجہ حسین اجمیری کی بلند ہمتی کا نتیجہ ہیں جو نقش کردہ اشعار سے ظاہر وواضح ہے۔

ابیات

خواجۂ خواجگاں معین الدینؒ ۔۔۔ اشرفِ اولیائے روئے زمیں

خواجاؤں کے خواجہ معین الدین ہیں ۔۔۔ روئے زمین کے اولیا میں اشرف ہیں

در جمال و کمالِ او چہ سخن ۔۔۔ ایں مبیّن بود بحصن حصیں

آپ کے جمال و کمال میں کس کو کلام ہے ۔۔۔ یہ بات مضبوط قلعہ کی طرح روشن ہے

مطلعے در صفات او گفتم ۔۔۔ در عبارت بود چوں دُرِّ ثمیں

آپکی تعریف میں میں نے ایک مطلع عرض کیا ہے۔ ۔۔۔ جو عبارت کے لحاظ سے بیش قیمت موتی کی طرح ہے

اے درت قبلہ گاہِ اہلِ یقیں ۔۔۔ بر درت مہر و ماہ سودہ جبیں

حضرت! آپ کا آستانہ اہلِ یقیں کی قبلہ گاہ ہے ۔۔۔ آپ کے آستانہ پر سورج و چاند پیشانی ملتے ہیں

خادمانِ درت ہمہ رضواں ۔۔۔ در صفا روضہ ات چو خلدِ بریں

ارادتِ او بہ شیخ نظام نارنولی بواسطہ شاہ اعلیٰ چشتی مذکور است۔ وفاتِ او در سال یک ہزار و شصت و ہشت ۱۰۶۸ھ رقم نمودہ اند۔ رحمۃ اللہ علیہ

خواجہ ضیا بخشی

در بداؤں بود۔ و در زاویہ خمول بکارِ خود مشغول۔ تصنیف بسیار داشت۔ مسلک سلوک و عشرۂ مبشرہ و کلیات و جزئیات و طوطی نامہ ازان او یادگار است۔ آوردہ اند کہ وَے مرید شیخ فرید است۔ کہ نبیرۂ و خلیفہ سلطان التارکین شیخ حمید الدین ناگوری است۔ وفاتِ او در سال ہفت صد و پنجاہ و یک ۷۵۱ھ رقم نمودہ اند۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

☆☆☆☆☆

15-1-2013

آپکے در کے خدمت گذار سب جنت کے نگران ہیں	پاکیزگی میں آپکا روضہ خلدِ بریں کی مثل ہے
ذرّہٗ خاکِ او عبیر سرشت	**قطرہٗ آب او چو ماءِ مَعین**
آپکے روضہ کی مٹی کا ہر ذرہ عبیر میں بسا ہوا ہے	اوراسکے پانی کا قطرہ شفاف پانی کے مثل ہے
جانشینِ معین خواجہ حسینؒ	**بہرِ نقاشی او بکفت چنیں**
معین الدین چشتیؒ کے جانشین خواجہ حسینؒ ہیں	جنہوں نے اس کی نقاشی کے لئے یوں کہا ہے
کہ شود رنگ تازہ کہنہ زِ نو	**قبّہٗ خواجہٗ معین الدیں**
	۹۸۷ء

کہ پرانے سے نیا رنگ ہوتا ہے خواجہ معین الدین چشتیؒ کے گنبد کا

کہتے ہیں کہ چند سال قبل جدید نقش و نگار کئے گئے تھے اس میں مذکورہ اشعار مٹا دئے گئے۔ البتہ مذکورہ بالا اشعار کے ثبوتِ نظر کے لئے ''احسن السیر'' مؤلفہ منشی اکبر جہاں کا نسخہ گواہِ عدل ہے کہ معزز مؤلف نے مذکورہ اشعار بچشمِ خود دیکھ کر مذکورہ نسخہ میں درج کئے تھے۔

مشرقی جانب قبہ شریف کی دیوار سے ملا ہوا خوش نما و خوش وضع دالان (بیگمی دالان) ہے جسے جہاں آرا بیگم بنت شاہجہاں نے بنوایا ہے۔ دالان کا فرش رنگا رنگ پتھروں کا ہے تو دیوار و در کا سنگِ مرمر نہایت درجہ عمدہ و پاک و صاف ہے۔ اور اسکی بانی جمیلہ وعفیفہ تھی جو محتاجِ بیان نہیں ہے۔ وہ صاحبِ تصنیف تھی۔ حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء کے ذکر میں ''مونس الارواح'' جمع کی اور آخر میں اپنے ولولۂ محبت اور سچی عقیدت کو بڑی تفصیل سی تحریر کیا اور اپنی نسبت کو روحانیت میں خواجہ معین الاولیاء سے قرار دیا اور خواجہ حسین بن حضرت خواجہ معین الدین رابع نبیرہ حضرت خواجہ معین الاولیاء کی بیعت سے مشرف ہوئی۔

دکن کی طرف روضہ شریف کی دیوار سے متصل مشرقی جانب حضرت بی بی حافظہ جمال بنت خواجہ معین الاولیاء کا قبّہ ہے اسی کے پاس حضرت محترمہ کے صاحبزادوں کی قبریں ہیں جو ایامِ طفلی میں وفات پاگئے۔

دکن کی جانب قبہ شریف کی دیوار سے ملا ہوا ایک چھوٹا گنبد حور النساء بیگم بنت شاہجہاں بادشاہ کا ہے۔ جو عوامی زبان میں چمنی بیگم سے شہرت رکھتی ہیں۔

خواجہ بزرگ معین الاولیاء کی دونوں بیویوں کے مزارات قبہ شریف کے اندر

باب چہارم

در تذکرہ آستانِ عالی و بنائے دار الخیر اجمیر و تعمیرات بزرگ و قدیم

ملک راجپوتانہ از اقلیم دوم، و خطہ اجمیر نافِ راجپوتانہ معروف و مشہور است۔ در آغاز آبادئے اجمیر باسماءِ مختلف موسوم بود۔ جے میرو جے درگ و آدمیر و آجیا نگر و جلو پور۔ بائی اجمیر اجے پال بودہ است کہ چوپانی گوسفنداں می کرد۔ و ابتدأ جائے کہ طرح تعمیر اختیار کردہ بودند۔ درہ کوہ است کہ بہ نال اجے پال شہرت دارد۔ بعد آں بعہد راجگان ہندو نژاد در دامن کوہ بٹھلی آبادیِ شہر استقرار یافت

اما در ینولا جائے کہ آبادی شہرست بعد تعمیر و تدبیر روضۂ منورہ حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء توقیر و تزئین یافتہ و یوماً فیوماً مترقی گشت۔ بالخصوص دیوار شہر و بازار و دروازہائے رفیع الشان و کاخ شاہی و ایوان و اطاق امراء و اعیان سلطنت در اندک زمان بطراز دلفریب و اطوارِ مطبوع بحکم اکبر شاہ بادشاہ دہلی درست و تیار و معمور و ہموار گشتہ بہ صفائی تازہ و رونق بے اندازہ محسود شیراز و بغداد گردیدند۔

والحال کہ زمانِ فرمانروائی و حکومت دولت برطانیہ است جلوۂ دگر بنظر می در آید۔ و تماشائے عمارتہائے عالی و منازل مصفا و شارع و باغ و باغیچہ دلکشا و کارخانہ جات کالسکہ بخار و راہِ آہن و منبع و مخزن آب و دیگر اسباب صنعت و حرفت کہ کارنامۂ طلسم حیرت باید گفت در دیدہ 15-1-2013 ان دقیقہ یاب خیرگی می آرد۔ و دل نظارگیان پاکیزہ نظر از جا می رُباید۔

صاحبِ اخبار الاخیار می فرماید کہ اولاً در ملک ہندوستان بر سرِ کوہے کہ دیوار بنا کردند کوہ بٹھلی بود کہ در زمانِ حال بہ قلعہ تاراگڈھ معروف است۔

ذکر آستانہ شریف

در ذکر بنائے آستانِ عالی، صاحبِ اخبار الاخیار فرمودہ است کہ

دائیں بائیں حجروں میں جو مزار فیض آثار سے مشرقی جانب موجود ہیں اور تحقیق و پایۂ ثبوت کو پہنچ چکے ہیں۔

خواجہ غریب نواز کے قبۂ عالی سے متصل شمالی جانب ایک مسجد ہے جو مسجد جہانگیری کے نام سے مشہور ہے۔ یہ بات تحقیق شدہ ہے کہ جس زمانے میں بت پرست حملہ آور ہو کر اجمیر پر قابض ہو گئے تھے سلطان مانڈو نے دلیرانہ حملہ کر کے اسلام کی بنیاد مستحکم کی۔ یہی مسجد تھی جو تعمیر کی گئی تھی۔ شاید بادشاہ جہانگیر نے بھی ترمیم وتجدید کی ہوگی۔ اسی جگہ سفید صندل بھی پیسا جاتا ہے اسی وجہ سے صندل خانہ کے نام سے بھی مشہور ہے۔

مسجدِ مذکور کے درمیانی حصہ کے بالمقابل مسجد کے صحن کے پاس مشرقی جانب سفید پتھر کا ایک چھوٹا احاطہ موجود ہے۔ احاطہ کے اندر کھلی جگہ میں حضرت شیخ تاج الدین بایزید بزرگ اور انکی ازواج ورشتہ داروں کے سفید پتھر کے مقدس و پاکیزہ مزارات ہیں۔

صندل خانہ مسجد کی دیوار سے متصل شمالی جانب حضرت رفیع الدین بایزید خُرد اور نیک بیویوں کے مزار موجود ہیں۔ قبروں پر چنبیلی کی شاخیں ایسی چھائی ہیں کہ اس کی شکل سبز نقاب کی صورت سے پوری مشابہت رکھتی ہے۔

حضرت بی بی حافظہ جمال کی قبر کے پائینتی کی طرف دہلیز کے دروازے کے صحن کے پہلو میں سنگ سفید کا ایک مجر ہے جس میں حضرت خواجہ معین الدین خُرد اور حضرت خواجہ قیام الدین ببر بال ہٹیلا باگھ کے مزار فیض آثار مرجعِ انام وزیارت گاہِ عوام ہیں۔

نیز دکن کی جانب قبہ (حضرت خواجہ غریب نواز) کے پائینتی کی سمت سفید پتھر کا احاطہ ہے۔ جسے احاطۂ نور کہتے ہیں۔ جس میں دو دروازے ہیں۔ ایک جنوبی سمت ہے جو پا انداز (پائینتی) دروازے کے نام سے موسوم ہے۔ دوسرے کو جو مغربی جانب ہے ملی دروازہ اور جنتی دروازہ کہتے ہیں۔

پائینتی دروازے کے سامنے سفید پتھر کا ایک وسیع صحن موجود ہے۔ املی اور مولسری کے پیڑ، جن کے پھول بے انتہا لطیف اور خوشبودار ہوتے ہیں صحن کی فضا میں بطور سائبان فیض رساں ہیں۔

صحنِ مذکور کے ختم پر دکنی سمت سنگِ سفید کا بلند دالان نہایت عمدہ و دلکش ہے اور دالانِ کرناٹک کے نام سے مشہور ہے۔ اس کی تعمیر رئیس کرناٹک کے حسنِ عقیدت کو ظاہر کرتی ہے۔

مخدوم شیخ حسین ناگوری کہ ولی کامل و مرتاض عہد و ممتاز عصر بود، بچند واسطہ سلسلہ نسب پاکش بحضرت خواجہ حمید الدین معروف بہ سلطان التارکین ناگوری منتہی می شود۔ در آں زمان کہ دور طوائف الملوکی بود واز غلبۂ پیکر پرستاں در نواحی دار الخیر اجمیر مداہنت وسستیِ اسلام دست داد۔ وکفر غالب شدہ۔ سالہا در حفاظت ومجاورت قبر شریف حضرت خواجہ معین الاولیاء گزرانید واکتساب فلاح حال و مآل بدست آورد۔ واز زر کثیر کہ سلطان مانڈو برسم ہدایا وفتوح بااورسانیدہ بود، قبۂ عالی تعمیر کرد کہ ہنوز بر مزار یادگاراست۔ وایں ہمہ معمورہ کہ برسرِ مزار دیدہ می شود، در سال ہشت صد و پنجاہ ونہ باختتام رسیدہ بود۔ وبعد آں قمقمہ طلاء ومشبک نقرہ وپنجرۂ چوبیں کہ بہ نقش ونگار صدف صادق دست نمودہ اند، بہر زمن وقرن مستزاد گردید۔

ودر زمانِ سلف کہ پنجرہ چوبیں ومشبک در گرد مزار شریف کہنہ وشکست خوردہ بود الحال برگردِ مزار حضرت خواجہ حسین اجمیری نبیرہ حضرت خواجہ معین الاولیاء موجود است۔ نقش ونگار طلاء کہ بر در و دیوار قبہ شریف بکار آوردہ اند نتیجہ اولو العزمی حضرت خواجہ حسین اجمیری است۔ کہ از ابیات منقوش ظاہر و باہر است۔

ابیات

خواجۂ خواجگاں معین الدینؒ — اشرفِ اولیائے روئے زمیں

در جمال و کمالِ او چہ سُخن — ایں مبیّن بود بحصن حصیں

مطلعے در صفات او گفتم — درعبارت بود چوں دُرِّ ثمیں

15-1-2013

اے درت قبلہ گاہِ اہلِ یقیں — بر درت مِہر و ماہ سودہ جبیں

خادمانِ درت ہمہ رضواں — در صفا روضہ ات چو خلدِ بریں

جوشاہ عالم بادشاہ سے امیر الہند کے خطاب سے سرفراز ہوئے تھے۔جیسا کہ دالان پر کندہ کئے ہوئے اشعار وقطعات سے ثابت ہوتا ہے۔**ابیات**

در حضورِ خواجۂ ہر دو جہاں — آں معین الدیں شہِ شاہنشہاں
خواجۂ دو جہاں کے حضور میں — وہ معین الدین جو بادشاہوں کے بادشاہ ہیں

چوں امیر الہند کانِ عدل و داد — بحرِ جود و آسمانِ اعتقاد
جیسا کہ امیر الہند جو عدل وانصاف کی کان ہیں — سخاوت کا سمندر اور عقیدت کا آسمان ہیں

یعنی آں نوابِ والا مرتبت — نامِ والا جاہ ، عالی منزلت
یعنی وہ بلند مرتبہ نواب ہیں — جنکا نام والا جاہ ہے اور جو بلند مرتبہ ہیں

کامرانِ ملکِ کرناٹک بود — بندۂ خاصِ خدا بیشک بود
جو کرناٹک کی سرزمین کے حکمراں ہیں — اور جو بے شک خدا کے خاص بندے ہیں

از خلوص نیت و صدقِ عفیف — بر نہادہ کرسی جائے لطیف
(نواب صاحب نے) خلوصِ نیت اور پاکیزہ سچائی سے — دلکش اور شاندار عمارت کی بنیاد رکھی ہے

تا بیاسایند مردم اندریں — موجبِ برکات باشد بالیقیں
تاکہ لوگ اس میں آرام پائیں — جو یقینا برکتوں کا سبب ہوگا

سالِ تعمیرش ز دل کردم طلب — وجد در خود کرد دل ، وا کرد لب
اس کی تعمیر کا سال میں نے دل سے دریافت کیا — دل نے خود ہی وجد میں آتے ہوئے لب کھولکر کہا

سالِ تاریخش بجو در ایں دعا — باد دائم قائم ایں فرّخ بِنا
۱۲۰۷
اس دعا میں اس کی تعمیر کی تاریخ تلاش کرو — یہ مبارک عمارت دائم و قائم رہے

از جلوسِ شاہ پنج و سی طلب
بادشاہ کی تخت نشینی کے ۳۵ سال بعد

شد مرتب در مہِ پاکِ رجب
یہ (عمارت) رجب کے مبارک مہینہ میں مکمل ہوگئی

دالان کرناٹک کے پیچھے جھالرہ کا پشتہ ہے اور جنوب مشرق گوشہ میں میر شاہ قلی خاں کا مقبرہ ہے جو مشہور امیروں میں سے تھا۔اور اجمیر کی صوبہ داری اس سے متعلق تھی۔

ذرّۂ خاکِ او عبیر سرشت　　قطرۂ آب او چو ماءِ مَعین

جانشینِ معین خواجہ حسینؔ　　بہرِ نقاشی او بگفت چنیں

کہ شود رنگ تازہ کہنہ زِ نو　　قبّۂ خواجۂ معین الدیں
۹۸۷ء

گویند کہ پیش از چند سال کہ تجدید نقش ونگار کردہ بودند در ابیات مذکور تحریف نمودہ۔ امّا بنظر ثبوت ابیات مذکورہ بالا نسخہ احسن السیر مولفہ منشی اکبر جہاں گواہ عدل است۔ کہ مولف معزا بیات مذکور بچشم خود دیدہ و درج نسخۂ مسطورہ نمودہ بود۔

جانبِ شرق، ملصق بدیوار قبہ شریف دالان خوشنما و خوش طرح ساختہ جہان آرا بیگم بنت شاہجہاں است۔ فرشِ دالان از سنگِ بوقلموں، و دیوار و دراز سنگِ مرمر بدرجہ غایت لطیف و منزہ تر است۔ و بائ آں جمیلہ عفیفہ بود کہ محتاج شرح و بیان نیست۔ او صاحبِ تصنیف بودہ است۔ مونس الارواح در ذکر حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء جمع نمودہ و بکمال شوق در آخر آں ولولہ محبت و صدق ارادت خود بشرح و بسط در ضبط تحریر آوردہ و نسبت خود بروحانیت حضرت خواجہ معین الاولیاء قرار دادہ و بشرف بیعت خواجہ حسین بن حضرت خواجہ معین الدین رابع نبیرہ حضرت خواجہ معین الاولیاء مشرف بود۔

وبسمت دکن پیوستہ بدیوار روضہ شریف جانبِ شرق قبہ حضرت بی بی حافظہ جمال دختر حضرت خواجہ معین الاولیاء است۔ و پیش آں قبور صاحبزادگان حضرت محترمہ موجود کہ در زمانِ طفلی وفات یافتہ بودند۔

و نیز بصوب دکن ملحق بہ دیوار قبہ شریف گنبد خورد حور النساء بیگم بنت شاہجہاں بادشاہ است کہ بزبانِ عوام بنام چمنی بیگم شہرت دارد۔

و مزارات ہر دو اہلیہ حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء اندرون قبہ شریف حجرہائے یمین و یسار کہ باختر سوے از مزار فیض آثار نمودار اند بہ تحقیق و پایہ

دالان کرناٹک کے پہلو میں مغربی سمت جھالرہ کے پشتہ کے اوپر حضرت خواجہ ضیاء الدین ابوسعید بن خواجۂ بزرگ معین الاولیاء کا مزار ہے۔ اور اس مزار کے پائینتی میں سید حسین خنگ سوار کے چچا سید وجیہ الدین مشہدی کے فرزندِ دلبند کا مزار ہے۔

گنبدِ عالی (حضور غریب نواز) اور جنتی دروازے کی مغربی جانب مسجد شاہجہانی ہے۔ نہایت عظیم الشان، مضبوط بنیاد والی، وسیع سائبان والی ہے۔ جو ہندوستان میں اپنی نظیر نہیں رکھتی۔ صحن، کرسی، چھت ستون سب میں خالص سنگِ مرمر اور نایاب پتھر لگے ہیں۔ ستونوں کی مضبوطی آئین وارکانِ اسلام کی مضبوطی پر مستحکم دلیل ہے۔ محرابوں کا خم اربابِ نیاز کے رکوع وسجود و نماز پر گواہِ عدل ودلیلِ قاطع ہے۔ چھت کی بلندی وقف کرنے والے کے بلند مرتبہ اور خیرات و پاکیزگی کی نشانی ہے۔ منبر کا پایہ جو درمیانی محراب کے پاس بنایا گیا ہے یقیناً وہ حقیقت کا پُل ہے اور عالمِ اسفل کی پستیوں سے یقین کی بلندیوں بلکہ حق الیقین کی معراج تک پہنچا دیتا ہے۔ اس کے علاوہ چاندنی رات میں جب کہ انجم و ماہتاب کی شعائیں اور شمع و چراغ کی زبان فرش کے پتھروں کی چمک دمک کے مقابل و معارض ہوتی ہیں تو رات کو روشن کرنے والے جگنو کا نظارہ اور مختلف نہروں والے ساحل پر چراغوں کا منظر یاد آ جاتا ہے۔ گویا کہ انوار کا سمندر تجلیات کی موجوں سے ٹکراتا ہے۔

سبحان اللہ تعالیٰ شانہٗ ہر پتھر صفائی اور پاکیزگی میں مومن کے دل کی طرح عیب، برائی اور داغ و سیاہی سے خالی اور ظاہر و باطن میں صوفیوں کے طور وطریق کی طرح صاف اور پاکیزہ ہے گویا کہ پتھر کے ہر تختہ نے ذکر سے دلی واقفیت، اجتہاد و اکتساب کیا ہے۔ اور معرفت کے مرتبہ تک پہنچا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ چراغ کی روشنی اسکے سامنے پتھر کے تختہ کی پشت پر ہو بہو و مِن وعَن محسوس و معلوم ہوتی ہے۔ **بیت**

زہے صفاءِ عمارت کہ در تماشایش | نگاہ باز نگردید از در و دیوار

کیا خوب عمارت کی صفائی ہے کہ اس کے نظارہ میں | نگاہ در و دیوار سے ہٹتی ہی نہیں ہے

کلیم ہمدانی نے مسجد کی تکمیل پر ایک قصیدہ لکھا تھا اس میں سے چند اشعار تحریر کئے جارہے ہیں۔

ابیات

ثبوت رسیدہ۔

وجانبِ شمال پیوستہ بدیوار قبۂ عالی مسجد است کہ بہ مسجد جہانگیری اشتہار دارد۔ اما متحقق است کہ دراں زمان کہ پیکر پرستان تاختت آوردہ براجمیر متصرف شدہ بودند۔ وسلطان مانڈو حملہ دلیرانہ بکار آوردہ بنائے اسلام مستحکم کرد۔ ہمیں مسجد است کہ تعمیر کردہ بود۔ شاید کہ بادشاہ جہانگیر ہم چیزے ترمیم وتجدید کردہ باشد۔ درینولا ہمونجا صندل سفید می سایندواز یں جہت بہ صندل خانہ معروف است۔

وپیش صحن مسجد بہ محاذ وسطِ مسجد مذکور احاطۂ کوچک از سنگِ سفید جانب شرق نمودار است کہ درون احاطہ وفضائے آں مرقد ہائے مطہر مقدس حضرت شیخ تاج الدین بایزید بزرگ واز واج واقربائے آں از سنگِ سفید مصلا دارند۔

ومتصل بدیوار صندل خانہ سمت شمال مزار حضرت رفیع الدین بایزید خُرد ومستورات صالحات متحقق است۔ وبرسر قبور شاخہائے یاسمن آنچناں ہجوم آوردہ کہ فضائے آں بصورت نقاب سبز مشابہت گُلّی دارد۔

وجانب پائیں قبر حضرت بی بی حافظہ جمال در پہلوئے دروازہ پا انداز مجر است از سنگِ سفید کہ درونِ آں مزار فیض آثار حضرت خواجہ معین الدین خُرد و حضرت خواجہ قیام الدین ببر بال ہٹیلا باگھ مرجع انام وزیارت گاہِ عوام است۔

ونیز جانب پائیں قبۂ عالی احاطہ از سنگِ سفید است کہ اورا احاطہ نور گویند۔ معمور است بدو دروازہ۔ یکے کہ بسمت جنوب است، پا انداز دروازہ نام دارد۔ ودیگرے کہ بسوئے مغرب 15-1-2013 بہ دروازہ وبہشتی دروازہ۔

وپیش دروازہ پا انداز صحن وسیع از سنگِ سفید نمودار است۔ واشجار تمر ہندی و مولسری کہ گلِ آں در اقصیٰ الغایت لطیف وخوشبو باشد در فضائے صحن بقدر سائبان فائدہ می رساند۔

وبرخط انتہائے صحنِ مذکور سمت دکن دالانِ رفیع کہ از سنگِ سفید است بغایت مطبوع ودلکش۔ وبہ دالان کرناٹک معروف بنائے آں برحسن عقیدت رئیس کرناٹک کہ از شاہ عالم بادشاہ بخطاب امیر الہند ممتاز بود دال است۔ چنانکہ از

دادِ من را حرمت و اجمیر را فیضِ قدم | سرنوشتِ ساکنانش نیست جز حظ اماں
مجھ کو عزت دی، اجمیر کو اپنے قدموں سے فیضیاب کیا | اسکے رہنے والوں کی قسمت میں لطف اماں کے سوا کچھ نہیں
زیں محلِّ فیض ہر حاجت کہ چوں خواہی بخواہ | می تواں صد دستۂ گلبست از یک گلستاں
اس فیض کے مقام سے جو حاجت چاہے مانگ لے | ایک باغ سے سو گلدستے بنائے جا سکتے ہیں۔
مسجدے کانِ کعبہ ثانیست تاریخش بود | کعبۂ حاجاتِ دنیا مسجدِ شاہِ جہاں

۱۰۴۷ھ

ایسی مسجد جو کانِ کعبۂ ثانی ہے اسکی تاریخ یہ ہوئی | دنیا کی حاجتوں کا کعبہ شاہجہاں کی مسجد ہے

دوسرا مادّۂ تاریخ یہ ہے

قبلۂ اہلِ زماں شد مسجدِ شاہجہاں

۱۰۴۷ھ

اہلِ زمانہ کے لئے مسجدِ شاہجہاں قبلہ ہوگئی

مسجد کے دروازوں کی پیشانی پر جو اشعار لکھے ہیں اس سے بھی اشعارِ ذیل بطور منتخب لئے گئے ہیں۔

ابیات

بہ فرمودۂ سایۂ کردگار | چو کرد ایں بنا را قضا اُستوار
بادشاہ کے حکم کی تعمیل میں | جب مقدر نے اس عمارت کو تعمیر کیا
نوشتند تاریخش اہلِ یقیں | بنائے شہنشاہِ روئے زمیں

۱۰۴۷

اہلِ ایمان و یقین نے اس کی تاریخ لکھی | روئے زمین کے شہنشاہ کی عمارت

مسجد شاہجہانی کے پیچھے حضرت خواجہ حسین اجمیری کا مقبرہ ہے اور اس کے اطراف صاحبِ سجادہ کے خاندان کا مدفن معین و مقرر ہے۔ حضرت خواجہ حسین کے قبہ کی تعمیر بے کم و کاست حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء کے قبہ کے مانند ہے۔ البتہ اس قدر زیبائش ونقش و نگار نہیں ہیں۔ قبہ کا بانی شاہجہاں بادشاہ تھا۔ مسجد شاہجہانی کی تعمیر کے زمانے میں قبۂ مذکورہ بھی ۱۰۴۷ھ میں مکمل ہوا تھا۔ قبہ شریف میں پتھر کی تختی پر قطعۂ تاریخ نقش ہے۔ **قطعہ**

شد از توجہ ہادی و مرشدی و معین | بنائے مقبرہ با صفائے خواجہ حسین
میرے ہادی و مرشد معین الدین چشتی کی توجہ سے | خواجہ حسین کا مقدس مقبرہ بنایا گیا

قطعات وابیات کہ برروئے دالان کندیدہ اند متحقق می شود۔ابیات

در حضورِ خواجۂ ہر دو جہاں   آں معین الدیں شہِ شاہنشہاں

چوں امیر الہند کانِ عدل و داد   بحرِ جود و آسمانِ اعتقاد

یعنی آں نوابِ والا مرتبت   نامِ والا جاہ ، عالی منزلت

کامرانِ ملکِ کرناٹک بود   بندۂ خاصِ خدا بیشک بود

از خلوص نیت وصدقِ عفیف   بر نہادہ کرسی جائے لطیف

تا بیاسایند مردم اندریں   موجبِ برکات باشد بالیقیں

سالِ تعمیرش ز دل کردم طلب   وجد درخود کرد دل ، وا کرد لب

سالِ تاریخش بجو در ایں دعا   باد دائم قائم ایں فرخ بنا

۱۲۰۷

از جلوسِ شاہ پنج و سی طلب
15-1-2013

شد مرتب در مہِ پاکِ رجب

وپس پشت دالان کرناٹک پشتہ حوض جھالرہ۔ودر گوشۂ جنوب ومشرق مقبرہ میر شاہ قلی خان است کہ از امرائے نامدار بود۔وصوبہ داری اجمیر بأو تعلق داشت۔

و در پہلوئے دالانِ کرناٹک بسمت مغرب بر فراز پشتۂ حوض

شہنشاہِ دوسرا خواجہ معین الدین　　بلفظ مغز شدہ سالِ خاتمیت ایں
۱۰۴۷ھ

دو جہاں کے بادشاہ خواجہ معین الدین ہیں　　قبہ کی تکمیل کا سال لفظ ''مغز'' سے برآمد ہوتا ہے

قبۂ مذکور کے پسِ پشت جھالرہ حوض کے پشتہ پر اچھے نقش ونگار والی خوبصورت ودلکش سنگِ سفید کی ایک عمارت ہے جو خواجہ حسین اجمیری نبیرہ وسجادہ نشین خواجہ بزرگ معین الاولیاء کے چچازاد بھائی حضرت شیخ علاء الدین کی تعمیر کردہ ہے۔ جو انکے زمانہ میں دیوان خانہ کے نام سے مشہور تھی۔ اور انکی وفات کے بعد انکا مدفن وآرامگاہ بنی۔ چونکہ اس میں سولہ ستون ہیں اسلئے عوام کی زبان میں سولہ تھمبا کے نام سے مشہور ہے۔ تعمیر کے سال کی تاریخ مشرق رویہ محراب پر نقش کی ہوئی اس طرح ہے۔

قطعہ

بنائے مقبرہ بنہاد شیخ علاء الدین　　کہ باد عاقبتِ او بخیر ارزانی

مقبرہ کی بنیاد شیخ علاء الدین نے رکھی　　کہ ان کا خاتمہ بالخیر ہو

جوارِ مرقدِ آں شاہباز عرش نشیں　　کہ زیرِ سپہرِ او بیضۂ مسلمانی

اس عرش نشین شہباز (غریب نوازؒ) کے پڑوس میں　　جنکے زیرِ سایہ اسلامی نور ہے

چو کار در پے اتمامِ سال رفت خرد　　بگفت روضۂ مزیب بخواں بآسانی
۱۰۷۰ھ

جب اسکی تکمیل کے سال کی فکر ہوئی تو عقل نے　　کہا کہ آسانی سے ''روضہ کا زیب دینے والا'' کہو

لنگر خانہ ومطبخ کی مشرقی سمت ایک وسیع ومضبوط عمارت آستانۂ عالیہ کے ملازمین سے متعلق ہے۔ جو فی الحال دفتر تولیتِ اوقاف سے تعلق رکھتی ہے۔ لیکن جس زمانے میں کہ سلطان محمود خلجی نے اجمیر کے اطراف میں اسلام کا جھنڈا بلند کیا، اور کفر کے اندھیرے کو دور کیا۔ حضرت تاج الدین بایزید بزرگ سلطان کے حکم سے مسلمانوں کی تدریس وتلقین میں مشغول رہتے تھے۔ شیخ احمد مجد شیبانی رحمۃ اللہ علیہ اور دوسرے بزرگانِ دین انکے شاگرد تھے۔ مقامِ مذکور صالحین وفقرا کی قیامگاہ کے لئے معیّن ومخصوص تھا۔

اور خانقاہ کے پہلو میں جس جگہ اکبری مسجد ہے وہاں شیخ بایزید کا مسکن تھا۔ اور نقار خانے کے صحن میں معزز شیخ کے خدمت گذار رہتے تھے۔ اور صحن چراغ کے اطراف حجروں میں طلبا سکونت پذیر تھے۔ اور جماعت خانہ کہ جس جگہ اب نواب

جھالرہ مرقدِ پاک خواجہ ضیاء الدین ابوسعید بن خواجہ بزرگ معین الاولیاء۔ ودر پائین آں مزار فرزند دلبند سید وجیہ الدین مشہدی عم سید حسین خنگ سوار است۔

مسجد شاہجہانی بسمت مغرب از قبہ عالی و دروازۂ بہشتی واقع است۔

زہے شانِ رفیع و پایۂ منیع وصفۂ وسیع کہ در اقصائے ہند نظیر خود ندارد۔ از صحن و کرسی و سقف وستون و در ہمہ مرمر ناب وسنگِ نایاب است۔ استحکامِ ستون ہا بر استقامت آئین وارکان دین اسلام برہانِ ساطع۔ وخم محرابہا بر اقامتِ صلوٰۃ و رکوع و سجودِ اربابِ نیاز گواہِ عدل و دلیلِ قاطع۔ رفعت وفراز سقف آیت است از علو پایۂ واقف خیرات ومبرات وقف۔ و پایہ منبر کہ در پہلوئے محراب وسط بنا کردہ اند۔ الحق قنطرہ الحقیقہ است کہ از حضیض عالمِ اسفل بہ اوجِ یقین ومعراج حق الیقین می رساند۔ غیر ایں ہمہ در شب ماہ کہ شعاعِ انجم و ماہتاب وزمانہ زبان شمع و چراغ بہ جلا وضیائے سنگِ فرش معارض ومقابل می شود، نظارۂ کرمک شب تاب وتماشائے چراغان ساحل جوئبار یاد می دہد۔ گوئی کہ قلزم انوار امواجِ تجلیات برمی زند۔

سبحان اللہ تعالیٰ شانہٗ کہ ہر تختۂ سنگ در صفا وجلا ہمچوں قلبِ مومن از عیوب و قبوح داغ وسواد مطلقاً معرّا، و در ظاہر و باطن مثل مشربِ صوفیان صاف طینت منزہ ومصفا۔ گویا ہر تختۂ سنگ از ذکر وقوف قلبی اجتہاد واکتساب نمودہ است۔ و بمرتبۂ معرفت رسیدہ۔ واز یں جہت است کہ روشنی چراغ پیشِ او پس پشت تختہ سنگ ہو بہو من وعن محسوس ومعلوم می شود۔ بیت

زہے صفاءِ عمارت کہ در تماشایش   نگاہ باز نگردید از در و دیوار

کلیم ہمدانی کہ قصیدہ در باب اتمام مسجد نوشتہ بود۔ از وابیات چند ثبت نمودہ شد۔

ابیات

دادمن را حرمت واجمیر را فیضِ قدم   سرنوشتِ ساکنانش نیست جز حظ اماں

سر آسمان جاہ کا سماع خانہ تعمیر کیا گیا ہے مدرسہ کی عمارت تھی۔ اور حضرت شیخ بڑی شان سے تعلیم دیتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ اس جگہ طلباء و علماء کی جماعت تعلیم حاصل کرتی ہے۔ مقامِ مذکور اب بھی جماعت خانہ کے نام سے معروف و مشہور ہے۔

آستانہ عالیہ کی چار دیواری کے باہر مشرقی جانب چھتری دروازہ سے متصل ایک مقام ہے کہ عوام کی زبان پر بادشاہی محل کے نام سے شہرت رکھتا ہے، یہ وہ جگہ ہے جس کے پہلو میں شیخ دانیال کا گھر تھا۔ وہ ملکِ پورب کے تھے۔ حضرت حامد کے مرید تھے۔ جنکا سلسلہ شیخ اخی سراج کے واسطے سے سلطان المشائخ نظام الاولیاء تک پہنچتا ہے۔ اور چونکہ شیخ دانیال کو حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء کی روحانیت سے خاص ارادت و نسبت تھی۔ ایک لمبی مدت آستانۂ عالیہ (حضور غریب نواز) کی مجاورت میں گذار دی۔ اور آستانۂ عالیہ کے قریب سکونت پذیر رہے۔ جیسا کہ انکے کہے ہوئے ہندی اشعار سے واضح ہوتا ہے۔

ابیات

جگ جگ عمر جو حضرت خواجے   حضرت رسول کریم نواجے

دعا ہے کہ حضرت خواجہ کی عمر دراز ہو   حضرت رسولِ کریم ﷺ انھیں نوازیں

دانیال جو پرگھٹ کنیاں   حضرت خواجہ خضر ہست دنیا

اے دانیال یہ حقیقت آشکار کردو   کہ حضرت خواجہ دنیا کے خضر ہیں

اور جس زمانے میں دہلی کا بادشاہ اکبر تخت نشینی کے سترھویں سال اجمیر آیا۔ اس کی بیویوں میں سے ایک کا تولیدِ حمل کا وقت قریب آ گیا تھا۔ اور وہ نقل و حرکت کے قابل نہیں تھیں۔ لہٰذا خیر و برکت کے حصول کے لئے شیخ دانیال کے گھر میں جو عبادت گذاروں میں معزز اور روضۂ شریف اور بقعۂ منیف کے متوسل تھے رکھا گیا تھا۔ اور چونکہ شہزادہ کی پیدائش شیخ دانیال کے گھر میں ہوئی اس لئے شہزادے کو شیخ دانیال کے ہم نام کر دیا گیا اور شیخ دانیال کا گھر چونکہ حرمِ شاہی کے ملازمین کے لئے کافی نہیں تھا۔ تھوڑی مدت میں ایک نیا محل شیخ کے گھر کے برابر بنایا گیا۔

کہتے ہیں کہ ملکہ وضعِ حمل اور ضروری آرام کے بعد جب راجدھانی لوٹ گئی تو

زیں محلِ فیض ہر حاجت کہ چوں خواہی بخواہ   می تواں صد دستۂ گلبست از یک گلستاں

مسجدے کانِ کعبہ ثانیست تاریخش   کعبۂ حاجاتِ دنیا مسجدِ شاہِ جہاں بود

۱۰۴۷ھ

و نیز دیگر مادۂ تاریخ اینست ے

قبلۂ اہلِ زماں شد مسجدِ شاہجہاں

۱۰۴۷ھ

و ابیات کہ برسرِ پیشانی درہائے مسجد نوشتہ اند۔ از وہم اشعارِ ذیل بطریق انتخاب گرفتہ شد۔

ابیات

بہ فرمودۂ سایۂ کردگار   چو کرد ایں بنا را قضا اُستوار

نوشتند تاریخش اہلِ یقیں   بنائے شہنشاہِ روئے زمیں

۱۰۴۷

عقب مسجد شاہجہانی مقبرہ حضرت خواجہ حسین اجمیری۔ و درحوالی آں مدفن خاندان صاحب سجادہ معین و مقرر است۔ تعمیر قبہ حضرت خواجہ حسین بے کم و کاست مانند قبہ حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء است۔ اما آں قدر زیبائش و نگارش ندارد۔ بانیٔ قبہ شاہجہاں بادشاہ بود کہ در زمان تعمیر مسجد شاہجہانی قبۂ مذکور ہم در سال یک ہزار و چہل و ہفت باتمام رسیدہ بود۔ برسرلوح سنگ در قبہ شریف قطعہ تاریخ منقوش است۔

قطعہ

شد از توجہ ہادیِ و مرشدے و معین   بنائے مقبرہ با صفائے خواجہ حسین

مذکورہ محل انعام کے طور پر شیخ دانیال کو دے دیا گیا۔ جب تک معزز شیخ باحیات رہے انکے قبضے و تصرف میں رہا۔ شیخِ مذکور کے انتقال کے بعد گھر اور محل پر مجاور قابض ہو گئے۔

لیکن مؤلف کے خیال میں مجاوروں کا قبضہ کرنا اس وجہ سے تھا کہ شیخ کی وفات کے بعد انکے وارثین میں سے دارالخیر اجمیر میں کوئی نہ تھا۔ اور وہ تجرد کی حالت میں انتقال کر گئے تھے۔ ان کا وطن ملکِ اودھ ہونا ثابت ہے۔ لہٰذا مجاوروں کی جماعت کے بزرگ لوگ جو ملکِ اودھ کے زائرین سے تعلق رکھتے تھے اس خیال سے کہ اگر کوئی شخص شیخ کے ورثہ میں سے ظاہر ہوگا شیخ کا ترکہ اس کو لوٹا دیں گے۔ شیخ کے گھر، محل اور ساز و سامان پر قابض و متصرف ہو گئے۔ اب تک شیخ کے گھر اور شاہی محل کے نشان باقی ہیں۔

شیخ دانیال کا اجمیر میں رہنا ان اشعار کے سبب سے جو اوپر تحریر ہوئے بڑی اچھی طرح ظاہر و واضح ہے۔ شیخ کی حیات و انتقال اور شہزادہ دانیال کی پیدائش کے سنوں سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ نو بادۂ گلشنِ اقبال شہزادۂ دانیال کی پیدائش سے چودہ ۱۴ سال بعد تک شیخ دانیال زندہ رہے کیونکہ شہزادہ کی ولادت کا سال نو سو اسی ۹۸۰ھ اور شیخ کی وفات کا سال نو سو چورانوے ۹۹۴ھ لکھا ہے۔ شہزادہ کی ولادت کی تصدیق طبقاتِ اکبری و اکبر نامہ سے ہوتی ہے اور شیخ دانیال کے احوال کی تفصیل ''معارج الولایت'' و ''خزینۃ الاصفیاء'' میں موجود ہے۔

بعض مجاور جو اپنے آباء و اجداد کا نسب حضرت شیخ سے منسوب کرتے ہیں نامناسب بات ہے۔ یہ بات ٹھیک نہیں ہے۔ صاحبِ ''طبقات اکبری'' اور ''اکبر نامہ'' کے اوراق کو جمع کرنے والے نے شیخ دانیال کو درویشوں اور عبادت گذاروں میں لکھا ہے نہ کہ مقدس آستانہ کے مجاوروں کی جماعت سے۔ اور اگر ثواب و عقیدت کے حصول کی وجہ سے شیخ دانیال کو لفظ مجاورت سے یاد کریں تو بہت زیادہ تعجب کی بات نہیں۔ اس لئے کہ معزز شیخ نے لمبی عمر حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء کی نوازش و انعام کے سایہ میں بسر کی ہے۔ اور عبادت و اکتساب کے زمانے میں آستانۂ عالیہ کے جوار (پڑوس) میں قیام کیا۔ اور عرب کی زبان اور عجم کے محاوروں میں مجاور اس شخص کو

شہنشاہِ دوسرا خواجہ معین الدین　　بلفظ مغز شدہ سالِ خاتمیت ایں

۱۰۴۷ھ

وپس پشت قبہٗ مذکور بر پشتہ حوض جھالرہ مکان خوش طراز ومطبوع وزیبا از سنگ سفید معمرہٗ حضرت شیخ علاء الدین برادر عم زاد خواجہ حسین اجمیری نبیرہ وسجادہ نشین حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء است کہ بزمانِ حیات او بہ دیوان خانہ شہرت داشت۔ وبعد وفات مدفن و مضجعِ او گردید۔ وازیں جہت کہ شانزدہ ستون دارد، بر زبانِ عوام بنام سولہ تھمبہ مشہور است۔ وتاریخ سالِ تعمیر برسرِ محراب شرق رویہ منقوش کردہ انداینست۔

قطعہ

بنائے مقبرہ بنہاد شیخ علاء الدین　　کہ باد عاقبتِ او بخیر ارزانی

جوارِ مرقدِ آں شاہباز عرش نشیں　　کہ زیرِ سپہرِ او بیضۂ مسلمانی

چو کار در پے اتمامِ سال رفت خرد　　بگفت روضۂ مزیب بخواں بآسانی

۱۰۷۰ھ

درسمت مشرق از منزل آش خانہ ومطبخ مکان وسیع وپائیدار متعلق بہ ملتزمان آستانِ عالی است کہ در زمانِ حال بدفتر تولیت اوقاف علاقہ دارد۔ اما درآں ایام کہ سلطان محمود خلج درنواحی مالوہ لوائے اسلام برافراشت وظلمت کُفراز میان برخاستہ بود۔ وحضرت تاج الدین بایزید بزرگ بحکم سلطان در تدریس و تلقین اہالی وموالی اسلام اشتغال می فرمود۔ وشیخ احمد مجد شیبانی رحمۃ اللہ علیہ، ودیگر بزرگانِ دین شاگردِ او بودند۔ مکانِ مذکور بجہت فرودگاہ صلحاء وفقرا معین ومخصوص۔

درینولا جائے کہ مسجد اکبر است در پہلوئے خانقاہ منزل سکونت شیخ بایزید بزرگ بود۔ ودر فضائے صحن نقار خانہ عملہ وفعلہ حضرت شیخ معز اللہ قیام داشتند۔ و

کہتے ہیں جو ہمسائیگی کی خصوصیت سے تعلق رکھتا ہو۔ اور یہ بات بہت ہی بری اور خراب ہے کہ صرف لفظ کے ہم جنس ہونے اور محاورت کے معنی ایک ہونے اور سوائے اس کے سلسلۂ نسب کے الگ ہونے کے باوجود مطابقت میں کوشش کریں اور اپنے لئے شیخ دانیال کی فرزندی کی نسبت ظاہر کریں۔ یقیناً اس بات کی تصدیق کے لئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ''طبقاتِ اکبری'' اور ''اکبر نامہ'' سے شہزادہ دانیال کی ولادت کے تذکرہ کی عبارت لیکر اِن اوراق کا حصہ بنایا جائے۔ جیسا کہ ''طبقاتِ اکبری'' سولہویں سال جلوس کے واقعات میں ہے۔

''اور جب ولادت باسعادت شیخ دانیال کے گھر میں ہوگئی جو کہ شیخِ وقت اور صلاح و فلاح میں ممتاز تھے تو مبارک قدم، صاحبِ اقبال شہزادہ کا دانیال نام رکھا۔''

''اکبر نامہ'' کی منتخب عبارت۔

''دانیال نام کے روضہ شریف کی اشرف نسبت رکھنے والے اور مقدس مقام کے معزز عبادت گذار کہ صلاح وفلاح کا نور جنکی پیشانی سے چمکتا تھا ان کے گھر کو خالی کر کے اس جگہ رکھا گیا تھا۔''

آستانہ عالیہ کے دوسرے احاطہ میں جو کہ بیرونی احاطہ کے نام سے مشہور ہے۔ بڑے میدان کے بیچ میں ایک چھوٹا قبہ ہے جس کو صحن چراغ سے تعبیر کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ جلال الدین اکبر بادشاہ نے چتوڑ کی فتح کی غنیمت میں ایک بڑا چراغ لاکر قبۂ مذکور میں نصب کیا تھا۔ واللہ اعلم بالصواب۔

قبۂ مذکور کے بالمقابل پانی جمع رکھنے کی جگہ ہے لوگ جسے پانی کی سبیل کہتے ہیں۔ سبیل کی دیوار کے نیچے شمالی جانب شیخ ملک فاروقی ادہمی کا مزار ہے۔ اور قبر پر لال رنگ کا تعویذ ابھی باقی ہے۔ سبیل کے صحن میں ایک بہت وسیع چبوترہ ہے۔ اور اسکے ختم پر حجرے اور لنگر خانہ واقع ہے۔

اور صحن چراغ کے مغربی جانب وسیع چبوترہ کے اوپر سماع خانہ بنا ہوا ہے جو نواب سر آسمان جاہ بہادر وزیر نظام دکن کے حسن عقیدت اور راسخ وابستگی کا نتیجہ ہے۔ خوش منظر، دلکش اور دل کشا مقام ہے

در حجرات پیرامون صحن چراغ طالبانِ علم قرار می گرفتند۔ و در جماعت خانہ کہ الحال بجائے آں سماع خانہ نواب سر آسمان جاہ معمور شدہ است۔ منزلِ مدرسہ بود۔ و حضرت شیخ بہ علوشان درس می گفت۔ و بہمیں وجہ کہ در آنجا جماعت طلبا و علما درس می گرفت منزل مذکور بہ جماعت خانہ ہنوز معروف و مشہور بودہ است۔

و بیرون حصن حصین آستانہ عالی جانب بہ شرق متصل بہ دروازہ چھتری مکانیست کہ بر زبانِ عوام محل بادشاہی شہرت دارد۔ و آں جائیست کہ در پہلوئے آں خانۂ شیخ دانیال بود۔ او از ملکِ پورب بودہ است۔ و مرید راجے حامد شدہ بود کہ سلسلۂ ایشاں بواسطہ شیخ اخی سراج بہ سلطان المشائخ نظام الاولیاء می رسد۔ و بجہت آنکہ شیخ دانیال را بروحانیت حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء ارادت و نسبت خاص بود۔ تا مدت دراز بہ مجاورت آستانِ عالی گزرانید۔ و در جوار آستانۂ عالی سکونت داشت۔ چنانچہ از ابیاتِ ہندی کہ نتیجۂ مقالِ اوست بوضوح می پیوندد۔

ابیات

جگ جگ عمر جو حضرت خواجے
حضرت رسول کریم نواجے
دانیال جو پرگھٹ کنیاں
حضرت خواجہ خضر ہست دنیا

و دراں زمان کہ اکبر شاہ بادشاہ دہلی در سال ہفت دہم جلوس بہ اجمیر قدوم آورد۔ یکے از حرم محترم اورا، زمانِ ولادت و وقتِ انکشافِ صبحِ سعادت نزدیک رسیدہ بود۔ و تحمل نقل و حرکت نداشت۔ لہٰذا بنظر حصول خیر و برکت در خانۂ شیخ دانیال کہ از اعز معتکفان ظاہر و منتبانِ باطن روضۂ شریف و بقعۂ منیف بود گذاشتہ بودند۔ و بوجہِ آنکہ مولد شہزادہ بخانہ دانیال بظہور پیوستہ نام شاہزادہ بہ شیخ دانیال ہمنام کردند۔ و بجہت آنکہ خانۂ شیخ برائے عملہ و فعلہ حرم شاہی کفایت نمی کرد۔ در اندک زمان رواق و اطاق نو برابر خانۂ شیخ بنیاد کردند۔

اور نہایت مضبوط، خوش وضع، پسندیدہ، اور پاکیزہ عمارت ہے۔ اس کی تعمیر چونے مٹی کی نہیں ہے۔ بلکہ تمام عمارت لال اور سفید پتھر سے بنی ہوئی ہے۔ اور اسی جگہ حضرت شیخ المشارق والمغارب حضرت خواجہ عثمان اور حضرت خواجہ معین الاولیاء قدس ارواحھم کے عرس کی مجلس منعقد ہوتی ہے۔ سماع خانہ کے شمال مشرقی گوشہ میں چھوٹا دروازہ ہے جو خانقاہ شریف حضرت صاحبِ سجادہ کا راستہ ہے۔ اور سماع خانہ سے متصل مغربی جانب خانقاہِ مذکور ہے۔ اور یہ وہ مقدس و متبرک جگہ ہے جہاں حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء کا غسل جنازہ انجام پایا۔ اور اب صاحبِ سجادہ کی مسند نشینی کے لئے متعین ہے۔ چنانچہ عرس کی رسومات کے ذکر کے تحت باب اول کے آخر میں تفصیل سے لکھا جاچکا ہے۔ خانقاہ شریف کی عمارت کے اطراف میں صاحبِ سجادہ کے ملازمین و وابستگان سکونت پذیر ہیں۔

صحن چراغ کی دائیں بائیں جانب دو بڑی دیگیں خالص تانبہ کی بنی ہوئی ہیں۔ پہلی مغربی جانب بڑی دیگ ہے جسے جلال الدین اکبر شاہ نے چتوڑ کی فتح کے بعد پیش کیا تھا۔ میر علاء الدولہ نے جنکا تخلص کاقی ہے بڑی دیگ کے پیش کرنے کے متعلق کیا خوب تاریخی قطعہ کہا ہے۔

قطعہ

شاہ دین پرور و جمشید سریر	خسروِ عہد محمد اکبر
دین پرور بادشاہ اور جمشید کی طرح تخت نشین	زمانے کے خسرو محمد اکبر نے
ساخت بے شبہ پے فتح چتوڑ	دیگ روئیں تن اژدر پیکر
بنائی بیشک چتوڑ کی فتح کے لئے	اژدہے کے جسم والی تانبہ کی ایک دیگ
بہرِ تاریخ وے از عالمِ غیب	دیگ چیتور کشا شد یکسر
	۹۷۵=۱+۹۷۴

عالمِ غیب سے دیگ چتور کشا (چتوڑ میں فتح کی ہوئی دیگ) میں ایک ملانے سے اس کی تاریخ برآمد ہوئی

مشرقی جانب چھوٹی دیگ ہے جو جہانگیر بادشاہ نے سن ایک ہزار بائیس ۱۰۲۲ھ میں خلوصِ نیت اور فرطِ عقیدت سے نذر کی تھی۔ اور پہلے روز میٹھے چاول پکوا کر بطورِ دعوت فقرا کو پیش کی۔ کہتے ہیں کہ پانچ ہزار لوگ دیگ کے کھانے سے شکم سیر ہوئے تھے۔ مادۂ تاریخ یہ ہے۔ ع

بدنیا باد دایم نعمت دیگ جہانگیری

۱۰۲۲

گویند کہ بعد ازانکہ حرم بادشاہ از وضع حمل وسکون لازمی بمقر دار الخلافہ مراجعت نمود۔ منزلِ مذکور بطریق ایفاءِ انعام بہ شیخ دانیال تفویض کردند۔ وتا آنکہ شیخ معز اللہ در صدر حیات بود قبض وتصرف داشت۔ وپس از ارتحال شیخ مذکور بر خانہ ورواق مجاوران متصرف گشتند۔

اما بزعمِ مؤلف مقابضت مجاوران ازیں جہت بودہ باشد کہ بعد وفات شیخ از ورثۂ او در دار الخیر اجمیر کسے نہ بود۔ واو در حالت تجرید در گذشت۔ و اصلِ وے از ملکِ اودھ متیقن بودہ است۔ لہٰذا صفے از جماعت مجاوران کہ بوکالت زائرانِ ملک اودھ اعتبار داشتند بشرط آنکہ اگر ہیچ کس از ورثۂ شیخ پیدا آید ترکۂ شیخ باُو مسترد نمایند۔ خانہ رواق وساز یراق شیخ در قبض وتصرف آوردند۔ ہنوز از خانۂ شیخ ورواقِ شاہی نشان باقی است۔

وبودن شیخ دانیال در اجمیر از منشاء ابیاتِ او کہ بالا مرقوم شد بوجہِ احسن ظاہر و مبرہن است۔ واز مقابلہ سنواتِ حیات وممات شیخ وتولد شاہزادہ دانیال تا بہ ثبوت پیوستہ کہ شیخ دانیال بعد از تولد نوبادہ گلشن اقبال شاہزادہ دانیال تا بہ مدت چہاردہ سال در صدر حیات کار فرمائی می کرد۔ چنانچہ سال ولادت شاہزادہ دانیال نُہ صد وہشتاد وسال وفات شیخ نہ صد ونود و چہار مرقوم است۔ و در مقدمہ تصدیق ولادت شاہزادہ طبقاتِ اکبری و اکبر نامہ و در باب تفصیل احوال شیخ دانیال نسخہ ”معارج الولایت“ و ”خزینۃ الاصفیا“ گواہ عدل است۔

بعضے مجاوران کہ نسب آباء واجدادِ خود بحضرت شیخ منسوب می نمایند محول بہ خرافت است۔ وایں گزاف [illegible] مسجل نیست۔ صاحبِ ”طبقاتِ اکبری“ وجامع اوراق ”اکبر نامہ“ شیخ دانیال را از ذیل درویشاں ومعتکفاں نوشتہ است۔ نہ از خیل مجاورانِ آستانۂ قدسی مقام۔ واگر بنظر حصول ثواب وارادت شیخ دانیال را بلفظ مجاورت یاد کنند خیلے عجب نبود۔ بجہت آنکہ شیخ معز اللہ عمر دراز در سایۂ نوازش وانعام حضرت خواجہ معین الاولیاء گزرانید۔ و در زمانِ اعتکاف واکتساب در جوارِ آستانِ عالی قیام داشت۔ وبزبانِ عرب ومحاوراتِ عجم مجاور کسے را گویند کہ

دیگِ جہانگیری کی نعمت دنیا میں قائم رہے

لیکن زمانہ کی درازی، استعمال کی زیادتی اور حفاظت کی کمی کی وجہ سے دونوں دیگیں پرانی اور بیکار ہوگئی تھیں۔ یہاں تک کہ سال ایک ہزار دو سو چھیاسٹھ ۱۲۶۶ھ میں خدائی توفیق، وزیر اعظم حکومتِ گوالیار مُلّا مداری کی رفیقِ حال ہوئی اور انھوں نے دوبارہ تجدید کر کے دونوں جہان کی نیکی و بھلائی حاصل کی۔ میر جواہر علی پیرزادہ نے فکرِ تاریخ میں طبع آزمائی کی وہ اس طرح ہے۔

قطعہ تاریخ

صرفِ زر ملا مداری کرد در تجدیدِ دیگ — باد نامش در جہاں روشن بہ مثلِ آفتاب
دیگ کی تجدید میں ملا مداری نے روپیہ خرچ کیا — ان کا نام دنیا میں سورج کی طرح روشن رہے
بخت در مہتہ اگھی چندش نمودہ اہتمام — گفت ہاتف سالِ تاریخش جہاں شد فیضیاب
۱۲۶۶ھ

اگھی چند کے نصیبہ نے اس کا اہتمام کیا ہاتف نے — اسکی سالِ تاریخ کیلئے کہا 'دنیا فیضیاب ہوئی'

نیز نواب مستطاب خورشید جاہ بہادر رئیسِ دکن کے صرفہ سے دونوں دیگوں میں ترمیم و تجدید کی گئی ہے۔

پوشیدہ نہ رہے کہ عرس کے زمانے میں اور اس کے علاوہ اکثر امیر اور مالدار لوگ خلوصِ محبت سے نذر نیاز اور بعض نمود و نمائش کے پیشِ نظر دیگ کا کھانا پکانے کے اہتمام میں بڑا روپیہ خرچ کرتے ہیں۔ بڑی دیگ کا اندازاً خرچ تقریباً دو ہزار روپیہ اور چھوٹی دیگ کا بارہ سو سے زیادہ نہیں ہوتا۔ جب دیگ کا کھانا پک جاتا ہے۔ صبح کی نماز کے بعد دستور کے مطابق کھانے والے مستحقین کھانے کو لوٹنے میں سبقت و جرأت کرتے ہیں۔ اور گرم بھاپ جو دیگ کے سینہ سے باہر آتی ہے لوگوں کے ہاتھ پاؤں کو تکلیف نہیں پہنچاتی۔ اس وقت بڑا خوبصورت منظر دکھائی دیتا ہے۔ اور خوان سے ترک قوم کی لوٹ کا منظر یاد آجاتا ہے۔

شمالی سمت میں صحن چراغ کے مقابل محراب کی شکل میں بلند دروازہ موجود ہے۔ جو داخول کے نام سے مشہور ہے۔ مورخین نے اس کی تعمیر کا آغاز محمود خلجی کی والہانہ عقیدت کا نتیجہ تحریر کیا ہے۔ علاقہ اجمیر کی فتح کے وقت جو راجپوت راجہ مسمی گجادھر سے متعلق تھا اس سے جنگ وجدال

به خصوصیت همسائیگی اعتبار داشته باشد۔ و این معنی بمرتبه غایت زشت و زبون است که محض بوجہِ تجنیس تلفظ و توحد معنی مجاورت ۔ غیر آنکه به موافقت و مغائرت سلاسل انساب التفات نموده باشند۔ خودها را به نسبت فرزندی شیخ دانیال وا نمایند۔ لاجرم بنظر تصدیق مقال مناسب حال است که از طبقاتِ اکبری و اکبرنامه تذکرۂ ولادت شاہزاده دانیال سواد گرفته جزوِ اوراق ہٰذا نموده شود۔ کذا فی ''طبقاتِ اکبری''، وقائع شانزدھم سال جلوس۔

''و چوں ولادت باسعادت در منزل شیخ دانیال که از مشائخ وقت در صلاح و فلاح ممتاز بود شرف وقوع یافته شاہزاده خجسته قدم، صاحبِ اقبال را دانیال نام نہادند۔''

انتخاب از عبارت ''اکبرنامه''

''خانۂ اشرف منتسبان روضۂ منیفه و اعز معتکفان بقعۂ قدسیه دانیال نام که نورِ صلاح و فلاح از ناصیۂ حال او میتافت خالی ساخته درانجا گزاشته بودند۔''

در حصارِ دوم آستانه عالیه که به احاطه بیرونی معروف است در وسط تالار بزرگ قبۂ کوچک است که به صحن چراغ تعبیر کنند۔ گویند که جلال الدین اکبر بادشاه از غنیمت فتوحات چیتوڑ یک چراغانِ بزرگ آورده درونِ قبۂ مذکور نصب کرده بود۔ والله اعلم بالصواب۔

محاذ قبۂ مذکور آبدارخانه است که عوام آب سبیل گویند۔ زیر دیوار سبیل بسمت شمال قبر پاک شیخ ملک فاروقی الادہمی است۔ و بر سر قبر مصلائے سنگِ سرخ ہنوز باقیست۔ و در فضائے آبدارخانه چبوتره وسیع تر است۔ و بر انتہائے آں حجرات و مطبخ آشخانه واقع است۔

و جانبِ غرب از صحن چراغ برفراز صفه وسیع سماع خانه بناء نموده اند که از نتائج حسن اعتقاد و وثوق انقیاد نواب سرآسمان جاه بهادر وزیر نظام دکن بوده است۔

کرنے کے بعد حضرت خواجہ معین الاولیاء کے روضہ کی زیارت سے مشرف ہوکر دروازۂ مذکور کی اجازت دی۔ بلندی تقریباً پچیس گز ہے۔

بلند دروازہ کی شمالی سمت ایک چھوٹا صحن ہے جس کی مشرقی جانب ایک چھوٹے احاطہ میں بڑے چبوترے پر حضرت خواجہ احمد، خلیفۂ مستند حضرت خواجہ معین الاولیا آرام فرما ہیں۔

اور مغربی جانب بہت وسیع اور کثیر العمارت اکبری مسجد ہے۔ لیکن بالکل ویران اور تباہ حال اب چیل کوّوں کا ٹھکانہ ہے۔ حالانکہ اس کی درستی اور آبادی کے لئے بڑی کوشش کرتے ہیں مگر فائدہ نہیں ہوتا۔ اور بزرگوں کا قول اس سلسلہ میں یہ ہے کہ اکبری عمارتوں کی ویرانی اور تباہی کی وجہ اس کے برے اعمال اور اسلام میں سستی کا نتیجہ ہے۔

اور صحن مذکور کی شمالی سمت نقار خانے کا دروازہ ہے کہ اس کے اوپر نقارے بجائے جاتے ہیں۔ اور اس کی تعمیر شہنشاہِ عالم، شاہجہاں کے پُر امن دور میں سن ایک ہزار سینتالیس ۱۰۴۷ھ میں ثابت ہے۔ دروازہ کی پیشانی پر کتبہ یوں نصب ہے۔

کتبہ

بعہد شاہجہاں بادشاہ دیں پرور　زدودہ ظلمت کفر آفتاب دیں یکسر

دین پرور بادشاہ شاہجہاں کے زمانے میں　کفر کی تاریکی دین کے آفتاب کی بدولت بالکل دور ہوگئی

شمالی سمت میں ایک چھوٹا نقار خانہ ہے اور اس کے ختم پر صدر زینہ ہے جس کے دائیں بائیں چراغوں کی بتیاں اور چھوٹے گنبد ہیں۔ اور اسی جگہ آستانۂ عالی کی انتہائی حد ہے۔

شہر کی عمارتوں کا تذکرہ

درگاہ شریف کے زینہ کے سامنے بازار میں مشرقی جانب اچھے طرز و تعمیر کی ایک مسجد ہے۔ اس کی تعمیر حضرت سید محمد سجادہ نشین حضرت خواجہ معین الاولیاء کی مبارک توجہ سے ہوئی تھی۔ اور مسجد کے پیچھے مغربی دیوار سے متصل معزز صاحبِ سجادہ کا مکان واقع ہے۔ منظوم مادۂ تاریخ محراب پر نقش کیا ہوا یوں ہے۔

تاریخ

مکانیست زیبا منظر و دل کش و دل کُشا، و عمارتیست بغایت محکم و خوش طراز و مطبوع و مصفا۔ بنائے آں از اجر و گچ نیست بلکہ ہمہ عمارت از سنگِ سرخ و سفید مملو است۔ و در ہمیں جا مجلس اعراس حضرت شیخ المشارق والمغارب حضرت خواجہ عثمان و حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیا قدس اروا حھم منعقد می شود۔ توئی سماع خانہ جانب گوشہ شمال و مشرق دروازہ کوچک است کہ بہ خانقاہ شریف حضرت صاحبِ سجادہ راہ دارد۔ و متصل بہ عقب سماع خانہ جانب غرب خانقاہ مذکور است۔ و آں جائیست متبرک و مقدس کہ غسل میت حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیا ہمانجا بوقوع آمدہ بود۔ والحال مقام مسند نشینی صاحبِ سجادہ مقرر است۔ چنانچہ بذیل ذکر آئین عرس در آخرِ بابِ اول بشرح و بسط مرقوم شد۔ و در حوالی رواق خانقاہ شریف ملتزمان و منتسبان صاحبِ سجادہ سکونت دارند۔

و در یمین و یسار صحن چراغ دو تا دیگ ہائے بزرگ ساخت مس خالص بودہ اند۔ اول کہ بجانب مغرب است، خیلے بزرگ است۔ و جلال الدین اکبر شاہ بعد فتح چیتوڑ گزرانیدہ بود۔ میر علاء الدولہ متخلص بہ کافی قطعہ تاریخ متضمن بہ گزرانیدن دیگ بسیار خوش گفت۔

قطعہ

شاہ دین پرور و جمشید سریر — خسروِ عہد محمد اکبر

ساخت بے شبہ پے فتح چتوڑ 15-1-2013 دیگ روئیں تن اژدر پیکر

بہرِ تاریخ وے از عالمِ غیب — دیگ چیتور کشا شد یکسر

۹۷۵=۱+۹۷۴

جانب مشرق دیگ خُرد است کہ جہانگیر بادشاہ در سال یک ہزار و بست و دو بخلوص نیت و فرط عقیدت نذر گزرانیدہ بود۔ و بروز اول برنج شیریں پختہ بطریق

اے خوشا دورِ شہنشاہِ جہاں آفاق گیر
کیا ہی خوب ہے دنیا کے شہنشاہ، دنیا کو فتح کرنے والے

دادگر شاہے کہ آمد زیب اورنگِ تقیٰ
منصف بادشاہ کا دور جو تقویٰ کے شاہی تخت کی زیب وزینت کے لئے آیا ہے۔

خسروِ عادل، شہنشاہِ ولی والی کزو
انصاف کرنے والا بادشاہ، شہنشاہ، حاکموں کا حاکم

می ترازد او در و دیوارِ دینِ مصطفیٰ
کہ جو مصطفیٰ کے دین کی در و دیوار کو منقش کر دیتا ہے

ہر کجا شد مسجد و محراب و منبر کو بکو
جہاں کہیں گلی گلی مسجد و محراب و منبر ہوں

خطبہ می خوانند از و واللیل والشّمس الضحیٰ
تو وہاں واللیل والشّمس اور والضحیٰ کے خطبے پڑھے جاتے ہیں

خاصہ آں مسجد کہ نور دیدۂ اہلِ یقیں
اہلِ ایماں کے آنکھ کی روشنی اس مسجد کا خاصہ ہے

قدوۂ اربابِ دیں سید محمد مجتبیٰ
سید محمد مجتبیٰ دینداروں کے پیشوا ہیں

جانشینِ قطبِ ربانی معین الدین کہ او
جو قطبِ ربانی معین الدین کے جانشین ہیں وہ

ہر زماں ہر وقت محبوبِ جنابِ کبریا
ہر زمانے میں اور ہر وقت خدائی دربار میں محبوب ہیں

رونق افزائے گرامی مسندِ پیرانِ چشت
پیرانِ چشت کی مسند کے معزز رونق بڑھانے والے ہیں

زینت آرائے نگاریں نقشِ ایوانِ ہدیٰ
عاشقوں کی زینت کو سنوارنے والے، ایوانِ ہدایت کے نقش ہیں

کرد برپا مایۂ عقبیٰ برائے عالمے
دنیا کے لئے آخرت کا سامان مہیا کر دیا

بلکہ بہر عاصیاں توفیق و فرمانِ نجیٰ
بلکہ گنہگاروں کے لئے توفیق اور نجات کا فرمان دیا

حاش للہ بے تکلف از ملائک بگذرد
حاشا للہ وہ بے تکلف فرشتوں سے گذر جائے گا

ہر کہ باشد اندرو یک لحظہ با ذکرِ خدا
جو شخص اس میں ایک لمحہ بھی ذکر خدا میں مصروف رہا ہو

بود ناجیؔ در پئے تاریخ سال او خرد
ناجیؔ اسکی سال تاریخ کی فکر میں تھا کہ عقل نے کہا

گفت گو 'بیت المقدس نیک زیبا شد بنا'
۱۱۰۴ھ
کہو "مقدس گھر اچھا اور خوبصورت تعمیر ہوا"

قطعۂ دیگر

ساخت چوں سید محمد بہر حق
جب سید محمد نے خدا کے لئے ایک خوبصورت

مسجدے زیبا کہ انّا نسجدٗ
مسجد بنائی تاکہ ہم سجدہ کریں

گفت ہاتف سالِ تاریخِ بنا
حسبۃً للہ ینبت مسجدٗ

دعوت ایثار فقرا کرد۔ گویند کہ پنج ہزار نفر از طعام دیگ شکم سیر گشتہ بودند۔ مادۂ تاریخ اینست ۔ع

بدنیا باد دایم نعمت دیگ جہانگیری

۱۰۲۲

اما بجہت امتداد زمانہ و کثرت استعمال و قلت حفاظت ہر دو دیگہا صورت اندراس پذیرفتہ بیکار شدہ بودند۔ تا در سال یک ہزار و دوصد وشصت وشش ز توفیق الٰہی رفیق حال ملا مداری مدار المہام ریاست گوالیار گردید۔ و او از سرِ نو تجدید پرداختہ صلاح و فلاح دارین حاصل نمود۔ میر جواہر علی پیرزادہ کہ در فکر تاریخ طبع آزمائی کردہ اینست ۔

قطعہ تاریخ

صرفِ زر ملا مداری کرد در تجدیدِ دیگ باد نامش در جہاں روشن بہ مثلِ آفتاب

بخت در مہتہ اگہی چندش نمودہ اہتمام گفت ہاتف سالِ تاریخش جہاں شد فیضیاب

۱۲۶۶ھ

در ینولا نیز بصرف نواب مستطاب خورشید جاہ بہادر رئیس دکن در ترمیم و تجدید ہر دو دیگ کوشیدہ اند

مخفی مباد کہ در زمانِ عرس وغیر آں اکثر اغنیا و امرا بخلوص محبت و نذر و نیاز۔ و بعضے بنظر نمود و نمائش در اہتمام پختن طعام دیگ زرِ کثیر صرف می کنند۔ صرف تخمینی دیگ کلاں قریب بہ دو ہزار و دیگ خُرد از دوازدہ صد متجاوز نباشد۔ چوں طعام دیگ پختہ می شود۔ بعد نماز بامداد بدستوری صاحبِ طعام اہلِ استحقاق در غارت بردن طعام سبقت و جرأت می نمایند۔ و بخار گرم کہ از سینۂ دیگ برمی آید بردست و پائے مردم آسیب نمی رساند۔ در آں وقت تماشائے خوب در نظر می آید۔ و از خوان یغمائے قوم ترک یاد می دہد۔

ہاتف نے تعمیر کے سال کی تاریخ کہی اللہ کے لئے مسجد بنائی گئی سنہ ۱۱۰۴ھ

موتی گڑھ (موتی کٹلا) کے بالمقابل ایک مسجد ہے جس کی تعمیر لال پتھر سے اور فرش بھی پتھر کا ہے۔ وسیع اور خوبصورت عمارت ہے۔ محراب کے درمیان سال تعمیر سنہ ۱۰۵۳ کلمہ طیبہ اور مسجد کے بانی کا نام میابائی کندہ ہے۔

پرانی کوتوالی کے پیچھے منڈوی بازار کے میدان میں مسجد ہے۔ جس کی تعمیر اینٹ چونے سے ہوئی ہے چھت گنبد والی اور صحن بھاری ہے۔ محراب کے بیچ میں عبارت ذیل پتھر کی تختی پر کھدی ہوئی ہے۔ ''اللہ اکبر۔ ایں مسجد را بائی تلوک دی بنت میاں تان سین کلانوت راست کردہ است سنہ ۱۰۶۲'' (اللہ اکبر۔ اس مسجد کو بائی تلوک دی بنت میاں تان سین گویّے نے تعمیر کیا ہے۔ سنہ ۱۰۶۲ھ)

نئے بازار کے ختم پر مشرقی جانب چھوٹا قلعہ ہے۔ صاحبِ منتخب التواریخ نے اکبر بادشاہ کے حکم سے جس قلعہ کی تعمیر کا ذکر کیا ہے وہ یہی ہے۔ اور اب میگزین کے نام سے شہرت رکھتا ہے۔ انگریزی حکومت کے ذمہ داروں کے ابتدائی قبضہ کے دور میں مذکورہ قلعہ جنگی ہتھیاروں کو محفوظ رکھنے کے لئے مخصوص و مستعمل تھا۔ مضبوط، پائیدار، بلند و مستحکم مقام ہے۔

اندرون شہر دہلی دروازہ کے پہلو میں مکمل لال پتھر کی نہایت دلفریب، دیدہ زیب، دلکش مسجد ہے۔ لیکن یہ بات متحقق نہیں ہوئی کہ کس کی تعمیر ہے۔ اس کا طرز تعمیر اور رونق شاہجہانی عمارتوں سے پوری مناسبت رکھتا ہے۔

بلند دروازہ کہ بہ داخول معروف است، محاذ صحن چراغ بہ سمت شمال بشکل محراب نمودار است۔ و آغاز بنائے آں نتیجہ غلبہ اعتقاد سلطان محمود خلجی نوشتہ اند کہ ہنگام فتح دیار اجمیر بعد از آویزش و مالش نمودن قشون راجپوت کہ ریاست آں طائفہ بہ مسمی گجادھر متعلق بود بہ شرف زیارت روضۂ حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیا مشرف گشتہ بہ تعمیر دروازہ مذکور دستورے داد۔ ارتفاع قریب بہ بست و پنج درعہ دارد۔

و بہ سمت شمال بلند دروازہ ، یک صحن کوچک است کہ بسوئے شرقِ آں در یک احاطۂ خُرد بر فراز چبوترہ ٔ بزرگ حضرت شیخ احمد خلیفہ مستند حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء آسودہ است۔

و بجانب مغرب مسجد اکبری است، بسیار وسیع و کثیر العمارت۔ اما ہمہ خراب و ویران، آشیانۂ زاغ و زغن است۔ ہر چند بہ صلاح و آبادیِ آں سعی بلیغ می نمایند الاسود نمی دہد۔ وقول بزرگاں اینست کہ جہت ویرانی و خرابی عمارات اکبری نتیجہ زشتی اعمال و سستی اسلام اوست۔

وبسمت شمال صحن مذکور نقار خانہ است کہ بر سر آں نقارہا می زنند، و بنائے آں در عہد امن مہد شاہنشاہِ آفاق شاہجہاں بادشاہ در سال یک ہزار و چہل و ہفت ثابت است۔ وکتبہ پیشانی دروازہ اینست۔

کتبہ

بعہد شاہجہاں بادشاہ دیں پرور زدودہ ظلمت کفر آفتاب دیں یکسر

وبرخ شمال نقار خانہ خُرد است و برانتہائے آں زینہ صدر کہ در یمین و یسار سرو چراغان وگنبد ہائے خُرد دارد۔ وہمیں جا خط انتہائے آستانہ عالی است۔

ذکر تعمیرات شہر

در بازار پیش زینہ درگاہ شریف جانب مشرق بر فراز سقف مسجد یست خوش طراز و خوش تعمیر کہ بنائے آں بیمن توجہ حضرت سید محمد صاحب سجادہ نشین حضرت خواجہ بزرگ

بیرون شہر شمالی جانب کی عمارتیں

حضرت خواجہ بزرگ کا چلہ

درہ کے پہلو میں جو آنا ساگر گھاٹی کے نام سے مشہور ہے پہاڑی ٹیلے پر خواجہ صاحب کا چلّہ واقع ہے۔ جس زمانے میں کہ حضرت خواجہ معین الاولیاء اجمیر میں تشریف فرما ہوئے تھے اِسی جگہ کنجِ قناعت اور گوشۂ عافیت میں مصروفِ عبادت رہے۔ ایک بڑے پتھر کے نیچے ایک غار حجرہ کی شکل میں موجود ہے۔ اور اس کے ایک کونے میں سخت پتھر کا تخت رکھا ہے۔ کہ جس کو نماز کا تخت بیان کرتے ہیں۔ سن ایک ہزار سینتیس ۱۰۳۷ھ میں دولت خاں کلکٹر مال نے نواب مہابت خاں کے حکم کی تعمیل میں چاروں طرف مضبوط چاردیواری تعمیر کی ہے۔ اور چاردیواری کے دروازہ پر چند اشعار لکھے ہیں۔

اشعار

بزمانِ شہ رفیع القدر
حامیِ شرع و دیں شہاب الدین

عالی مرتبت، دین و شریعت کے محافظ
شہاب الدین کے زمانے میں

رونقِ عدل و جود داد چناں
کہ بنازد ازو زمان و زمین

سخاوت و انصاف کو ایسی رونق دی
کہ اس سے زمین و زماں ناز کرتے ہیں

گشت والی صوبۂ اجمیر
خانخاناں بعزت و تمکین

خان خاناں عزت و وقار کے ساتھ
صوبۂ اجمیر کے حاکم مقرر کئے گئے

پاک دین پاک باز دولت خاں
بود شقدارِ او برسمِ امین

متقی پرہیزگار دولت خاں
اسکے حسب قاعدہ کلکٹرِ مال مقرر کئے گئے

ساختہ ایں مکانِ چلۂ چشت
تا بود یادگارِ او بزمین

اس نے یہ چلۂ چشت نامی مقام بنایا
تاکہ زمیں پر اس کی یادگار رہے

سالِ تاریخ طالبیؔ گفتا
سی و ہفت و ہزار بود سنین

جب اس کی تاریخ طالبیؔ نے کہی
اس وقت سال ایک ہزار سینتیس ۱۰۳۷ھ تھا

معین الاولیا بمعرض وقوع آمده بود وعقب مسجد ملصق بدیوار مغربی مکان صاحب سجادہ معزو واقع است۔ مادہ تاریخ منظومہ کہ برسرِ محراب نقش نمودہ اند اینست۔

تاریخ

اے خوشا دورِ شہنشاہِ جہاں آفاق گیر   دادگر شاہے کہ آمد زیب اورنگِ تقیٰ

خسروِ عادل ، شہنشاہِ ولی والی کزو   می ترازد او در و دیوارِ دینِ مصطفی

ہر کجا شد مسجد و محراب و منبر کو ، بکو   خطبہ می خوانند از وواللیل والشمس الضحیٰ

خاصہ آں مسجد کہ نور دیدۂ اہلِ یقیں   قدوۂ اربابِ دیں سید محمد مجتبیٰ

جانشین قطب ربانی معین الدین کہ او   ہر زماں ہر وقت محبوب جنابِ کبریا

رونق افزائے گرامی مسند پیران چشت   زینت آرائے نگاریں نقش ایوانِ ہدیٰ

کرد برپا مایۂ عقبےٰ برائے عالمے   بلکہ بہر عاصیاں توفیق و فرمانِ نجیٰ

حاش للہ بے تکلف از ملائک بگزرد   ہر کہ باشد اندرو یک لحظہ با ذکرِ خدا

بود ناجی در پئے تاریخ سال او خرد   گفت گو "بیت المقدس نیک زیبا شد بنا"

سنہ ۱۱۰۴ھ

قطعۂ دیگر

ساخت چوں سید محمد بہر حق   مسجدے زیبا کہ انا نسجدٌ

یقیناً بافیض اور بابرکت مقام ہے۔ اور اپنی حالت سے دین اور اسلام کے قوانین کے ابتدائی زمانے کی یاد دلاتا ہے۔ اور چلہ خواجہ صاحب کے نام سے موسوم ہے۔

چلہ خواجہ قطب صاحب

